پاکستان فلاحی ریاست

انجنیئر ارشد نعیم چوہدری

پاکستان فلاحی ریاست

انجنیئر ارشد نعیم چوہدری

پاکستان فلاحی ریاست

مصنف: انجنیئر ارشد نعیم چوہدری

ایوانِ علم و فن لاہور

جملہ حقوق بحق مصنف / ناشر محفوظ ہیں

نوٹ: اس کتاب کا کوئی حصہ مصنف / ناشر کی اجازت کے بغیر شائع کرنا یا سوشل میڈیا پر پوسٹ کرنا ممنوع ہے۔ خلاف ورزی کی صورت میں مصنف/ناشر قانونی کاروائی کرنے کے مجاز ہوں گے۔

ISBN: 978-627-7575-10-6

کتاب : **پاکستان فلاحی ریاست**

مصنف : انجنیئر ارشد نعیم چوہدری

صفحات : 192

ایڈیشن : اوّل (نومبر 2023ء)

ڈیزائن : طارق عزیز

پبلشر : ایوان علم وفن لاہور

پرنٹر : دی فائن گراف پرنٹرز

تعداد : 600

قیمت : (پاکستان میں) 800 روپے

(بیرونِ پاکستان) $ 10US

باب اوّل

- اقرار نامہ 08
- مقدمہ 11
- دوتہذیبوں (مشرق اور مغرب) کا ٹکراو 15
- عالمی لیڈروں اور معاشی ماہرین کی اہم ترین ذمہ داری 18
- ربوٰکا مفہوم 21
- اسلام کا معاشی نظام بمقابلہ سرمایادارانہ اور اشتراکی معاشی نظام 28
- سود/ ربوٰ اور نقد تجارت دو مختلف نظریے ہیں 31
- دوتہذیبوں کے علمبردار 31
- قرض یا ادھار تجارت کا تصور 32
- ربوٰ/سود کا خاتمہ 35
- مسلمانوں کی تباہی و بربادی کا آغاز کیسے ہوا 36
- تحفظ انسانیت کا حکم 38
- رول ماڈلز (نمونۂ حیات) 40
- ربوٰ اور نقد تجارت کا تقابلی جائزہ 43
- سودی نظام کے تخلیق کاروں کا مقصد 46
- سود اور ربوٰ میں فرق 48
- ربوٰ کے خاتمے کا اعلان کیوں ضروری تھا 51
- معاوضہ صرف محنت کا 55
- اسلام میں کمائی کے جن طریقوں کو حرام کیا گیا ہے 58

باب دوم

- قیام پاکستان کا بنیادی مقصد	60
- متبادل نظام اور پاکستان	63
- بنا سود معاشی نظام کیا ہے	64
- آزاد معیشت یا فری اکانومی	65
- ایک ریاست فلاحی ریاست کیسے بن سکتی ہے	67
- تجارت ریاست کا کام نہیں	73
- حل کی طرف پہلا قدم	74
- ٹیکس ہے کیا اور کیوں لگایا جاتا ہے؟	74
زکوٰۃ/ٹیکس لگانے کے مقاصد، بجٹ اور تقسیم	74
- بینکنگ نظام پر ریاست کی اجارہ داری	78
- بنا سود بینکاری نظام! کیسے ممکن ہوگا	80
- اسلامی بینکاری، حقیقت یا دھوکہ	85
- موجودہ اسلامی بینکاری	92
- پاکستان میں مروجہ اسلامی بینکاری نظام کے خلاف "فتویٰ"	93
- بنا سود معاشی نظام کے تحت ملک میں معاشی ترقی کیسے ممکن ہوگی	95
- معیشت کیسے کام کرے گی، اس کے اہم سنگ میل وستون	98
- مارکیٹ یا بازار معیشت میں ریڑھ کی ہڈی	100
- ریاستی قانون کی اہمیت	103
- قیمت کو کس طرح قابو میں رکھا جا سکتا ہے	107

باب سوئم

- متبادل مالیاتی نظام 109

باب چہارم

- (الصّلوۃ یعنی ادارے، اور زکوۃ کا نظام" الصلی " یعنی نماز کا نظام) 122
- صلاۃ کا مقصد کیا ہے اور اسے کون قائم کرتا ہے 127
- صلاۃ کا قیام اور زکوٰۃ کی وجوہات 128
- چند غلط فہمیاں اور درست کرنے کا وقت 137
- عرب ریاستوں کا طرز حکمرانی بادشاہت کیوں ہے 139
- تاجر کی کردار سازی 142
- ریاست کے محاصل 144
- امت کی تشکیل نو 146
- مسلمان، یہودی، نصاری یا صابی 151
- میثاق مدینہ 153
- عقل والے کون ہیں 164
- ہدایت کے غیر مستحق کون لوگ ہیں 164
- سول سوپریمیسی کا خواب کیسے پورا ہوگا 165
- حمد باری تعالیٰ۔ اللہ تعالیٰ کی تعریف اللہ کی زبانی 170
- حوالہ جاتی کتب 173
- مذہبی اقدار بمقابلہ معاشی مفادات 174
- یہودی اور عیسائیوں کی مشترکہ سوچ اور بین الاقوامی معاشرتی سیاسی مسائل 179
- فیڈرل ریزرو بینک کی تاریخ اور تخلیق 179

باب اول

اقرار نامہ

جب اپنا قافلہ عزم و یقین سے نکلے گا،
جہاں سے چاہیں گے راستہ وہیں سے نکلے گا،

مجھے یقین ہے کہ اگر حکم رب العزت کا ہو اور طریقہ رسول اللہ ﷺ کے فرمان کے مطابق اختیار کیا جائے تو ہر مخلصانہ کوشش اور اخلاق و اخلاص سے کیئے گئے ہر عمل کی کامیابی بھی یقینی ہو جاتی ہے اور میں اس بات کا بھی اعتراف کرتا ہوں کہ میں معاشیات ، قرآن و حدیث اور فقہ کا ماہر تو نہیں ہوں لیکن بحیثیت انجینئر اور ایک پڑھا لکھا انسان ہونے کے ناتے میں اللہ تعالیٰ کی مقرر کردہ حدود کے اندر رہتے ہوئے اپنی اجتہادی بصیرت و تخلیقی سوچ بھی رکھتا ہوں اور بحیثیت طالبعلم درستی علم کی تلاش میں سرگرداں رہتا ہوں۔ اللہ تعالیٰ کا قرآن مجید میں ارشاد ہے کہ " قرآن کریم تمام انسانوں کے لئے ہدایت اور مشعل راہ ہے " لہٰذا میں نے بھی قرآن کریم کی تعلیمات پر غور و فکر کرنا شروع کیا ہے لیکن کوئی عالم دین ہونے کا دعویٰ نہیں کر رہا ہوں اور نہ ہی کسی کو چیلنج کر رہا ہوں۔ بلکہ ایک طالبعلم کی حیثیت سے عجز و انکساری کے ساتھ اپنے رب العزت کے سامنے دعاگو ہوں کہ وہ مجھے سیدھے راستے پر چلنے کی ہمت و توفیق اور رہنمائی عطا فرمائے آمین ثم آمین۔

جیسے علامہ اقبالؒ نے فرمایا:

قرآن میں ہو غوطہ زن اے مرد مسلماں

اللہ کرے تجھ کو عطا جدت کردار

جو حرف قل العفو میں پوشیدہ ہے اب تک

اس دور میں شائد وہ حقیقت ہو نمودار۔

آخر میں میں اپنے انتہائی قریبی دوست محترم جناب منظور احمد، جناب مفتی امداداللہ محمود فرید، مفتی سہراب احمد اشرفی، جناب مفتی اختر اورکزئی، جناب طارق مشتاق، جناب باور حسین، جناب محمد منیر احمد، جناب رئیس احمد اور بیٹے علی ارشد، ولید ارشد کا شکریہ ادا کرنا بھی ضروری سمجھتا ہوں۔

میں اس بات کا بھی اعتراف کرتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ کی مدد کے بعد اور ان دوستوں کے تعاون کے بغیر اس کتاب کی تدوین وترتیب میرے لئے ممکن نہیں تھی۔ خصوصی طور پر میں شکر گزار ہوں جناب رانا محمد طارق صاحب کا جنہوں نے اس مسودے کو املا کی غلطیوں سے نہ صرف پاک کیا بلکہ بہت ہی عمدہ اور مفید مشوروں سے میری راہنمائی بھی فرمائی۔ میں دل کی اتھا گہرائیوں سے اپنی زوجہ شاہین ارشد اور بیٹی اریج ارشد کا بھی بے حد ممنون و مشکور ہوں جنہوں نے نامساعد حالات میں بھی صبر و تحمل کا مظاہرہ کیا اور میرے لئے سازگار ماحول اور شکم سیری کا بھی خوشی سے خوب اہتمام کیا اور اس کتاب کی تکمیل کو ممکن بنایا۔

پاکستان فلاحی ریاست

شب گریزاں ہو گی آخر جلوہ خورشید سے

یہ چمن معمور ہو گا نغمہ توحید سے

خیر اندیش اور دعاؤں کا طالب

ارشد نعیم چوہدری اکتوبر 4۔ 2023۔ کویت

فون: 98505844   965+

Email: arshadnaeemch@gmail.com

پاکستان فلاحی ریاست

مقدمہ

اعتراف

اس کتاب (پاکستان فلاحی ریاست) کو لکھنے کا مقصد اپنے اہلِ علم بزرگوں کی کاوشوں کو دل کی اتھا گہرائیوں سے خراج تحسین پیش کرنا اور ان کے علمی سرمائے وفکر سے مستفید ہونا، اپنی اصلاح اور ان کی تعلیمات کی روشنی میں اپنے خیالات کا اظہار کرنا مقصود ہے۔ دوسرا قرآن پاک کا ایک طالب علم ہونے کی حیثیت سے جو کچھ غور و فکر کیا اور سمجھا کہ اللہ تعالیٰ نے ربٰو کی مخالفت و ممانعت کن وجوہات کی بنا پر اور کیوں فرمائی ،اس کے اظہار کے لئے یہ کتاب ایک کوشش ہے۔ میں اپنی اس کوشش میں کہاں تک کامیاب رہا یہ قاری کے اخلاق و اخلاص اور اس کی تنقیدی نظر پر منحصر ہے۔ جہاں پر کوئی غلطی نظر آئے وہ میری غلطی متصور کی جائے اور نشاندہی فرما کر میری اصلاح و رہنمائی فرمائیں۔

شروع کرتا ہوں عظیم اور دائمی رحمتوں والے اللہ تعالیٰ کے نام سے:

اے اہل نظر، ذوق نظر، خوب ہے لیکن

جو شے کی حقیقت نہ دیکھے وہ نظر کیا۔علامہ اقبالؒ

قرآن میں متعدد مقامات پر اللہ تعالیٰ نے فرمایا ترجمہ " زمین کا و آسمان اور ان کے درمیان کی ہر چیز اللہ تعالیٰ کی ملکیت ہے اور اسی کی طرف لوٹتا ہے۔" (المائدۃ۔18،یونس۔66،68)۔

جس طرح ہوا، پانی، روشنی وغیرہ پر اللہ تعالیٰ کی حاکمیت تسلیم شدہ بات ہے من و عن زمین پر بھی اللہ تعالیٰ کی حاکمیت کو تسلیم کرنا ہو گا اور اس کے لئے زمین پر سے شخصی قبضے کو ختم کرانا ضروری ہو گا۔ جس کے لئے ہم اللہ کے فضل و کرم سے اس منزل کی طرف رواں دواں ہیں۔

عراق اور شام کی فتوحات کے بعد حاصل ہونے والی زرعی زمینوں کی تقسیم کا معاملہ:

حضرت عمر رضی اللہ وعنہ کے دور میں عراق اور شام کی زرخیز زمینیں فتح ہوئیں تو ان فتوحات کے بعد یہ مطالبہ بڑھتا گیا کہ زمینیں فوج میں تقسیم کر دی جائیں۔ اس لئے کہ یہ مال غنیمت ہے جس نے تنازعے کی صورت اختیار کر لی۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ اور ان کے سنجیدہ و جہاں دیدہ مشیروں کی مجلس میں فتح شدہ علاقوں کی زمین پر شخصی قبضہ دینے کی اجازت اور مسلمان فوجیوں میں جائیداد تقسیم کرنے پر رضامندی ظاہر کرنے سے پہلے، حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے دو نامور ساتھیوں عثمان ابن حنیف رضی اللہ عنہ اور حذیفہ ابن الیامان کو عراق میں سعود کی سرزمین کا سروے کرنے کے لئے مقرر کیا۔ اور انھیں گہری نصیحت کرتے ہوئے فرمایا کہ لوگوں کو ان کی دولت کی سطح ،ان کی زمین کی زرخیزی، درختوں کی زرخیزی اور سبزیاں جو ان کی زمین پر پیدا ہوتی ہیں ان کے مطابق تخمینہ لگایا جائے۔

تجاویز آنے کے بعد مسلمان فوجیوں میں خارجی اراضی تقسیم نہ کرنے کے فیصلے میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ اور اس کے ساتھ متفق افراد سیکیورٹی کے متعدد فوائد حاصل کرنا چاہتے تھے۔ ان فوائد کو دو قسموں میں تقسیم کیا جاسکتا ہے:

داخلی فوائد اور خارجی فوائد۔ ریاستی تحفظ کو ملحوظ خاطر رکھتے ہوئے مسلمانوں کو دولت پر لڑنے سے روکنا بھی ضروری تھا اس لئے اس بات کو یقینی بناتے ہوئے کہ تمام ملک میں مسلمان شہریوں کی ضروریات کی فراہمی کے لئے کافی آمدنی موجود رہے اور آنے والی نسل کے مسلمانوں کے لئے محصول کے وسائل کو محفوظ بنایا جانا مقصود تھا۔ دوسری قسم کے تحفظ کے سب سے اہم فوائد میں مسلم سرحدوں کی حفاظت کے لئے کافی رقم مختص کرنا تھی۔ طرفین کے دلائل سننے کے بعد حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ "جس بات کا مجھے آج اندازہ ہوا ہے اگر اس کا پہلے سے اندازہ ہو جاتا تو میں کبھی تاخیر نہ کرتا اور بلاشبہ ارباب ثروت کی فاضل دولت لے کر فقراء مہاجرین میں بانٹ دیتا"۔ (محلّی ابن خرم ج6، ص158، مسئلہ 725)۔

حضرت ابو عبیدہ رضی اللہ عنہ اور تین سو صحابہ (رضی اللہ عنہ) سے متعلق یہ روایت صحت کو پہنچ چکی ہے کہ ایک موقع پر جب ان کا سامان خورونوش ختم کے قریب آ لگا تو حضرت ابو عبیدہ رضی اللہ عنہ نے حکم دیا کہ جس کے پاس جس قدر سامان موجود ہے وہ حاضر کرو اور پھر سب کو جمع کر کے ان سب میں برابر تقسیم کر کے سب کی قوت لا یموت کا سامان کر دیا۔ "(محلّی ابن خرم ج6، ص158، مسئلہ 725)" حضرت علی

رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ " اللہ تعالیٰ نے اہل دولت کے اموال پر ان کے غریبوں کی معاشی حاجت کو بدرجہ کفایت پورا کرنا فرض کر دیا ہے پس اگر وہ بھوکے ننگے یا معاشی مصائب میں مبتلا ہوں گے وہ محض اس لئے کہ اہل ثروت اپنا فرض ادا نہیں کرتے اور اس لئے اللہ تعالیٰ ان سے قیامت کے دن بازپرس کرے گا اور اس کوتاہی پر ان کو عذاب دے گا" (محلّی ابن خرم ج6، ص158، مسئلہ 725)۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی اہل رائے سے مشاورت اور آپ کی اجتہادی بصیرت نے فیصلہ دیا کہ " خالق کائنات نے کائنات کے آغاز و انجام کا جو "تکوینی نظام" بنایا ہے اس کا تمام تر تعلق صرف اپنی ذاتِ "احدیت " کے ساتھ رکھا ہے اور اس میں کسی دوسرے کے دخل کی مطلق گنجائش نہیں ہے اور نہ ہی اس علم کا ہم کو مکلّف بنایا گیا ہے۔ دوسرا" نظام تشریعی" ہے جو پہلے انسان سے لے کر آخری انسان تک کی فلاح و بہبود کا ضامن و کفیل ہے پس یہی وہ نظام ہے جس کا انسان مکلّف ہے۔ درجات معیشت میں فطری حد تک تفاوت کے باوجود حق معیشت میں تمام کائنات انسان مساوی اور برابر کی شریک ہے کسی صاحب ثروت کی دولت وثروت غریبوں کی غربت میں اضافہ کرنے کے لئے نہیں ہے بلکہ اللہ تعالیٰ کی وہ امانت ہے جو اجتماعی نظام کے تحت غربا و مساکین کی غربت و مسکنت ختم کرنے کے لئے استعمال ہونی چاہئے۔ اگر ارباب ثروت ایسے عادل نظام کو منظور نہ کریں تو پھر اللہ تعالیٰ کے نائب (خلیفہ) کا فرض ہے کہ وہ اسلام کے " اجتماعی معاشی نظام" کے مطابق ارباب ثروت کو قانوناً اس پر مجبور کرے اور اگر بیت المال کا مالیہ کافی نہ ہو تو اہل دولت کے سرمایہ سے بہ جبر حاصل کر کے "حق معیشت کی

مساوات " کو بروئے کار لائے خواہ وہ اہل دولت اپنے مال میں سے تمام " عائد شدہ مالی فرائض و حقوق ادا کر چکے ہوں۔") اس طرح عدل کے تقاضے پورے نہیں ہو ں گے لہٰذا آج سے یہ سب زمینیں ریاست کی ملکیت ہو نگی اور موروثی لوگ مذارعین کی حیثیت سے کام کرتے رہیں گے البتہ ریاست لگان وصول کرے گی جو ریاست کے خزانے میں جمع ہوں گے اس سے ریاست کے وہ شہری جو جنگ میں شریک نہ ہو سکے ان کی دیکھ بھال کی ذمہ داری بھی ریاست پر ہو گی ۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے اس فیصلے نے نہ صرف جاگیرداری نظام کی جڑ کاٹی بلکہ یہ بھی طے کر دیا کہ تمام انسانوں کی عقلیں مل کر بھی قرآن وسنت سے باہر جا کر فیصلے اپنی مرضی کے نہیں کر سکتیں اور یہ بھی طے کر دیا گیا کہ اجتہاد اگر عدل وانصاف کے بغیر ہو گا تو وہ بھی نا قابل قبول ہو گا۔

=========

دو تہذیبوں (مشرق اور مغرب) کا ٹکراو

یہ قانون فطرت ہے کہ جب کوئی بھی عمل اپنی حد تقلیل کو پہنچتا ہے تو وہ اپنے آپ تباہ ہو جاتا ہے یا دوسرے کو تباہ کر دیتا ہے۔ میرے نزدیک " سوچ کا دھارا" ایک بہتا ہوا دریا ہے اور اس دریا کو بہتے ہی رہنا چاہیے کیونکہ سوچ کا دھارا بند گلی میں داخل کرنے والے معاشرے ہمیشہ تباہ ہو جاتے ہیں۔ عمومی طور پر سوچ کسی بھی معاشرے کے رسم و رواج اور عادات واطوار سے پروان چڑھتی ہے جو ان کی ثقافتی اور معاشرتی زندگی کی عکاس ہوتی ہے۔ اس وقت المیہ یہ ہے کہ ایک طرف ہمارے اکثر اہلِ علم نوجوان جو مغرب سے معاشیات کا علم حاصل کر کے لوٹتے ہیں ان کی سوچ اسی

علم کی بنیاد پر قائم ہوتی ہے اس لئے وہ نوجوان اپنے مغربی و سودی معاشی علم کی روشنی میں اپنے معاشرے کو مستفید کرنا چاہتے ہیں وہ اپنے علم اور تجربے کی بنیاد پر ملک و قوم کی خدمت کرنا چاہتے ہیں بس، لیکن کیسے کریں؟۔

دوسری طرف وہ اہل علم نوجوان ہیں جنہوں نے معاشی علم بیرونی جامعات سے حاصل کیا یا مقامی جامعات سے حاصل کیا دونوں برابر ہیں کیونکہ علم معاشیات کا نصاب تو ایک ہی ہے اس لئے ان کی سوچ میں کوئی تبدیلی رونما نہیں ہو رہی ہے اگرچہ وہ مقامی ماحول، رسم و رواج اور عادات و اطوار میں ہی پروان چڑھتے اور علم سیکھتے اور سکھاتے ہیں۔ دنیا کے کسی مسلمان معاشرے میں یہ سودی نظام کسی صورت بھی قابل قبول نہیں ہے کیونکہ مسلمانوں کو قرآن کریم کی تعلیمات کے مطابق اچھی طرح معلوم ہے کہ مسلم معاشرے میں ہی نہیں بلکہ یہ کہنا بھی غلط نہیں ہو گا کہ پوری دنیا میں امن و سکون کا حصول معاشی مساوات (اشتراکی) سے نجات کے بغیر ممکن نہیں جو صرف اور صرف سود سے پاک معاشی نظام میں پنہاں ہے۔ سرمایہ دار سود کا نظام پسند کرتے ہیں جس سے سرمایہ دار تو امیر سے امیر تر ہوتا جاتا ہے لیکن معاشرے کا عام انسان غربت و افلاس کی چکی میں پس کر رہ جاتا ہے۔ لہٰذا پوری دنیا میں اگر یکساں سرمایہ دارانہ معاشی نظام اور یکساں معاشی تعلیمی نظام ہو گا تو اس سے انسانوں میں مقابلے کی فضا ختم ہو جائے گی اور اس سے انسانی سوچ جمود کا شکار ہو جائے گی۔

اس لئے حقیقت میں دونوں تہذیبوں (مشرق اور مغرب) کو معاشی نظام کی پسند اور نا پسند نے ایک دوسرے کے بارے شکوک و شبہات اور غلط فہمیوں میں اس قدر مبتلا کر دیا ہے کہ آج یہ دونوں تباہی کے اس دہانے پر آ کھڑے ہوئے ہیں جہاں سے ان کی

واپسی بہت ہی مشکل نظر آتی ہے لیکن ناممکن نہیں۔ اس صورت حال نے اب انسانیت کے سامنے سوال کھڑا کر دیا ہے کہ اس ٹکراؤ کو کس طرح سے روکا جائے؟

دو تہذیبوں (مشرق اور مغرب) کے ٹکراو سے بچنے کا ممکن حل!

بانی پاکستان قائد اعظم محمد علی جناح ایک جہان دیدہ اور مدبر سیاست دان نے خرابی صحت کے باوجود سٹیٹ بینک کے افتتاح کے تاریخی موقع پر فرمایہ کہ "پاکستان نے یکم جولائی 1948 کو سٹیٹ بینک قائم کر کے مستحکم معیشت کی بنیاد رکھ دی ہے اس وقت مغربی اقتصادی نظام نے تقریباً ناقابل حل مسائل پیدا کر دیئے ہیں اور ہم میں سے اکثر کو یہ محسوس ہوتا ہے کہ شائد کوئی معجزہ ہی دنیا کو تباہی سے بچا سکے جس کا اسے اس وقت سامنا ہے۔ یہ افراد کے مابین انصاف کرنے اور بین الاقوامی سطح سے ناچاقی کو دور کرنے میں ناکام ہو گیا ہے۔ اس کے علاوہ گزشتہ نصف صدی میں دو عالمی جنگوں کی زیادہ تر ذمہ داری بھی اسی کے سر ہے۔ مغربی دنیا اس وقت اپنی میکانکی اور صنعتی اہلیت کے باوصف جس بدترین ابتری کا شکار ہے وہ اس سے پہلے تاریخ میں کبھی نہ ہوئی ہو گی۔ مغربی اقدار، نظریے اور طریقے، خوش و خرم اور مطمئن قوم کی تشکیل کی منزل کے حصول میں ہماری مدد نہیں کر سکیں گے۔ ہمیں اپنے مقدر کو سنوارنے کے لئے اپنے ہی انداز میں کام کرنا ہو گا اور دنیا کے سامنے ایک ایسا اقتصادی نظام پیش کرنا ہو گا جس کی اساس، انسانی مساوات اور معاشرتی عدل کے سچے تصور پر ہو۔ اس طرح سے ہم مسلمان کی حیثیت سے اپنا مقصد پورا کر سکیں گے اور بنی نوع انسان تک پیغام امن پہنچا سکیں گے کہ صرف یہی اسے بچا سکتا ہے اور انسانیت کو فلاح و بہبود، مسرت و شادمانی سے ہمکنار کر سکتا ہے" (184 قائد اعظم کا نظریہ ریاست)۔

عقل اور منطق اس کا حل یہ بتاتی ہے کہ سود اور بلا سود معاشی نظام جن کے بنیادی عقائد میں کوئی 180 ڈگری کا فرق ہے اس فرق کو برقرار رہنے دینا چاہیے لہٰذا ان دونوں تہذیبوں کو ان کا اپنا اپنا حق ملنا چاہیے اور ان کو ان کی مرضی کے نظام پر چھوڑ دینا چاہیے بالکل ویسے ہی جیسے ریل گاڑی کی دو پٹڑیاں ساتھ ساتھ رہتے ہوئے بھی بغیر ٹکرائے مسلسل چلتی رہتی ہیں اسی طرح اس معیشت کی ٹرین کے ذریعے سے لاکھوں انسانوں کو سہولت مہیا کی جا سکتی ہے اگر ان دونوں تہذیبوں کو اپنی اپنی مرضی کے معاشی نظام (سود یا بنا سود) کا تعین خود ہی کرنے دیا جائے تو ان دونوں تہذیبوں کو بڑی آسانی سے کسی بھی قسم کے تصادم سے بچایا جا سکتا ہے۔

===========

عالمی لیڈروں اور معاشی ماہرین کی اہم ترین ذمہ داری!

دنیا کے موجودہ تمام اہل علم لیڈروں اور معاشی ماہرین کی اہم ترین ذمہ داری ہے کہ انسانیت کو حق خودارادیت کا موقع فراہم کریں جس کا وہ دعویٰ کرتے ہیں۔ ہمارے اکثر معاشی ماہرین ان دونوں معاشی نظاموں (سود یا بنا سود) میں موازنہ کرتے نظر آتے ہیں "کیا سیب اور مالٹے کا موازنہ کیا جا سکتا ہے"؟۔ اسی طرح یہ کیسے ممکن ہو سکتا ہے کہ اللہ تعالیٰ کے دیئے ہوئے معاشی نظام کا چند انسانوں کے بنائے ہوئے معاشی نظام سے موازنہ کیا جائے۔

اب یہ تو واضح ہو چکا ہے کہ انسانوں نے دنیا میں دو معاشی نظام متعارف کروائے اور یہ دونوں نظام ناکام ثابت ہوئے جس میں ایک سرمایاداری نظام ہے جس کا مرکزی

خیال مکمل آزادی اور دوسرا کیمونزم (اشتراکی) نظام ہے جس کا مرکزی خیال مکمل مساوات پر محیط ہے۔ یہ دونوں بڑی اہم انتہائیں اور حدود ہیں بنیادی طور پر دونوں نظام (سرمایادارانہ سوچ اور اشتراکی سوچ) معاشرے میں انتہا پسندی کے رجحانات اور جذبات کو جنم دیتے ہیں۔اس کے برعکس دین اسلام ایسے سرمایادارانہ اور اشتراکی سوچ کے حامل معاشی نظام کو انسانیت کے لئے انتہائی خطرناک تصور کرتا ہے کیونکہ خالق کائنات نے انسانیت کی بھلائی ایسی معاشی مساوات میں رکھی ہے جو عدل و انصاف پر مبنی ہو ۔ جس میں ہر انسان کو عدل وانصاف کی بنیاد پر مساوی معاشی حقوق و روزگار کے مواقع میسر ہیں۔ اس لئے ان تینوں نظاموں کا الگ الگ تنقیدی نقطہ تو لیا جاسکتا ہے مگر موازنہ نہیں کیا جاسکتا کیونکہ پہلے دو نظاموں کی بنیادیں مادیت پرستی پر رکھی گئی ہیں لیکن دونوں کی سمتیں بالکل جداجدا ہیں۔

دو صدی قبل عظیم مجددِ دین حضرت شاہ ولی اللہ دہلویؒ نے عدل و انصاف کے قیام کی اہمیت پر روشنی ڈالتے ہوئے اپنی کتاب حجتہ اللہ البالغہ میں فرمایا کہ " دین اسلام انسانی معاشرے کی بنیاد "عدل و انصاف" پر اس لئے قائم کرنا چاہتا ہے کہ عدل و انصاف کا نظام ہی انسان کے بنیادی حقوق و واجبات کا حکم دیتا ہے لیکن اس کے برعکس جب کبھی کوئی جابرانہ اور ظالمانہ نظام قائم ہو جائے تو اس کے نتیجے میں پورا ایک استحصالی طبقہ اوپر آجاتا ہے اور پھر انسانوں کی ایک کثیر آبادی بالکل حیوانوں کی سی زندگی بسر کرنے پر ہمیشہ ہمیشہ کے لئے مجبور ہو جاتی ہے کیونکہ اسے دو وقت کی روٹی کمانے میں ہی صبح و شام مجبور اور مصروف کر دیا جاتا ہے کہ اسے پھر فرصت ہی نہیں ملتی کہ وہ

اپنے حقیقی خالق، مالک اور رازق کے بارے میں بھی سوچ سکے یا کسی اعلی فکر کی طرف متوجہ ہو سکے"۔

جب ایک نظام کی بنیاد سود پر اور دوسرے نظام کی بنیاد "عدل وانصاف" پر قائم ہو تو موازنہ ہی غلط ہو جاتا ہے تو ایسے میں ہی سوال اٹھتا ہے کہ آخر پھر کون سا نظام درست ہے؟ لہٰذا بے ساختہ کہنا پڑے گا کہ یقیناً اللہ تعالیٰ کا نظام جو سود سے پاک اور جس کی بنیاد معاشی عدل وانصاف پر رکھی ہے، جس کا حکم اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں دیا ہے اور جس کو حضرت محمد ﷺ نے ریاست مدینہ میں عملی طور پر نافذ کر کے ثابت کر دیا تھا کہ یہی نظام پوری انسانیت کو مساوی حقوق و واجبات دے سکتا ہے اور کوئی دوسرا نظام ایسا ہر گز نہیں کر سکتا۔

بنا سود معاشی نظام 1400 سو سال پہلے بھی قابل عمل تھا اور آج بھی ہے لیکن ساتھ ہی یہ آج کے مسلمان کے لئے ایک بڑا چیلنج بنا ہوا ہے۔ کیونکہ موجودہ معاشی نظام کے مقابل آج کے مسلمان اپنے عملی اقدام سے یہ ثابت نہیں کر سکے کہ ان کے پاس دنیا اور انسانیت کو تباہی سے بچانے والا معاشی نظام موجود ہے۔علامہ اقبال نے انہی معاشی نظاموں کے تناظر میں فرمایا تھا کہ

"اے طائر لاہوتی اس رزق سے موت اچھی

جس رزق سے آتی ہو پرواز میں کوتاہی"

لہٰذا ہمیں کمر بستہ ہو کر بلاسود معاشی نظام کی طرف آنا ہو گا تاکہ ملک میں نقد معاشی نظام متعارف کرایا جائے اور بتدریج تمام کاروبار بلا سود بینک کاری نظام کے ذریعے چلائے جائیں کیونکہ محنت کر کے کمانے کی صلاحیت ربٰو/سود سے مفلوج ہو جاتی ہے

اور ہوس و زر اس قدر بڑھ جاتی ہے جیسا کہ آج ہر آدمی ہر وقت مضطرب و بیقرار ادھر ادھر مارا مارا پھرتا رہتا ہے۔ حقیقت تو یہ ہے کہ آدمی کی حالت ایسی ہو جاتی ہے کہ جیسے اللہ تعالیٰ قرآن حکیم کی سورۃ البقرہ میں ارشاد فرماتے ہیں کہ

" جیسے کسی خبطی شیطان نے چھو لیا ہو" (البقرہ 2 / 275)

===========

ربٰو کا مفہوم :

جس طرح ہوا، پانی اور روشنی پر اللہ تعالیٰ کی حاکمیت تسلیم شدہ حقیقت ہے اسی طرح زمین پر بھی اللہ تعالیٰ کی حاکمیت کو تسلیم کرنا ہوگا اور زمین کو شخصی قبضہ سے آزاد کروا کر ریاست کی ملکیت میں دینا ہو گا۔ حضرت محمد ﷺ پر نزول قرآن کریم کے زمانہ میں عربوں میں "سرمایا داری" کی اصطلاح رائج نہیں تھی اس کی بجائے ربٰو کی اصطلاح عام تھی۔ یوں بھی کہہ سکتے ہیں کہ ربو سے مراد "سرمایاداری نظام ہے" قرآن میں مختلف جرائم کی سزائیں تو مذکور ہیں لیکن ربو کے متعلق فرمایا کہ . ترجمہ " ربوٰ کھانے والے لوگ نہ کھڑے ہوں گے مگر اسی طرح جس طرح وہ کھڑا ہوتا ہے جسے شیطان چھو کر خبطی بنا دے" مکہ کے عرب یہ کہا کرتے تھے کہ تجارت بھی تو ربو کی طرح ہے حالانکہ اللہ تعالیٰ نے تجارت کو حلال کیا اور ربوٰ کو حرام۔ اس لئے جس شخص نے اپنے پاس آئی ہوئی اللہ تعالیٰ کی نصیحت سن کر اس پر عمل کیا اس کے لئے

اللہ کے ہاں انعامات موجود ہیں اور اس کا معاملہ اللہ تعالیٰ کی طرف ہے اور جو انکاری ہو گیا اور دوبارہ حرام کی طرف لوٹا وہ جہنمی ہے۔ ایسے لوگ ہمیشہ جہنم میں رہیں گے" (البقرہ2/275)

"ترجمہ، اے ایمان والو ! اللہ تعالیٰ سے ڈرو اور جو ربٰو باقی رہ گیا ہے وہ چھوڑ دو، اگر تم سچے ایمان والے ہو"(2/278البقرہ)۔

ترجمہ "اور اگر ایسا نہیں کرتے تو اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول ﷺ سے لڑنے کے لئے تیار ہو جاو۔ ہاں اگر توبہ کر لو تو تمھارا اصل مال تمھارا ہی ہے، نہ تم ظلم کرو نہ تم پر ظلم کیا جائے گا"(البقرہ2/279)

ربٰو کی تین اشکال رائج ہیں:

(1)دست بدست:

(ذاتی) قرضوں پر ربٰو قرآن کریم نے یہ کہہ کر ختم کر دیا۔ "ترجمہ، اے ایمان والو ! اللہ تعالیٰ سے ڈرو، جو ربٰو باقی رہ گیا ہے وہ چھوڑ دو، اگر تم سچے ایمان والے ہو"(278البقرہ)۔

تم صرف اپنا اصل زر واپس لے سکتے ہو، اس سے ایک پیسہ بھی زائد نہیں لے سکتے کہ وہ ربٰو ہو گا۔ "اور اگر ایسا نہیں کرتے تو اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول ﷺ سے لڑنے کے

لئے تیار ہو جاو۔ ہاں اگر توبہ کر لو تو تمھارا اصل مال تمھارا ہی ہے۔ نہ تم ظلم کرو نہ تم پر ظلم کیا جائے گا۔" (البقرہ 279)۔

ترجمہ " اور اگر کوئی تنگی والا ہو اسے آسانی تک مہلت دینی چاہئے اور صدقہ کرو تو تمہارے لیے بہت بہتر ہے اگر تم میں علم ہو" (البقرہ 280)

(2)زمین کو پٹہ پر دینا:

پہلے اسے ربٰو قرار دے کر ناجائز ٹھہرادیا گیا ۔ جب زمین ریاست کی ملکیت میں آئی تو اس قسم کی کوئی شکل باقی نہ رہی۔ اس سے انسانوں کا استحصال ختم ہو جاتا ہے۔ نہ زمین ہو گی نہ مزارع اور نہ کسی انسان کا استحصال ہو سکے گا۔

ترجمہ " جو رب ہے آسمانوں کا اور زمین کا اور جو کچھ ان کے درمیان ہے اگر تم یقین کرنے والے ہو"۔(الدُّخَان 7-44)

اور بڑی بخشش کرنے والا ہے۔ کسی کو اس سے بات چیت کرنے کا اختیار نہ ہو گا" (النَّبَا 78/37)۔

"ریاست میں شامل تمام زمین ریاست کی ملکیت ہو گی" حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے قرآن کے احکامات پر عمل کرتے ہوئے، اس تاریخ ساز فیصلے کے ذریعے معاشرے سے جاگیر داری نظام کی جڑ ہی کاٹ دی۔

مزارعت:

امام ابو حنیفہ ؒ **مزارعت** کو حرام مطلق قرار دیتے ہیں وہ کسی بھی نوع کی مزارعت اور غیر حاضر مزارعت کو نقد نہیں سمجھتے تھے۔ حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ کے بارے میں حضور ﷺ کو معلوم تھا کہ ان کے پاس کوئی اپنی زمین نہیں ہے۔ آپ ﷺ مدینہ منورہ سے باہر تشریف لے جا رہے تھے۔ آپ ﷺ نے دیکھا کہ رافع بن خدیج کھیت کے پاس کھڑے تھے پوچھا تم یہاں کیا کر رہے ہو؟ انھوں نے عرض کی یا رسول اللہ ﷺ یہ زمین میرے ایک رشتہ دار کی ہے میں نے اس پر محنت کی ہے۔ میرے اور رشتہ دار کے مابین شرح معین ہوئی ہے۔ تب حضور ﷺ نے فرمایا، (قدا ربیتما) تم دونوں نے ربٰو کا معاملہ کیا ہے جس کی یہ زمین ہے اسے لوٹا دو جو کچھ اس پر تمھارا خرچ ہوا ہے وہ تم اس سے لے لو۔ اس زمین میں اس کی کون سی محنت شامل ہے صرف اس وجہ سے کہ زمین کا مالک ہے وہ اپنے بھائی کے گاڑھے خون پسینے کی کمائی میں سے اپنا حصہ لے رہا ہے۔

کتنے افسوس کا مقام ہے کہ امام ابو حنیفہ ؒ کے فتویٰ کو اس ملک میں کہ جس کی آبادی نوے فیصد حنفیوں پر مشتمل ہے کوئی ماننے کو تیار نہیں جہاں انھیں امام اعظم سید الفقہا کہا اور مانا جاتا ہے اور جہاں ان کا فتویٰ اچھا نہیں لگتا دیوار پر دے مارتے ہیں۔ یہ ہمارا دوغلہ پن ہے جس پر ہمیں غور و فکر کے ساتھ اصلاح کی کوشش بھی کرنی چاہیے۔

(3) مشارکت یا مضاربت:

عرب بالخصوص قریش، تجارت پیشہ بھی تھے اور دوسروں کے کاروبار میں پیسہ لگا کر نفع میں بھی شریک ہو جاتے تھے۔ قرآن کریم نے اس کو بھی ربوٰ قرار دے دیا۔

ترجمہ " تم جو ربو پر دیتے ہو کہ لوگوں کے مال میں بڑھتا رہے وہ اللہ تعالیٰ کے ہاں نہیں بڑھتا" (الروم 30/39) اس جرم کی سنگینی کے مرتکب افراد جہنم میں اکٹھے ہوں گے۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے ترجمہ کہ "اے ایمان والو، بڑھا چڑھا کر سود نہ کھاو اور اللہ تعالیٰ سے ڈرو تاکہ تمھیں نجات ملے "(آل عمران 3/130)۔

اَلْبَیْعَ۔ تجارت

وَاَحَلَّ اللّٰہُ الْبَیْعَ وَحَرَّمَ الربوا۔ ترجمہ " یہ اس لئے کہا کرتے تھے کہ تجارت بھی تو ربو ہی کی طرح ہے۔ حالانکہ اللہ تعالیٰ نے تجارت کو حلال کیا اور ربو کو حرام" (البقرہ 275-219)۔

اللہ تعالیٰ نے حرمہ الربوٰ کہہ کر ربو کی ہر شکل کو حرام قرار دے دیا اور تجارت کی بھی ہر شکل حلال نہیں ہے کہہ کر درست کاروبار کی طرف رہنمائی کی۔ (البقرہ 2/275،219)۔ حوالہ (صحیح حدیث نمبر سنن ابو داود (مزارعت کا بیان(1594-1597 -3399-3394-3392

تجارت میں نقد رقم اور مختلف چیزوں کا آپس میں تبادلہ ہوتا ہے۔ دوسرے اس میں نفع و نقصان کا امکان رہتا ہے۔ جبکہ سود میں دونوں چیزیں مفقود ہیں۔ علاوہ ازیں تجارت کو اللہ تعالیٰ نے حلال اور ربو کی ہر شکل کو حرام قرار دیا ہے۔ ربو کا نظام دراصل استحصالی

نظام ہے جس نے تجارت کے توازن میں ہی بگاڑ پیدا نہیں کیا ہے بلکہ انسانوں کی اخلاقی، معاشی، ثقافتی اور سماجی و معاشرتی زندگیوں کو بھی بری طرح متاثر کیا ہے۔ جو بھی اس دھوکے کا شکار ہوا وہ پھر اس کے چنگل سے کبھی بھی باہر نہ نکل سکا۔ بقول اقبال

دل کی آزادی شہنشاہی، شکم سامان موت

فیصلہ تیرا ترے ہاتھوں میں ہے دل یا شکم؟

مضاربت یا مشارکت کی مثال 1۔

اسلامی مضاربہ میں شرط رکھی گئی ہے کہ نقصان کا پورا بوجھ سرمایہ دار پر پڑے گا اور محنت کش ایک پائی کے نقصان میں بھی شریک نہیں ہو گا۔ اسلام نے محنت کو تحفظ دیا اور منافع کمانا جائز قرار دیا ہے۔ اس صورت میں وہی مضاربہ جائز ہو گا جس میں نقصان کی پوری ذمہ داری سرمایہ فراہم کرنے والا شخص برداشت کرے۔ یہ کیسے ممکن ہے کہ سرمایہ دار بغیر محنت کے، محنت کش کے منافع میں حصہ دار بن جائے اسلام اس کی اجازت نہیں دیتا۔ پسندیدہ عمل تو یہ ہے کہ ضرورت مند بھائی کو سرمایہ بطور قرض حسنہ دے تاکہ وہ اپنے پاوں پر کھڑا ہو سکے۔ آج کی مادیت پرست دنیا میں کون ایسا شخص ہے جو اس شرط کے تحت مضاربہ کو ترجیح دے گا؟ مجھے تو آج تک کوئی نظر نہیں آیا۔

مثال۔(2)

ایک شخص کے پاس ہنر، وقت اور صلاحیت ہے وہ صرف سخت محنت کر سکتا ہے۔ دوسرے کے پاس صرف سرمایہ ہے ایسے دو افراد کا مل کر کاروبار کرنا جس میں ایک کی

محنت ہواور دوسرے کا سرمایہ شامل ہو مضاربہ یامشارکہ کہلاتا ہے۔ آج کے سرمایہ دارانہ اور جابرانہ نظام میں اگرچہ یہ مشارکت جائز متصور ہوتی ہے۔ جیسے اسلام میں طلاق دینا جائز تو ہے مگر پسندیدہ عمل قرار نہیں دیا گیا۔ برخلاف موجودہ جابرانہ نظام کے اسلام انسانیت کو مضاربہ یا مشارکہ کرنے کا بہترین طریقہ کار تجویز کرتا ہے۔ جو صرف ریاست سے قائم کیا جا سکتا ہے۔ اخوت کا تقاضا یہ ہے کہ ایسی صورت حال میں صاحب سرمایہ اپنے محنت کش بھائی کو قرض حسنہ دے تاکہ وہ اپنا ذاتی کاروبار کر سکے۔ (آج کی مادیت پرست دنیا میں کون ایسا مشارکہ کرتا ہے)۔

فلاحی ریاست میں روایتی سرمایہ دارانہ مشارکت/مضاربت، دست بدست قرض اور مزارعت کا طریقہ کار بدلنے کی ضرورت ہے۔ افراد کی چاہے مشارکت ہو، ذاتی قرض کا لین دین ہو یا مزارعت کرنے کا ارادہ ہو اس کے لئے فلاحی ریاست کے ساتھ رابطہ قائم کرنا ہو گا۔ اللہ تعالیٰ کے احکامات کے مطابق تمام انسان (علم، عقل و شعور) میں برابر نہیں ہو سکتے اگر کہیں مساوات ہے تو ہر انسان کے لئے عدل و انصاف کی بنیاد پر حق عزت اور حق معیشت میں ہے۔ دنیا میں اللہ تعالیٰ کے نائب کی حیثیت سے انسان کا اصل کام انسانیت کی فلاح و بہبود کے لئے جدوجہد کرنا ہے اللہ تعالیٰ کے پیدا کئے ہوئے تمام وسائل میں تمام انسانوں کو مساوی حقوق حاصل ہیں اور ان کی تقسیم عدل و انصاف کی بنیاد پر کرنے کا اختیار صرف ریاست کے پاس ہوتا ہے۔ لہٰذا مروجہ طریقہ کار تبدیل کرنے اور نیا نظام طے کرنے سے پہلے سابقہ معاشی نظاموں پر سنجیدگی سے ایک نظر ڈالنا ضروری ہے۔

" مومن کی نشانی تو یہ ہے کہ وہ اپنے نفس پر بھی دوسرے کو ترجیح دیتا ہے۔ مگر یاد رکھنے کی بات یہ ہے کہ ضروری نہیں کہ جو کام بھی مضاربت کے نام سے ہو وہ جائز ہو بلکہ بہت سے کام اس نام سے ناجائز بھی کئے جاتے ہیں۔ مثلاً کچھ عرصہ قبل ایک لاکھ کے پیچھے تقریباً متعین نفع کے لالچ کے ساتھ اسی مضاربت کے نام پہ سادہ لوح مسلمانوں کو لوٹا گیا اور تعجب کی بات یہ کہ بعض مقامات پر کئی علماء کرام نے بھی لٹیروں کا بھرپور ساتھ دیا۔ بہر حال مضاربہ کو خوب سمجھ کر اور اس کو اسی دائرے میں رکھا جائے جہاں تک اس کی گنجائش ہے"۔ (مفتی سہراب احمد اشرفی)

==========

اسلام کا معاشی نظام بمقابلہ
سرمایادارانہ اور اشتراکی معاشی نظام

1۔ سرمایادارانہ نظام (ایک انتہا) اور اشتراکی نظام (دوسری انتہا) دونوں خود غرضی کے نظام ہیں۔ ایک میں ہر شخص اپنے کمائے ہوئے مال کا تنہا مالک ہے۔ جبکہ دوسرے میں کوئی دوسرا شریک نہیں۔ سرمایادارانہ نظام میں وہ جس طرح چاہے استعمال کرے اور اس پر کوئی پابندی نہیں چاہے تو تمام وسائل کو روکے رکھے یا اپنا مفاد حاصل کیے بغیر کچھ بھی بیچنے سے انکار کردے۔ یہ نظام سرمایادار کو مکمل آزادی دیتا ہے۔

2۔ اشتراکی نظام یا سوشل ازم: (دوسری انتہا)۔ اشتراکیت، سرمایا داری نظام کے عین مقابل نظام ہے جس میں معیشت کے تمام دولت پیدا کرنے والے ذرائع اور وسائل

سوسائٹی کے درمیان قدر مشترک ہوتے ہیں۔ کسی ایک کو بھی مالکانہ حقوق حاصل نہیں ہوتے، صارف کو تنہا بیچنے یا خریدنے یا نفع کا حق حاصل نہیں ہوتا۔ صارف کی خدمات کا معاوضہ اس کو جو وہ سوسائٹی کے مشترکہ مفاد کے لئے انجام دیتا ہے سوسائٹی ان خدمات کے بدلے میں اس کو ضروریات زندگی فراہم کرتی ہے۔ یہ "مکمل مساوات کا نظام ہے"۔

۔ اسلام کا معاشی نظام!

" مکمل آزادی" اور " مکمل مساوات "۔ دو نظام دو انتہائیں۔

اسلام ان دو انتہاؤں میں درمیانی راستہ "عدل و انصاف" کی بنیاد پر قائم معاشی نظام پیش کرتا ہے۔ دنیا کے موجودہ معاشی نظام کے بگڑنے کی بنیادی وجہ مکمل آزادی اور مکمل مساوات ہونے کے تصور کا ہے اور دوسری وجہ ان دونوں نظاموں میں عدل و انصاف کی عدم موجودگی ہے جس کی وجہ سے دنیا کا اخلاقی، معاشی و معاشرتی نظام تباہ ہو چکا ہے۔ اگر دنیا کے رہنما انسانیت کے ساتھ مخلص ہیں تو پھر "عدل وانصاف پر مبنی معاشی نظام" کو ایک موقع دینا ہوگا تاکہ دنیا میں امن کو بحال اور انسانیت کو بچایا جا سکے۔ اسلامی معاشی نظام انسانوں کے درمیان وسائل کی تقسیم عدل وانصاف کی بنیاد پر کرتا ہے جو معاشرتی زندگی میں ہر ہر فرد کا شخصی مفاد و حق اور تمام افراد کے اجتماعی حقوق و مفادات کو ملحوظ خاطر رکھتا ہے یہ ایک دوسرے کے ساتھ گہرا رابطہ رکھتے ہے۔

موازنہ

نقد اقتصادی نظام	فسطائی سرمایہ دارانہ اقتصادی نظام
1۔ دولت و ذرائع دولت کا مخصوص طبقہ میں محدود ہو کر عوام کی معاشی ہلاکت کا باعث بننا حرام ہے۔	1۔ دولت و ذرائع دولت کو مخصوص طبقہ کی انفرادی و اجتماعی اغراض کے لئے از بس ضروری ہے
2۔ انفرادی ملکیت پر شرائط کی حدود عائد ہیں	2۔ انفرادی ملکیت لا محدود ہے۔
3۔ انفرادی ملکیت اجتماعی حقوق کے زیر اثر ہے۔	3۔ انفرادی ملکیت اجتماعی حقوق اور مفاد عامہ سے مستغنی و بالاتر
4۔ اقتصادی نظام کی بنیاد عوام کے مفاد اور حاجات کے انسداد پر قائم ہے	4۔ اقتصادی نظام کی بنیاد مخصوص افراد اور خاص طبقہ کے مفاد پر قائم ہے۔
5۔ عام معاشی خوشحالی ضروری ہے۔	5۔ عوام کی معاشی تباہی و کساد بازاری اس کا لازمی نتیجہ ہے۔
6۔ معاشی و دستبرد کے ذریعہ حاکمیت و محکومیت اقوام لعنت ہے	6۔ معاشی و دستبرد کے زریعہ غلامی اور اقوام کی محکومی لازم ہے
7۔ اکتناز، جمع خزانہ و احتکاز اجتماعی حقوق سے باز رہنا۔	7۔ اکتناز و احتکار ضروری اور موجب سعادات اور اقتصاد ہے
8۔ نسلی، خاندانی، طبقاتی اور جغرافیائی امتیازات اس سلسلہ میں قابل تسلیم نہیں۔	8۔ نسلی، خاندانی، طبقاتی اور امتیازات ضروری ہیں۔

==========

سود/ربٰواور نقد تجارت دو مختلف نظریے ہیں دو تہذیبوں کے علمبردار۔

سودی نظام انسانیت کے خلاف سرمایہ داروں کی ایک گھناونی سازش ہے اور انسانیت کا استحصال کرنے والا معاشی آلہ ہے ۔سودی نظام کے خالقین کو انسانی نفسیات کے ماہرین بھی کہا جائے تو مبالغہ آرائی نہ ہو گی کیونکہ قرض یا ادھار کا جو تصور انھوں نے پیش کیا تھا اس کا جادو سر چڑھ کر بول رہا ہے اور یہ کارنامہ کوئی معمولی دماغ انجام نہیں دے سکتے تھے۔ اس کے پیچھے انسان کی بنیادی ضروریات زندگی کی خرید وفروخت کا جو نظام کارفرما ہے اس کو جاننا بہت ضروری ہے۔ سود کا سلسلہ لوگوں کی بنیادی ضروریات زندگی سے مثلا روزگار، مکان ، خوراک، لباس ، صحت، اور تعلیم وغیرہ سے شروع ہوتا ہے اور ان کی موت کے بعد بھی یہ زندہ رہتا ہے - دادا کا قرض پڑپوتے ادا کرتے ہیں لیکن سود پھر بھی ختم نہیں ہوتا۔ سود کے نظام کی اب تک کی معلوم شدہ تاریخ تقریبا تین ہزار سال سے بھی زیادہ پرانی ہے جبکہ ربٰو کی تاریخ تقریبا چودہ سو سال پرانی ہے جب اللہ تعالیٰ کے رسول محمد ﷺ نے ربٰو کے خاتمہ کا اعلان کیا اور نقد تجارت کے معاشی نظام کو متبادل کے طور پر نہ صرف پیش کیا بلکہ عملی طور پر نافذ اور اسے کامیاب بنا کر دنیا کو دکھا بھی دیا۔ اس کے علاوہ وہ اصول بھی وضع کر دیئے کہ بنا سود معیشت کیسے کام کرتی ہے ، تجارت کیسی کرنی ہے مضاربہ و مشارکہ کیسے کام کرتا ہے، بازار کیسے کام کرتے ہیں، قیمت پر کیسے قابو رکھ سکتے ہیں، ریاست کے محاصل کیسے جمع کرنے ہیں، منڈی میں طلب و رسد میں توازن کیسے برقرار

رکھنا ہے، نقد دولت کا استعمال کیسے کرتے ہیں، تجارتی معاہدے کس طرح کرتے ہیں اور قرض حسنہ کا لین دین کیسے کرتے ہیں وغیرہ وغیرہ۔

= = = = = = = =

"قرض یا ادھار تجارت کا تصور"

یہ جملہ آپ نے بھی بچپن میں اکثر دوکانوں پر لکھا ہوا دیکھا ہوا گا کہ "ادھار محبت کی قینچی ہے "۔ جو کم از کم مجھے اب جا کر سمجھ میں آیا ہے کہ "ادھار کو محبت کی قینچی کیوں کہتے ہیں "کیونکہ جب دو انسان اپنی کسی غرض ضرورت یا مجبوری کی وجہ سے ادھار کا لین دین کرتے ہیں تو ان کے درمیان جو محبت ،اخوت و بھائی چارے کی ڈوریں ہوتی ہیں یہ ادھار کی قینچی ان کو کاٹ دیتی ہے۔

دراصل انسانی ضروریات اور خواہشات میں بہت فرق ہوتا ہے لیکن یہ فرق عام آدمی محسوس نہیں کر پاتا۔ وسائل کی عدم دستیابی کی وجہ سے ان کی خواہشات اور ضروریات میں تصادم ہمیشہ جاری رہتا ہے۔ تن آسانی کی وجہ سے انسان ہمیشہ خوابوں کی دنیا میں گم ہو کر حقیقت سے کوسوں دور ہوتے جاتے ہیں اور ہر وقت غلط فہمیوں کا شکار رہنے لگ جاتے ہیں۔ جبکہ ضروریات زندگی زمین کا سینہ چیر کر اور بہت ہی کٹھن مراحل سے گزر کر حاصل کی جاتی ہیں۔

جب خواہشات انسان کی ضروریات پر حاوی آتی ہیں اور انسان کی کمزوریاں بن جاتی ہیں۔ تب ذلت و رسوائی ان کا مقدر بن جاتی ہے۔ اس صورتحال کا فائدہ اٹھاتے ہوئے چالاک اور مکار سرمایہ دار عام لوگوں کی خواہشات کو اس قدر بڑھاوا دیتے ہیں کہ عام

آدمی کی یہی خواہشات اسے حقیقی دنیا سے بہت دور ایک خوابوں کی دنیا میں لے جاتی ہیں۔ جب خوابوں سے اس کی آنکھ کھلتی ہے تو ہر طرف مصائب اور مسائل ہی نظر آتے ہیں اور تب تک اس کی عمر بھی بیت چکی ہوتی ہے۔ آج کل اشتہارات عام انسانوں کی خواہشات کو مزید بھکانے اور پھنسانے کا بہترین ذریعہ بنے ہوئے ہیں۔ جہاں سے واپسی ان کے لئے مشکل ہی نہیں بلکہ بعض دفع تو ناممکن بھی ہو جاتی ہے۔ اسی لئے وہ کسی نتیجے کی پرواہ کئے بغیر ہی ان خواہشات کی پیروی میں کسی بھی حد تک جانے کو تیار ہو جاتے ہیں۔ **دراصل قرض دینے کا یہ تصور ہی سودی بینکاری نظام کی بنیاد بنا ہے** اور یہاں سے ساہوکاری نظام یا انسانی غلامی کے دور کا آغاز ہوتا ہے یہ سلسلہ صدیوں پہلے شروع ہوا تھا اور آج تک جاری ہے۔

انسانی استحصال کے خلاف پہلی بھرپور آواز: انسانیت کا استحصال کرنے والے اس سودی معاشی نظام کو اللہ تعالیٰ کے رسول **محمد** ﷺ کی بینا آنکھ نے بھانپ لیا تھا اور 1400 سال قبل اس ظلم عظیم کے خلاف پہلی بھرپور آواز اٹھائی اور انسان کو انسان کے استحصال سے محفوظ رکھنے کا آغاز کیا۔ لیکن بد قسمتی سے ملوکیت کا آغاز ہوتے ہی مسلمان نے اسلام کے معاشی نظام کو چھوڑ دیا اور سود کے معاشی نظام کو اپنا کر اپنے آپ کو ذلت ورسوائی کے گڑھوں میں دھکیل دیا ہے۔

دھوکہ: ربٰو اور نقد تجارت میں نفع کی ظاہری شکلوں میں مماثلت مسلمانوں کی غفلت کا باعث بنی۔ اسلام سے قبل بھی لوگ تجارت یا ایک دوسرے کو متفق و معین شرح پر کچھ مدت کے لیے قرض دیتے یا لیتے تھے اور یہ سلسلہ اسلام کے آنے کے بعد بھی جاری رہا اور عام مسلمانوں میں بڑی تیزی سے رواج پا رہا تھا۔ جس کو روکنے کے لئے اللہ تعالیٰ نے قرآن میں بڑی وضاحت سے آیات 275 سے 278 تک نازل فرما کر

اس کو نہ صرف جرم قرار دیا بلکہ اللہ تعالیٰ اور رسول اللہ ﷺ کے خلاف کھلی جنگ بھی قرار دے دیا اور کوئی مسلمان اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول ﷺ سے لڑائی کی جرات نہیں کر سکتا ہے۔

البقرہ (275) "جو لوگ ربٰو کھاتے ہیں قیامت کے دن وہ نہیں اٹھیں گے مگر جس طرح کہ وہ شخص اٹھتا ہے جس کے حواس خبطی جن نے لپٹ کر کھو دیئے ہیں، یہ حالت ان کی اس لیے ہو گی کہ انہوں نے کہا تھا کہ تجارت بھی تو ایسی ہی ہے جیسے ربٰو لینا ہے، حالانکہ اللہ تعالیٰ نے نقد تجارت کو حلال کیا ہے اور ربٰو کو حرام کیا ہے، پھر جسے اپنے رب کی طرف سے نصیحت پہنچی اور وہ باز آ گیا، جو پہلے لے چکا ہے وہ لے چکا اور اس کا معاملہ اللہ تعالیٰ کی طرف ہے اور جو لوگ پھر سود لیں گے تو وہی لوگ دوزخ والے ہیں، وہ اس میں ہمیشہ رہیں گے"۔

البقرہ (276) "ترجمہ اللہ سود کو مٹاتا ہے اور صدقات کو بڑھاتا ہے، اور اللہ تعالیٰ کسی ناشکرے گناہگار کو پسند نہیں کرتا۔"

البقرہ (277) ترجمہ "جو لوگ ایمان لائے اور نیک کام کیے اور نماز کو قائم رکھا اور زکوۃ دیتے رہے تو ان کے رب کے ہاں ان کا اجر ہے اور ان پر کوئی خوف نہ ہو گا اور نہ وہ غمگیں ہوں گے۔"

البقرہ (278) ترجمہ " اے ایمان والو! اللہ تعالیٰ سے ڈرو اور جو کچھ باقی سود رہ گیا ہے اسے چھوڑ دو اگر تم ایمان والے ہو۔"

البقرہ(279) ترجمہ "اگر تم نے نہ چھوڑا تو اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول کی طرف سے تمہارے خلاف اعلان جنگ ہے، اور اگر تم توبہ کرلو تو اصل مال تمھارا تمہارے واسطے ہی ہے، نہ تم کسی پر ظلم کرو اور نہ تم پر ظلم کیا جائے گا۔"

ربٰو اور نقد تجارت کے نظام کا اندازہ دونوں کا تقابلی جائزہ لینے سے آسانی سے سمجھ آسکتا ہے۔ نظام کوئی بھی ہو اس کی اچھائی یا برائی اور اس کے مقاصد کو جانے بغیر فیصلہ کرنا مشکل ہوتا ہے کہ وہ اچھا نظام ہے یا برا۔ میں اپنے اکابر بزرگوں کی علمی خدمات کا اعتراف کرتے ہوئے انہیں سلام پیش کرتا ہوں کہ ان کی تحقیقی علمی کاوشوں کی بدولت ہمیں ماضی و حال کے مسائل سمجھنے اور حل کرنے میں بڑی آسانی ہوئی خاص کر موجودہ سود کے معاشی نظام کو۔

============

ربٰو/سود کا خاتمہ:

جس طرح ربٰو/سود نام کے پیچھے قرض دینے کا پورا نظام چھپا ہوا ہے۔ اسی طرح نقد تجارت کے پیچھے بھلائی اور انسانیت کی بہتری کا مکمل نظام موجود ہے۔ اس دنیا کے لئے نقد معاشی نظام ایک نیا تصور نہیں ہے بلکہ نقد تجارت کا معاشی نظام آج سے 14 سو سال قبل محمد ﷺ کائنات کے بہترین معلم نے عرب جیسے معاشرے میں عملی نفاذ کیا اور انسانیت کو توقیر بخشی ۔

اس کائنات میں انسانیت کی بھلائی، بہتری و رہنمائی اللہ تعالیٰ کے رسول ﷺ سے بہتر کون کر سکتا ہے۔ آپ ﷺ نے 7 ویں صدی میں ریاست مدینہ میں ربٰو کا خاتمہ کر کے نقد تجارت کرنے کے نظام کو نافذ اور کامیاب کر کے دکھایا۔ محمد ﷺ نے چھوٹی عمر سے ہی عملی طور پر نقد تجارت کے کاروبار کو پسند اور اختیار کیا تھا جب معاشرے میں ربٰو کا کاروبار عروج پر تھا۔ انہی حالات میں آپ ﷺ نے اپنے عمل سے حلال اور نقد تجارت کی بنیاد رکھی اور مناسب منافع کا تصور دیا۔ آپ محمد ﷺ نے نقد خرید و فروخت کی تجارت کو اسی شکل میں نافذ کیا جس طرح اللہ تعالیٰ نے قرآن میں حکم دیا ہے۔ وہی ایک ایسا مثالی دور تھا جہاں کوئی انسان رات کو بھوکا نہیں سوتا تھا۔

==============

مسلمانوں کی تباہی و بربادی کا آغاز کیسے ہوا؟

مسلمانوں کی تباہی کا آغاز اس وقت شروع ہوا جب مسلمانوں نے سود کو نقد معاشی نظام جیسا سمجھ کر نہ صرف اس کو اپنایا بلکہ اس کے خالقین کو اپنا نجات دہندہ بھی تسلیم کر لیا۔ یوں ہم نے اپنی سوچ کو محدود کرنے کے ساتھ ساتھ آئندہ آزاد تحقیق اور تخلیق کے وہ راستے بھی اپنے اوپر بند کر لئے جو اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول محمد ﷺ نے مسلمانوں کے لئے کھولے تھے۔ دراصل امتی ہونے کا تقاضا تو یہ تھا کہ بعد میں آنے والے مسلمان حکمران بھی رسول اللہ ﷺ کے اسوہ حسنہ اور خلافت راشدہ کا معاشی نظام اسی جذبے اور تسلسل سے آگے لے کر آگے چلتے لیکن مسلمانوں کی کم فہمی یا

غفلت سے ایسا نہ ہو سکا۔ بظاہر تجارت میں ان کو بھی سرمائے میں اضافہ تو ہوتا ہوا نظر آ رہا تھا مگر اس کے پس پردہ حقائق و نتائج نظروں سے پوشیدہ رہے اور بعد کے مسلمان یہ سمجھنے سے بھی قاصر تھے کہ اس ربٰو سے معاشرے پر کیا منفی اثرات مرتب ہوں گے حالانکہ نقد تجارت کے معاشی نظام میں خیر اور ربٰو کے نظام میں شر چھپا ہوا ہے۔ اس طرح سادہ لوح مسلمان مکاری کی چالیں نہ سمجھ سکے اور سرمایہ داروں کے چنگل میں پھنس گئے۔ بقول شاعر مشرق علامہ اقبال رح:

" مکر کی چالوں سے بازی لے گیا سرمایہ دار

انتہائی سادگی سے کھا گیا مزدور مات"

لینن اللہ کے حضور یوں گویا ہوا:

ظاہر میں تجارت ہے حقیقت میں جوا ہے

سود ایک کا لاکھوں کے لئے مرگ مفاجات

یہ علم، یہ حکمت، یہ تدبر، یہ حکومت

پیتے ہیں لہو دیتے ہیں تعلیم مساوات

یوں ربٰو کے پوجاریوں نے خلافت راشدہ کے بعد مسلمانوں کو بڑی آسانی سے ملوکیت کے جال میں پھنسا دیا جو سرمایہ دارانہ نظام پر قائم تھی تب سے آج تک مسلمان شرمندگی کے ساتھ اسی سودی نظام کے دور میں زندہ ہیں۔

==========

تحفظ انسانیت کا حکم

اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول محمد ﷺ کو معلم انسانیت بنا کر بھیجا اور آپ محمد ﷺ نے اللہ تعالیٰ کے ہر حکم کو عملی طور پر نافذ کر کے انسانیت کی رہنمائی فرمائی، بلخصوص ربٰو کے خاتمے اور نقد تجارت کو عملی طور پر نافذ کر کے دکھا دیا۔ کیونکہ ہم سب (مسلمان، یہودی، عیسائی، صابی) اللہ تعالیٰ پر ایمان رکھتے ہیں اور اس کی مخلوق ہیں اور یہ کیسے ممکن ہے کہ ہم اس نظام کی حمایت کریں کہ جس نظام کو اللہ تعالیٰ نے انسانیت کے لئے ناپسند فرمایا ہو ۔ ہم تو صرف اس متعصبانہ سوچ اور اس سودی سرمایہ دارانہ نظام کے خلاف ہیں جس نے پوری انسانیت کو یرغمال بنایا ہوا ہے اور جس میں انسانوں کا استحصال اور مسلسل کیا جارہا ہے۔

اللہ تعالیٰ نے انسانیت کی بھلائی کا ارادہ فرماتے ہوئے نقد تجارت کا حکم دیا جو انسانیت کو استحصال سے پاک امن و سکون اور خوشحال زندگی کی ضمانت دیتا ہے۔ وہ چند مخصوص لوگ جنہوں نے موجودہ سود کا تصور دیا اور باقائدہ نظام قائم کیا۔ ان کے سامنے اللہ تعالیٰ کا دیا ہوا نقد تجارت کا معاشی نظام پیش کریں تاکہ وہ اپنی اصلاح کر سکیں۔ میں ڈرتا ہوں کہ قیامت والے دن میں اللہ تعالیٰ کو کیا جواب دوں گا؟ جب اللہ مجھ سے پوچھے گا کہ تمہیں جان، مال، علم اور وقت دیا تھا تم نے ذاتی حیثیت میں انسانیت کی بہتری اور نقد تجارت کے معاشی نظام کو متعارف و رائج کرانے میں کیا کردار ادا کیا؟ کہیں تم اس سودی نظام کا حصہ تو نہیں بن گئے تھے؟

پاکستان فلاحی ریاست

حقیقت یہ ہے کہ اگر ہم اپنے آپ کو واقعی امت محمدیہ ﷺ سمجھتے ہیں تو اللہ تعالیٰ کے اس حکم کو پورا کرنا ہم پر فرض بھی ہے اور قرض بھی ہے اور روز محشر جس کے بارے بڑی سختی سے پوچھا بھی جائے گا۔ اب ہمیں سوچنا ہوگا کہ اللہ تعالیٰ کے اس حکم کو کس طرح نافذ العمل بنایا جاسکتا ہے؟۔ جبکہ ہمارے پاس اللہ تعالیٰ کا واضح حکم عملی طریقہ کار رسول اللہ ﷺ کا اور اپنی زمین پاکستان کی شکل میں موجود ہے۔ اب اگر سودی معاشی نظام اسی طرح جاری وساری رہا تو اللہ تعالیٰ کا حکم کب، کیسے، کہاں اور کون پورا کرے گا؟ ہمیں سوچنا ہو گا کہ اللہ تعالیٰ نے انسانیت کی رہنمائی کے لئے مسلمانوں کو ہی کیوں چنا ہے؟ اور قرآن پاک میں مسلمان کو براہ راست مخاطب کر کے کیوں فرمایا ہے کہ ترجمہ "تم بہترین خیر امت ہو جس کو چنا (نکالا) گیا ہے لوگوں کی بہتری کے لئے تم نیک باتوں پر عمل کرتے ہو اور اس کی دعوت دیتے ہو اور بری باتوں سے خود رکتے ہو اور دوسروں کو روکتے ہو اور اللہ تعالیٰ پر ایمان رکھتے ہو۔ اور اگر اہل کتاب بھی ایمان لاتے تو ان پر بھی اللہ تعالیٰ کی خیر ہوتی۔ ان میں بھی مومنین ہیں، لیکن اکثر (نافرمان) فاسق ہیں"۔ قرآن آل عمران -110

==========

رول ماڈلز (نمونۂ حیات)

نقد تجارت: دنیا میں ہمیشہ سے دو ہی طرح کے معاشرے وجود میں رہے ہیں ایک مہذب اور دوسرا غیر مہذب ۔ مہذب معاشرہ یا سوسائٹی وہ کہلاتا ہے جہاں ایمان، انصاف اور ایثار کے جذبات عام پائے جاتے ہوں ۔ انسانیت کی پوری تاریخ میں ایسا دور صرف اور صرف ریاست مدینہ کا ہی گزرا ہے جو اللہ تعالیٰ کے رسول ﷺ کا دور تھا اور ان کے بعد خلافت راشدہ کا دور جہاں یہ تینوں اوصاف بکثرت پائے جاتے تھے۔

معاشرے ہمیشہ افراد کے باہمی ربط و عمل، رسم و رواج اور جو روایات (اچھی یا بری) وہ قائم کرتے ہیں۔ ان کی وجہ سے تشکیل پاتے ہیں۔ اچھے یا برے معاشرے کبھی خود بخود وجود میں نہیں آتے بلکہ اچھی روایات پر عمل کرنے اور کروانے والے مہذب افراد ہی پروان چڑھاتے ہیں کیونکہ جن معاشروں میں بہترین اور شاندار کردار، اعلیٰ اخلاق و اخلاص کے حامل افراد "رول ماڈلز، نمونہ" کے طور پر موجود نہ ہوں تو وہ معاشرے تنزلی کا شکار ہو جایا کرتے ہیں۔ ہمارے لئے اللہ تعالیٰ کے رسول ﷺ کے دور کے بعد خلافت راشدہ کا ہی دور ایک مثالی معاشرہ کہلا سکتا ہے۔

آج بھی اگر ہم دنیا میں امن و امان قائم کرنا چاہتے ہیں اور انسانیت کو محفوظ اور استحصال سے بچانا چاہتے ہیں تو ہمیں اسی مثالی معاشرے سے سیکھنا ہو گا جہاں پر نقد تجارت کا معاشی نظام عملی شکل میں قائم تھا جس کے اثر نے ایک طرف انسانیت کو ظلم و بربریت سے بچایا تو دوسری طرف ربوٰ کا خاتمہ کر کے نقد تجارت کے معاشی نظام کے ذریعے

خرید و فروخت اور قرض حسنہ دینے والے عمل اور ثقافت کو فروغ دیا اس طرح اس نئے معاشی نظام نے ایک ایسا معاشرہ تشکیل دیا جہاں ایک طرف کاشتکار اور دوسری طرف تاجر دونوں کو ایک دوسرے کے استحصال سے بچایا اور دونوں کی حقیقی خوشی کا باعث بنا۔ آج ہمیں پھر اسی طرز پر ایک نئے خوشحال معاشرے کے دور کا آغاز کرنا ہوگا اور نقد تجارت کے معاشی نظام کو لوگوں کے سامنے پھر لانا ہوگا اور ان کو حق انتخاب دینا ہوگا کہ وہ لوگ اپنی پسند کے معاشی نظام (ربٰو کا نظام) یا (نقد تجارت کا نظام) کو اختیار کر سکیں۔

ربٰو کا نظام معاشرے میں جبر و ظلم اور استحصال انسانیت اور بے حسی کو بڑھاتا ہے جبکہ نقد تجارت کا نظام معاشرے میں بھائی چارہ، خوشی و خوشحالی اور ہمدردی کے جذبات کو فروغ دیتا ہے اس لئے ان دو نظاموں کے تقابلی جائزے سے پتہ چلتا ہے کہ جب تک کوئی بہتر متبادل نظام موجود نہ ہو تو پرانے نظام کو نہ ہی تبدیل کیا جا سکتا ہے اور نہ ہی معاشرے میں اس کو قبولیت ملتی ہے خاص کر صدیوں پرانے نظام سے چھٹکارا حاصل کرنا دشوار ہی نہیں بعض اوقات ناممکن بھی ہو جاتا ہے کیونکہ تب تک لوگ اس نظام کے عادی ہو چکے ہوتے ہیں اور اس پر قائم رہنا ان غلاموں کی مجبوری ہوتی ہے۔ ربٰو کے خاتمے کے اعلان کو ماضی میں بھی سرمایہ داروں نے اپنی توہین اور روایات سے بغاوت سمجھا تھا اور آج بھی کہتے ہیں کہ پہلے مسلمانوں نے ہمارے دین پر فوقیت حاصل کی اور اب معیشت پر بھی اپنی اجارہ داری قائم کرنا چاہتے ہیں۔ یہی سرمایہ داروں کا وہ بغض ہے جس سے امت محمد ﷺ اور سرمایہ داروں کے درمیان خفیہ (سرد) جنگ،

اس وقت تک جاری رہے گی جب تک متبادل معاشی نظام متعارف نہیں کرایا جاتا جس کے لئے بہت بڑی حکمت عملی تیار کرنا ہو گی **اور یہ بھی یاد رکھیں سرمایہ دار اس کو آسانی کے ساتھ نافذ کرنے بھی نہیں دے گا۔**

سرمایا داروں نے تو مسلمانوں کو اپنا دشمن قرار دینے کے بعد مسلمانوں کی طاقت (ایمان،انصاف اور ایثار) کو ایک منظّم سازش کے تحت تحلیل اور تباہ کرنے میں کوئی کسر نہیں چھوڑی ہے کیونکہ وہ سمجھتے اور جانتے ہیں کہ صرف مسلمان کے پاس ایسا متبادل معاشی نظام موجود ہے جو ان کو معاشی میدان میں چیلنج کرنے کی جرات کر سکتے ہیں۔ اس کے برعکس مسلمانوں نے یہود و نصاریٰ کو عملی طور پر کبھی اپنا دشمن قرار نہیں دیا کیوں کہ مسلمان یہ عقیدہ رکھتے ہیں کہ تمام انسان ایک اللہ تعالیٰ کی مخلوق ہیں اور کسی نہ کسی شکل میں اللہ تعالیٰ کے ماننے والے ہیں اس لئے ان پر لازم ہے کہ ان بھٹکے ہوئے سرمایا داروں کے سامنے اللہ تعالیٰ کا عطا کردہ متبادل معاشی نظام پیش کریں تاکہ اگر وہ چاہیں تو اپنی اصلاح کر لیں ۔

===========

ربٰو اور نقد تجارت کا تقابلی جائزہ

جیسے کہ معاشرے میں علم و فہم کا معیار ایک جیسا نہیں ہوتا اسی طرح اس مشابہت کا بھی کوئی معیار نہیں ہوتا۔بظاہر ربٰو کے نظام میں سرمائے میں تو خاطر خواہ اضافہ ہوتا ہوا نظر آتا ہے مگر نتائج یکسر مختلف اور ہمیشہ ظالمانہ ہوتے ہیں لیکن اس نظام کے برعکس نقد معاشی نظام میں اللہ تعالیٰ کی مقرر کردہ حدود کے اندر رہ کر مناسب اضافہ بھی ہوتا ہے اور اسکے ساتھ ساتھ نقد تجارت اور بھائی چارے کو بھی فروغ ملتا ہے ، تاجر اور خریدار کے درمیان عزت واحترام بھی بڑھتا ہے جس کی مثال دنیا کے کسی اور نظام میں نہیں ملتی ہے مثال کے طور پر جیسے اللہ رب العزت نے انسان کے اندر اپنی صفات میں سے چند صفات بھی رکھی ہوئی ہیں جیسے کہ وہ اپنے خاندان کی کفالت وضرویات کو پورا کرنے کے لئے ہر قسم کی کوشش کرتا رہتا ہے لیکن ان صفات کی مشابہت کی بنیاد پر انسان کو "اللہ تعالیٰ" کا درجہ تو نہیں دیا جاسکتا ہے؟ ہر گز نہیں اس مشابہت کی وجہ سے لوگوں کی اکثریت دھوکے کا شکار تو ہو جاتی ہے لیکن یہ دھوکا عارضی ہوتا ہے اور اس دھوکہ میں ایک خوبی یہ بھی ہے کہ دینے والے کے پاس لوٹنا ضرور ہے۔

دوسرا سود کی خوبیاں ایسی خوبصورتی اور خوشنمائی سے بیان کی جاتی ہیں کہ ایمانی طور پر انسان کتنے ہی مضبوط کیوں نہ ہوں ایک دفعہ اس کی جانب راغب ہوئے بغیر نہیں رہ سکتے ۔ آج کی دنیا میں تو اخبارات ، اشتہارات اور ٹیلی ویژن، ساہوکار کے مخصوص ایجنڈے کے حصول میں اپنی خدمات فروخت کرتے رہتے ہیں لیکن اللہ تعالیٰ کا مکافات عمل کا ایسا قانون بھی موجود ہے کہ جس کے ذریعے سے ہر باطل نظام اور

.برے عمل کا انجام تباہی و بربادی اس کی اپنی جڑوں میں چھپا ہوا ہوتا ہے وہ اسے رفتہ رفتہ تباہی کی منزل کی طرف بڑھاتا رہتا ہے۔آخر کار وہ گھڑی آن پہنچتی ہے کہ جب وہ باطل نظام اور وہ قوم جو اس باطل نظام کی حامی ہوتی ہے تباہ و برباد ہو جاتی ہے اور آخر کار صفحہ ہستی سے ہی مٹ جاتی ہے۔میری نگاہ میں آج کا سودی معاشی نظام اپنی فطری زندگی پوری کر چکا ہے اور آج ختم ہو یا کل ختم ہونے کے قریب پہنچ چکا ہے اب سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ !

1۔کیا سودی نظام کے مقابل کوئی دوسرا متبادل معاشی نظام موجود ہے ؟

2 ۔کیا سود سے پاک متبادل نظام اس قابل ہے کہ جو سود کے موجودہ نظام کی جگہ لے سکے گا؟

3۔ کیا یہ نظام دنیا میں استحصال ختم کرنے اور انسانیت کی رہنمائی کرنے کے لئے تیار ہے ؟

جواب : جی ہاں ! بالکل اس کا متبادل معاشی نظام موجود ہے جسے " نقد تجارت کا معاشی نظام " کہتے ہیں جو آج سے 1400 سال ریاست مدینہ میں نافذ العمل رہا اور ساری دنیا کو حیران کر دیا تھا۔ بقول شاعر مشرق علامہ محمد اقبال

اٹھ کہ اب بزم جہاں کا اور ہی انداز ہے

مشرق و مغرب میں تیرے دور کا آغاز ہے

ربٰو : دراصل ربٰو یا سود جذبات سے عاری سرمائے میں اضافہ کرنے والا نظام ہے چاہے کسی بھی راستے سے سرمائے میں اضافہ ہو، بھلے کسی کو دھوکا دینا یا ظلم و زیادتی ہی کیوں نہ کرنا پڑے یا کوئی بھی انسانوں کے استحصال کا طریقہ اپنانا پڑے۔ بس نتیجتاً سرمایہ بڑھتے رہنا چاہئے۔ سود کی جڑوں میں ہی جھوٹ اور دھوکا دہی چھپا ہوا ہے۔ سود کے نظام کا واحد مقصد ذرائع و طریقہ کار کی پرواہ کئے بغیر صرف اور صرف اپنے سرمائے میں اضافہ کرنا ہے ۔("ڈیموکریسی ان امریکہ" ایلکس ڈی ٹاکویل)

نقد تجارت:

سود کی طرح بظاہر نقد تجارت میں بھی سرمائے میں اضافہ ہوتا ہوا نظر آتا ہے۔ اسلام بھی سرمائے میں اضافہ پر کسی قسم کی کوئی قدغن نہیں لگاتا بلکہ اس میں مزید اضافہ کیسے کیا جاسکتا ہے اس کا بھی طریقہ کار بڑی وضاحت سے بیان کرتا ہے اور یہ بھی بتاتا ہے کہ سرمائے میں اضافہ انسانوں کا استحصال کیے بغیر بھی ممکن ہے۔ آپس میں مدد، تعاون، عزت اور وقار سے سرمائے میں اضافہ اس سے کہیں زیادہ اور بہتر انداز میں کیا جاسکتا ہے۔ اس کی جڑوں میں ہی انسانیت کی بھلائی چھپی ہوئی ہے۔

تجارت ایک ایسا کاروباری میدان ہے جو سب کھلاڑیوں کو مقابلے کی دوڑ کے یکساں مواقع مہیا کرتا ہے۔ اگر تجارت کے میدان میں تاجر امانتدار، عقلمند، تحقیقی علم پر عبور رکھنے والا ہنر مند منصف مزاج ہوگا تو وہی میدان کا کامیاب کھلاڑی ہوگا۔ آج کل تو تجارت کے مرد میدان یہودی ہی ہیں اور اس حقیقت سے انکار ممکن نہیں ہے اور

تسلیم کرنا پڑے گا کہ سرمایہ دار کے اس سودی نظام کو اگر کوئی نظام چیلنج کر سکتا ہے تو وہ ہے نقد تجارت کا معاشی نظام جو تجارت کے ساتھ ساتھ انسانیت کی عزت و وقار، معاشرے میں اخوت اور بھائی چارے کو بھی فروغ دیتا ہے ۔

بھروسہ کر نہیں سکتے غلاموں کی بصیرت پر

کہ دنیا میں فقط مردان حر کی آنکھ ہے بینا

وہی ہے صاحب امروز جس نے اپنی ہمت سے

زمانے کے سمندر سے نکالا گوہر فردا

=============

سودی نظام کے تخلیق کاروں کا مقصد

سود کے مقاصد اور فوائد، اس کے خالقوں کی نظر میں کیا تھے۔ وہ اس کو بخوبی جانتے تھے۔ بحثیت انسان میری رائے میں سود انسانیت کو حقیقی زندگی کی لذتوں سے بہت دور اور انسانوں کو غلام بنائے رکھنے کی بہت بری نیت اور خواہش رکھتا ہے۔ دوسرا نبی محمد ﷺ کی تعلیمات خاص کر ربٰو کے خاتمے کا اعلان، ان کی شخصیت اور ہر بھلائی کے نام پر برائی کے لیے کام کی حمایت کرنا ہے۔

سود کی تعریف :

جیسا سود کو ایک غیر مسلم امریکی مفکر و مصنف نے سمجھا اور بیان کیا وہ شائد مسلم علماء نے بھی بیان نہیں کیا(علماء سے معزرت ،کم از کم میری نظر سے نہیں گزرا) ایلکس ڈی ٹوکیو یل نے اپنی کتاب "امریکہ میں جمہوریت1835,1840 " میں بہت خوبصورتی سے بیان کرتا ہے: "کہ سود مفادات کا ایک ایسا عقیدہ ہے جو بہت بلند نہیں ہے لیکن واضح اور یقینی ہے یہ عظیم چیزوں کو حاصل کرنے کی کوشش نہیں کرتا ،لیکن یہ ان کو حاصل کرتا ہے جس کا مقصد بہت زیادہ کوشش و محنت کے بغیر حاصل کرنا ہے۔ یہ بڑی عقیدت و محبت پیدا نہیں کرتا لیکن یہ ہر روز تھوڑی قربانیوں کا مشورہ دیتا ہے۔ خود یہ انسان کو نیک نہیں بنا سکتا لیکن یہ شہریوں کی ایک بڑی جماعت کی حیثیت رکھتا ہے۔ جو مدلل اعتدال پسند، دور اندیش اور اپنی مرضی کے خود کا مالک ہے۔ یہ براہ راست وصیت کے ذریعے فضیلت کی طرف نہیں جاتا بلکہ عادات کے ذریعے بے حس بنا کر اسے اپنے قریب لاتا ہے"۔

اس کی مثال پوری دنیا کا موجودہ معاشی اور معاشرتی ماحول ہے جہاں انسان اور انسانیت کس طرح بے حسی اور بے بسی کا شکار ہو رہی ہے۔ خاص طور پر وہ ممالک اور معاشرے جہاں مسلمان اکثریت میں ہونے کے باوجود موجودہ سودی معاشی نظام میں رہنے پر مجبور ہیں ان کے پاس سوائے دولت کمانے کے دوسرا کوئی اعلی مقصد ہی نہیں رہا۔ ہر طرف بے بسی، اور بے حسی پنجے گاڑ چکی ہے "جس کی لاٹھی اس کی بھینس" والا ایسا معاشرہ وجود میں آ چکا ہے جہاں اخلاقی اقدار کی کوئی قدر نہیں ایسے ماحول میں لوگ کبھی

خوشحالی کی زندگی نہیں گزار سکتے۔ اس کے علاوہ سود کا نظام سنگ دلی، خود غرضی اور بے حسی کو فروغ دیتا ہے۔ ایک سرمایہ دار کو صرف اپنے سرمائے کے نفع سے غرض ہوتی ہے۔ چاہے معاشرے میں ضرورت مند افراد ، بیماری، بھوک و افلاس سے کراہ رہے ہوں یا بے روزگار اپنی زندگی سے بے زار خودکشی کرنے پر مجبور ہوں۔ "مادیت پرستی" تمام اقوام عالم کے درمیان انسانوں کا مشترکہ اور خطرناک مرض ہے۔ شریعت اس شقاوت و سنگ دلی کو کسی طرح برداشت اور پسند نہیں کر سکتی ہے؟ بہرحال سود مطلّقاً حرام ہے، چاہے کسی بھی شکل میں ہو۔ ذاتی قرضے پر سود ہو یا تجارتی قرضے پر سود ہو۔

===========

سود اور ربٰو میں فرق: اکثر علماء سے سنا کہ "**ربٰو عربی کا لفظ ہے اور سود اردو کا" لیکن معنی کے اعتبار سے برابر ہیں۔** سرمایہ داروں نے ثابت کر دیا کہ جھوٹ اتنا بولو کہ سچ کا گمان ہونے لگے، جُذ کی اتنی تشہیر کرو کہ کُل چھپ جائے۔ لیکن ہمارے تن آسان لوگوں نے جیسے (الصلوۃ یا صلیٰ) کے مابین جو فرق ہے اس پر کوئی توجہ نہیں دی۔ اسی طرح "سود" اور "ربٰو" کو بھی ہم معنی قرار دے کر اللہ تعالیٰ کے سیاسی اور معاشی نظام کو رائج کرنے میں ناکام ہوئے ہیں اور اللہ تعالیٰ سے براہ راست دشمنی مول لی ہے۔ جو میرے نزدیک عربی زبان سے لاعلمی اور تحقیقی علم نہ ہونے کی وجہ سے ایک فاش غلطی یا غلط فہمی پیدا ہوئی ہے۔ اب اس کا ازالہ کرنے کے لئے اس کا فرق سمجھنا اور دور کرنا لازم ہے۔ مثلاً "ربٰو ایک درخت کی جڑ ہے اور اس درخت کا پھل سود ہے ۔ مزید وضاحت یہ کہ جس طرح دہی، لسی اور مکھن کا ماخذ دودھ ہوتا ہے۔ اسی طرح

مالی معاملات کچھ بھی ہوں (چاہے دست بدست قرض کی ہو، زمین کو پٹے پے دینے کی ہو، مضاربت یا مشارکت کی کوئی بھی شکل ہو) "ربٰو" ان سب کی جڑ یا ماخذ ہے "۔ اسی لئے اللہ تعالیٰ نے "ربٰو" کو جڑ سے ہی ختم کرنے کا حکم دیا تاکہ "سود " کی کوئی شکل ہی باقی نہ بچے۔ نہ رہے گا بانس نہ بجے گی بانسری۔ اسی لئے حکیم اعلیٰ نے "ربٰو" کا لفظ استعمال کیا جس کا اردو میں ترجمہ ہے نہ متبادل تو کیسے سود اور "ربٰو" کو برابر قرار دے دیا؟ یہ ایک بہت بڑی سوچی سمجھی سازش ہے

اسلام کے ظہور سے پہلے سے سودی نظام کی وجہ سے انسانوں کا استحصال اور معاشرے میں بے حسی اور مجبوریاں جڑ پکڑ چکی تھیں۔اور یہ قانون فطرت ہے جب ظلم اپنی حدیں پار کرتا ہے تو اس کا خاتمہ ضروری ہو جاتا ہے۔ یہ کیسے ممکن تھا کہ دین حق کے آنے کے بعد بھی انسانوں کا استحصال جاری رہتا ؟ اللہ تعالیٰ جو خالق کائنات جس کی ایک صفت حکمت بھی ہے اس کی نظر سے سود کی مکاریاں کیسے مخفی رہ سکتی تھیں اسی لئے اللہ تعالیٰ نے ربٰو کے خاتمے کا اعلان کیا (وَاَحَلَّ اللّٰہُ الۡبَیۡعَ وَحَرَّمَ الرِّبٰوا - 275البقرہ) اور انسانوں پر حرام ٹھہرا کر انسان کو معاشی اور انسانی غلامی سے آزاد کر دیا۔ سودی معاشی نظام کو جڑ سے ہی اکھاڑ باہر کیا۔

اس کے لئے قرآن میں ربٰو (میری نظر میں یہ ام الخبائث کا لفظ بھی کمتر ہے) کی اصطلاح استعمال کی اور سود کی تمام ممکنہ اشکال کو رد اور خاتمے کا اعلان کیا۔ سود سے پاک معیشت کو رائج کرنے کا حکم دیا۔ ہم سے کوتاہی ہوئی اور ہم "سود" اور "ربٰو" کی ظاہری مشابہت سے دھوکہ کھا کر ہم پلہ سمجھ بیٹھے ہیں جس کے بعد سے مسلمانوں کی

تباہی و بربادی کا ایک نہ ختم ہونے والا سلسلہ جو اسلام کے ظہور سے پہلے سے جاری تھا وہ آج بھی جاری ہے۔آیئے اس پر دوبارہ تفکر وتدبر کرتے ہیں اور امت مسلمہ کو سود اور ربٰو کے آفریت سے نجات دلا کر اپنے اہل علم مسلمان ہونے کا ثبوت دیں اور کم از کم پاکستان میں تو سود سے پاک معاشی نظام قائم کریں۔اس وقت دنیا مسلمانوں کی طرف دیکھ رہیں ہیں اور وقت کی اہم ضرورت بھی ہے، سپریم کورٹ کے فیصلے کے بعد حالات بھی موافق ہیں اور اس سے بہتر شائد دوسرا موقع میسر نہ آئے۔

مفتی امداد اللہ محمود فرید صاحب فرماتے ہیں "ربٰو اور سود دونوں میں فرق ہے۔ اردو کے ربٰو یا سود سے مراد فقط جاہلیت کا سود ہے۔ جو فقط قرض پر منافع کا حصول ہے، اور عربی کے ربٰو سے مراد ہر وہ تمویلی اور تجارتی معاملہ کہ جس میں سودی لین دین پایا جائے چاہے وہ قرض میں ہو یا ادھار میں، مضاربت میں ہو یا شراکت میں۔ مرابحہ میں ہو یا ایجارہ میں، نقدی میں یا بیع صرف میں، رہن میں ہو یا سیکیورٹی میں غرض ہر وہ تجارت یا اسکیم جس میں قرآن وسنت اور فقہاء امت کی طرف سے بتائی گئی سودی معاملات کی واضح علامات موجود ہوں وہ عربی کا ربٰو یعنی سود ہے۔ جو تقریباً سود کی چھ اقسام میں بند ہے۔ سود کہلاتا ہے۔" مفتی امداد اللہ محمود فرید دارالافتاء جامعہ مظاہر العلوم آرائے بازار لاہور کینٹ۔

======

ربٰو کے خاتمے کا اعلان کیوں ضروری تھا ؟

اللہ تعالیٰ نے ربٰو کے خاتمے کا حکم رسول اللہ ﷺ کے وصال سے کچھ ہی عرصہ پہلے نازل کیا تھا۔ مروجہ سود کا خاتمہ اور اس کی روک تھام انتہائی اہم تھی کیونکہ سودی نظام آہستہ آہستہ مگر پورے زور و شور اور یقین کے ساتھ مسلم معاشرے میں سرائیت اور رواج پا رہا تھا اور اس کا برقرار رہنا اسلامی معاشرتی زندگی کی نفی تھی۔ اس لئے یہ انتہائی ضروری تھا کہ اس سودی نظام کا خاتمہ کیا جائے اور متبادل کے طور سود سے پاک نقد معاشی نظام کو متعارف و نافذ کیا جائے تا کہ انسانیت کو انسانوں کے استحصال سے بچایا اور خوشحال زندگی کو بحال کیا جائے۔

ربٰو /سود کے معنی وسود کی تعریف: سود کی تعریف کسی اور کے پیسے کا استعمال یا ادا کی جانے والی رقم کے طور پر کی جاتی ہے۔ سود کے لغوی معنی زیادتی اور اضافے کے ہیں۔ شریعت میں اس کا اطلاق "ربٰوالفضل" اور "ربٰو النسیہ" پر ہوتا ہے۔ ربٰو الفضل اس کو کہتے ہیں جو چھ اشیاء میں کمی بیشی یا نقد و ادھار کی وجہ سے ہوتا ہے۔ مثلاً گندم کا تبادلہ گندم سے کرنا ہے تو فرمایا گیا کہ ایک تو برابر برابر ہو۔ دوسرے ہاتھوں ہاتھ ہو اس میں بھی اگر کمی بیشی ہو گی تب بھی اور ہاتھوں ہاتھ ہونے کی بجائے ایک نقد اور دوسرا ادھار یا دونوں ادھار ہوں پھر بھی ربٰو / سود ہے۔

ربٰو "النسیہ" کا مطلب ہے کہ کسی کو چھ مہینے کے لئے اس شرط پر سو(100) روپے دینا کہ واپسی 125 روپے ہو گی 25 روپے چھ مہینے کی مہلت کے اضافی لئے جائیں۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ کی طرف منسوب قول میں اس طرح بیان کیا گیا ہے۔ کُلُّ قَرضٍ جَرَّ مَنُفعَۃً فَھُوَ ربٰو (فیض القدیر شرح الجامع الصغیر ۔ج 5۔ صفحہ 28)۔

قرض پر لیا گیا نفع (ربٰو/سود) ہے بھلے یہ قرضہ ذاتی ضرورت کے لئے لیا گیا ہو یا کاروبار کے لئے دونوں قسم کے قرضوں پر لیا گیا فائدہ (سود/ربوٰ) حرام ہے۔ زمانہ جاہلیت میں بھی دونوں قسم کے قرضوں کا رواج تھا۔ شریعت محمدی نے بغیر کسی قسم کی تفریق کے دونوں کو مطلّقاً حرام قرار دیا ہے۔ اس لئے بعض لوگوں کا یہ کہنا کہ تجارتی قرضہ پر اضافہ (ربٰو) نہیں ہے۔ اس لئے کہ قرض لینے والا اس سے فائدہ اٹھاتا ہے جس کا کچھ حصہ وہ بینک کو یا قرض دہندہ کو لوٹا دیتا ہے تو اس میں کیا قباحت ہے؟ اس کی قباحت ان مجتہدین کو نظر نہیں آتی جو اس کو جائز قرار دینا چاہتے ہیں ورنہ اللہ تعالیٰ کی نظر میں اس میں بڑی قباحتیں ہیں۔ مثلاً قرض لے کر کاروبار کرنے والے کا منافع یقینی تو نہیں ہے بلکہ منافع تو کجا اصل رقم کی حفاظت کی بھی ضمانت نہیں ہے۔ بعض دفعہ کاروبار میں ساری رقم ہی ڈوب جاتی ہے۔ جب کہ اس کے بر عکس قرض دہندہ (چاہے وہ بینک ہو یا ساہوکار) اپنا منافع پہلے سے ہی متعین کر لیتا ہے جس کی ادائیگی ہر صورت لازمی ہے۔ یہ ظلم کی ایک واضع صورت ہے جسے شریعت اسلامیہ کس طرح جائز قرار دے سکتی ہے؟۔ خلاصہ سورہ البقرہ صفحہ 121، 122 شاہ فہد قرآن کریم پرنٹنگ کمپلیکس سعودی عرب۔

ایک غیر مسلم مصنف الیکس ڈی ٹوکیویل اپنی کتاب، "امریکہ میں جمہوریت" میں کہتا ہے: کہ "(سود) کو شرعی قانون کے تحت متعدد وجوہات کی بناء پر ممنوع قرار دیا گیا ہے۔ کیونکہ اس کا مقصد بدلے میں "مساوات" کو یقینی بنانا ہے۔ اس کا مقصد یہ یقینی بنانا ہے کہ لوگ ناجائز اور غیر مساوی تبادلے کو غیر قانونی بنا کر اپنے مال کی حفاظت نہ کر سکیں۔ جبکہ اسلام کا مقصد صدقہ کو فروغ دینا اور احسان کے ذریعے دوسروں کی مدد کرنا ہے۔ اور خود غرضی کے جذبات کو دور کرنا جو معاشرتی عداوت، عدم اعتماد اور ناراضی پیدا کر سکتے ہیں۔ (ربٰو /سود) کو غیر قانونی بنا کر شریعتی قانون کے ذریعے یکساں مواقع اور ماحول تیار کرنا ہے جس میں لوگوں کو خیر پھیلانے اور ریاست سے کام کرنے کی ترغیب دی جاتی ہے۔ اگر سود کے اصول کو صحیح معنوں میں سمجھا جائے تو موجودہ دنیا کی حیثیت اس کے پیش نظر کچھ بھی نہیں ہے تو یہ بہت ہی ناکافی ہوگا کیونکہ اسلام میں بہت ساری قربانیاں ایسی ہیں جن کا بدلہ صرف کہیں اور مل سکتا ہے۔ فضیلت (اچھائی) کی افادیت کو ظاہر کرنے کے لئے کوئی بھی آسانی پیدا کی جاسکتی ہے مگر اس انسان کے زندہ رہنے کے لئے یہ آسان کام کبھی نہیں ہوگا جس کو مرنے کا کوئی خیال نہیں ہے۔ لہٰذا یہ جاننا ضروری ہے کہ کیا حق کے مطابق سمجھے جانے والے اصل سود کے اصول مذہبی نقطہ نظر کے ساتھ آسانی سے مطابقت پذیر ہیں؟۔ یہ فلسفہ جو اخلاقیات کا یہ نظام مرتب کرتے ہیں وہ انسانوں کو کہتے ہیں کہ اس زندگی میں خوش رہنے کے لئے انہیں اپنے شوق کو دیکھنا چاہئے اور مستقل طور پر اپنی خواہشات پر قابو پانا

چاہیے۔ دائمی خوشی صرف ایک ہزار عارضی خوشیاں ترک کر کے ہی حاصل کی جاسکتی ہے اور یہ کہ اپنے نفع کو حاصل کرنے کے لئے ایک شخص کو ہمیشہ اپنے نفس پر فتح حاصل کرنا بھی ضروری ہوگا۔اسی طرح تقریبا تمام مذاہب کے بانیوں نے ایک ہی زبان رکھی ہوئی ہے اور جس راستہ کی طرف انہوں نے انسان کو اشارہ کیا وہ ایک ہی ہے "آخرت" ان قربانیوں کا ثواب اس دنیا میں رکھنے کے بجائے وہ اسے دوسری جگہ لے جاتے ہیں۔ اس کے باوجود میں یہ نہیں مان سکتا کہ وہ تمام لوگ جو مذہبی نقطہ نظر سے اچھائی پر عمل پیرا ہیں ،وہ صرف بدلہ آخرت میں لینے کی امید کے ذریعے انجام پا رہے ہیں۔ جو اپنے آپ کو ہمیشہ بھول جاتے ہیں اور اپنے ساتھی انسانوں کی خوشی کے لئے زیادہ تر شوق سے کام کرتے ہیں۔ میں نے سنا ہے کہ انہوں نے اعلان کیا ہے کہ انہوں نے یہ سب کچھ صرف ہمیشہ کی زندگی کی برکات حاصل کرنے کے لئے کیا ہے میں یہ نہیں سوچ سکتا کہ وہ اپنے آپ کو دھوکہ دے رہے ہیں اور میں ان کا اس پر یقین کرنے کے لئے ان کا بہت زیادہ احترام کرتا ہوں۔ مسیحیت واقعتاً یہ

تعلیم دیتی ہے کہ انسان کو ہمیشہ کی زندگی حاصل کرنے کے لئے اپنے پڑوسی کو اپنے آپ پر ترجیح دینا چاہئے اور عیسائیت یہ بھی تعلیم دیتی ہے کہ انسانوں کو خدا کی محبت کے لئے اپنے ساتھی مخلوق کو فائدہ پہنچانا چاہئے ایک عمدہ اظہار ہے۔ انسان اپنی ذہانت سے خدائی تصورات کو تلاش کرتا اور دیکھتا ہے کہ اس حکم کو خدا کا مقصد آزادانہ طور پر ایک عظیم منصوبہ کو مکمل کرنے کے لئے ایک دن جمع ہونا ہے اور جب وہ تمام تخلیق شدہ چیزوں کی اس ضمن میں اپنے مفادات کی قربانی دیتا ہے تو اس (اللہ تعالیٰ) کی

خوشنودی کے سوا کسی اور بدلے کی توقع ہی نہیں کرتا ہے لہٰذا اس پر غور کرنا بہت ضروری ہے"۔ (الیکس ڈی ٹاکویل)

============

معاوضہ صرف محنت کا

حکمِ حق ہے لَیۡس لِلاِنسانِ اِلّامَا سعیٰ
کھائے کیوں مزدور کی محنت کا پھل سرمایہ دار
(اقبالؒ)

ترجمہ۔ "اور یہ کہ ہر انسان کے لئے صرف وہی ہے جس کی وہ خود کوشش کرتا ہے" (النجم 39/53)۔

اللہ تعالیٰ نے قرآن کریم کی سورۃ الواقعہ میں انسان کو اس کی اوقات یاد دلاتے ہوئے فرمایا ہے ترجمہ۔ "اچھا پھر تم یہ بتلاو کہ جو بیج تم بوتے ہو اسے میں اگاتا ہوں یا تم اگاتے ہو" (الواقعہ 63،64/56) اور پھر اسی سورہ میں فرمایا کہ "اچھا یہ بتاؤ کہ جس پانی کو تم پیتے ہو اسے بادلوں سے میں برساتا ہوں یا تم برساتے ہو" (الواقعہ 68،69/56)۔ اور پھر اسی سورہ میں فرمایا کہ "اچھا ذرا یہ بھی بتاو کہ جو آگ تم سلگاتے ہو اس کے درخت کو تم نے پیدا کیا ہے یا ہم اس کے پیدا کرنے والے ہیں (الواقعہ 72،71/56)۔ اسی سورہ میں اللہ تعالیٰ انسان کو کہتا ہے کہ "عورت کے رحم میں جو نطفہ تم ڈالتے ہو اس سے بچہ میں بناتا ہوں یا تم بناتے ہو"

ذرا سوچو تو سہی کہ یہ سب کچھ اللہ رب العزت کے قانون کے تحت ہوتا ہے یا ہمارے کسب و ہنر کی رو سے ہوتا ہے مثلاً ہم جو کھیتی باڑی کرتے ہیں اس پر غور کریں کہ اس میں ہمارا عمل دخل کتنا ہے اور اللہ تعالیٰ کا قانون کیا کچھ کرتا ہے ہم زمین میں ہل چلا کر اس میں بیج ڈال دیتے ہیں اب بتائیں کہ اس بیج سے فصل کون اگاتا ہے؟ ایسا ہم کرتے ہیں یا اللہ باری تعالیٰ کی ذات کرتی ہے۔

میری ذاتی رائے میں " معاوضہ صرف محنت کا " کا حکم دے کر اللہ تعالیٰ نے اپنی مدد کا وزن اپنے اس بندے کے پلڑے میں ڈال دیا ہے۔ جس کے پاس کاروبار کرنے کے لئے سوائے محنت اور وقت کے کچھ نہیں ہے اس نے معاشرے اور انسان دونوں کو استحصالی نظام سے محفوظ کر دیا۔ اسی طرح معاشرے میں احسان اور خیر پھیلانے کی بنیادی ذمہ داری ریاست کی ہوتی ہے اور ریاست کا ہر شہری اس ذمہ داری میں برابر شریک ہو کر ریاست کی مدد کرتے ہیں۔ ریاست اپنے ہر شہری کی کفالت کی ذمہ دار ہے خواہ وہ شہری امیر ہو یا غریب، صحت مند، اپاہج یا بیمار، سب اس کی اولاد کی طرح ہوتے ہیں۔ چونکہ ریاست میں اللہ تعالیٰ کے خزانے پوشیدہ ہوتے ہیں اس لئے اللہ تعالیٰ نے انسان کو اپنا نائب اور اقتدار دے کر ذمہ دار ٹھہرا دیا کہ وہ ایسے ادارے قائم کرے جہاں کردار سازی ہو جیسے مسجد ہو، جہاں جدید علوم سکھائے جائیں جیسے مدرسہ ہو اور کاروبار کے لئے تجارتی منڈی ہو اور زمین میں مدفون خزانوں کو تلاش اور استعمال میں لا کر اپنی رعایا کی ضروریات کو پورا کرے اور جو کوئی ریاست کا سربراہ بن کر اپنی رعایا کا خیال نہیں کرے گا اسے اللہ تعالیٰ کے ہاں جوابدہ ہونا پڑے گا ۔ موجودہ دور میں عملی طور پر ایک غریب انسان کے پاس شراکت کے

لئے پیسہ نہ ہونے کی وجہ سے اپنی محنت کو گروی رکھنا پڑتا ہے اور یہیں سے انسان کا استحصال اور معاشرے میں بگاڑ شروع ہوتا ہے اسی لئے اللہ تعالیٰ نے ربٰو کی ہر شکل کو حرام قرار دے دیا تاکہ معاشرے میں اخوت اور بھائی چارے کی فضا پیدا ہو سکے یہ شرف صرف دین اسلام کو ہی حاصل ہے اور اس کے برعکس موجودہ سرمایہ داری نظام نے پوری دنیا میں فساد برپا کر رکھا ہے۔

حکمِ حق ہے لَیسَ لِلاِنسانِ اِلّامَا سعیٰ

کھائے کیوں مزدور کی محنت کا پھل سرمایادار

سود سے استحصال کیسے؟

مجبوراً قرض لینے والے کو جو اضافی رقم (سود) دینا پڑتی ہے وہ استحصالی سود کہلاتا ہے۔ اس قسم کا سود جو کہ پہلے بھی حرام تھا اور آج بھی نہ صرف حرام ہے بلکہ غیر انسانی بھی تصور کیا جاتا ہے۔ سود کی حرمت انجیل اور تورات میں بھی موجود ہے۔ عبرانی زبان تورات میں ربٰو کو "ربایت" لکھا گیا ہے۔ غیر انسانی اور غیر منصفانہ سود کی سزا مسیحی معاشرے میں زندہ جلا دینا تھا۔ یہودیت میں بھی ربٰو کی سزا تھی لیکن "چالاک یہودیوں نے اپنے مذہبی رہنماؤں سے یہ قانون پاس کروالیا تھا کہ "یہودی اگر یہودی کو قرض دے گا اور اس پر سود لے گا تو یہ جرم ہو گا لیکن اگر کسی غیر یہودی کو قرض دے کر سود لے گا تو یہ یہودی پر حرام نہیں ہو گا۔" اس طرح زمانہ قدیم سے یہودیوں نے قرض دے کر سود کمانے کو ایک پیشہ بنایا ہوا تھا۔ قبل اسلام جو یہودی مدینہ میں آباد

تھے اسلام کے آنے کے بعد بھی اپنا آبائی کاروبار جاری رکھا وہ بھاری سود پر قرض دیتے اور لیتے تھے۔

دین اسلام آنے کے بعد مروجہ سودی کاروبار روکنا انتہائی اہم اور ضروری تھا۔ ورنہ اسلام کی سیاسی، معاشرتی اور ثقافتی زندگی بے معنی ہو جاتی۔ لہٰذا اسلام دولت کمانے کا لائسنس عام نہیں دیتا بلکہ ایک ذمہ داری کے ساتھ۔ ترجمہ "اے ایمان والو! اپنے آپس کے مال ناجائز طریقہ سے مت کھاؤ، مگر یہ کہ خرید و فروخت تمہاری آپس کی رضامندی سے ہو اور اپنے آپ کو قتل نہ کرو یقینا اللہ تعالیٰ تم پر بہت رحم کرنے والا ہے جو شخص بھی حکم عدولی کرے گا میرے حکم سے سرکشی یا ظلم کرے گا تو عنقریب ہم اس کو آگ میں داخل کریں گے اور یہ اللہ پر آسان ہے"۔ (قرآن۔النساء 4،29)۔

==========

اسلام میں کمائی کے جن طریقوں کو حرام کیا گیا ہے

1۔ سود خور (البقرہ۔275-278تا280،آل عمران 130)۔

- رشوت اور غصب (البقرہ۔180)۔

- خیانت خواہ فرد یا افراد کے مال میں ہو (البقرہ۔283 آل۔عمران۔161)۔

چوری (المائدہ38)۔

- مال یتیم میں بے جا تصرف (النساء۔10)۔

- ناپ تول میں کمی (المتطفیف۔2،1،3)۔
- فحاشی پھیلانے والے ذرائع کا کاروبار (النور-19)۔
- قحبہ گری اور زنا کی آمدنی (النور-2۔32)۔
- شراب کی صنعت بیع اور اس کی حمل و نقل، جوا، بت گری، فال گری (المائدہ-90)۔

2۔مال جمع کرنے کی ممانعت

ناجائز طریقوں سے کمائی گئی دولت جمع نہ کرنے کا حکم :ترجمہ "اے ایمان والو! اکثر علماء اور عابد لوگوں کا مال ناحق کھا جاتے ہیں اور اللہ کی راہ سے روک دیتے ہیں اور جو لوگ سونے چاندی کا خزانہ رکھتے ہیں اور اللہ کی راہ میں خرچ نہیں کرتے، انہیں دردناک عذاب کی خبر پہنچا دیجئے"۔(التوبہ 9/34)۔

3۔مال خرچ کرنے کا حکم:اللہ تعالیٰ نے مال جمع کرنے کی بجائے خرچ کرنے کا حکم دیا ہے۔ترجمہ " وہ آپ سے یہ دریافت کرتے ہیں کہ کیا کچھ خرچ کریں؟ تو آپ کہہ دیجئے اپنی ضرورت سے زائد" (البقرہ 219، النساء 36،الزاریات-1، البقرہ 280،272،268،الروم 39، الفاطر، 30)۔ترجمہ " جنہیں اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل سے دے رکھا ہے وہ اس میں اپنی کنجوسی کو اپنے لئے بہتر خیال نہ کریں وہ ان کے لئے انتہائی بدتر ہے"۔(آل عمران 180/3)

باب دوم

قیام پاکستان کا بنیادی مقصد

پاکستان کا مطلب کیا؟ لا الہ الا اللہ کے بنیادی نعرہ سے شروع ہونے والا یہ سفر ایک عظیم، مخلص، دیانتدار اور مدبر لیڈر قائد اعظم محمد علی جناحؒ کی قیادت میں اپنی منزل تک تو پہنچ گیا لیکن جس بنیادی مقصد کے حصول کے لئے مملکت خداداد معرض وجود میں آئی، بد قسمتی سے اس مقصد کا حصول آج تک ادھورا ہے۔ اس کی سب سے بڑی وجہ بانی پاکستان کی ناگہانی وفات کے بعد مخلص قیادت کا فقدان رہا ہے۔

تصور پاکستان دینی تجربہ گاہ علامہ محمد اقبالؒ کا خواب:

دنیا کے مسلمانوں اور خصوصاً بر صغیر کے مسلمانوں کو پیغام دیتے ہوئے عظیم محقق، فلسفی مفکر اور معاشرتی سائنسدان علامہ محمد اقبالؒ نے انتہائی یقین سے یاد دلاتے ہوئے کہا۔ " قوم کا مطلب یہ ہے کہ ہزاروں آنکھیں ایک ہی نگاہ سے دیکھ رہی ہوں۔ تم بھی یک نگاہ ہو جاؤ تا کہ تمہیں دنیا کی فرمانروائی حاصل ہو"۔ اسلام نے حقیقی جذبے اور درست معنوں میں عمل کرنے کے لئے اور بحیثیت قوم فخر، امن اور عزت کے ساتھ زندگی بسر کرنے کی تلقین کی ہے۔ایک قوم کو حقیقی آزادی اس وقت ملتی ہے۔ جب وہ کسی معاشی دباؤ کے بغیر اپنے معاشرتی اور ثقافتی طرز زندگی کے فیصلے اپنی روایات اور قوانین کی روشنی میں کر سکے اور یہ ایسا آزاد، خود مختار معاشی طور پر مضبوط ریاست میں ہی ممکن ہو سکتا ہے دوسری صورت معاشی آزادی کے بغیر ریاست

غلاموں کی منڈی بن جاتی ہے۔ قائدِاعظم محمد علی جناحؒ علامہ محمد اقبالؒ کے اس اولین مقصد کو سمجھ چکے تھے اس لئے انہوں نے اس عظیم اور مقدس مقصد کو اپنی زندگی کا نصب العین بنا کر علامہ اقبالؒ کے خواب کی تعبیر اور حصول کو اپنی زندگی کا حقیقی مقصد بنالیا تھا اور ریاست پاکستان کے قیام کے لئے ہمیشہ ثابت قدم رہے۔

آخر کار اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم اور مخلص لیڈر کی مخلص کاوشوں سے پاکستان 27 رمضان 14 اگست 1947 کو معرض وجود میں آگیا۔ الحمد اللہ! اور اپنی آزادی کے پچاس سال بعد ہی پاکستان دنیا کی ساتویں اور اسلامی دنیا کی پہلی جوہری طاقت بن کر عالمی نقشے پر ابھرا ،اور 15 سال بعد 1962 میں اپنا پہلا خلائی مشن بھیج کر دنیا کو اپنے مستقبل کے عزائم سے آگاہ کر دیا جو دشمن کو ایک آنکھ نہ بھائے۔ ہمیں اس جوہری پاکستان کا شہری ہونے پر فخر ہے۔ جہاں پاکستان نے اپنے محدود وسائل میں رہتے ہوئے اعلی ذہانت، علم و تحقیق کی وجہ سے دفاع کے شعبہ میں، زرعی و صنعتی شعبوں میں، سائنس و ٹیکنالوجی میں اعلیٰ مہارت کی حامل افرادی قوت پیدا کر کے دوسرے ترقی پزیر ممالک کی مدد کرنے کے علاوہ اور بہت سی اہم کامیابیاں حاصل کیں۔

وہیں دوسری طرف گزشتہ تیس پینتیس سالوں میں نااہل حکمرانوں کی غلط پالیسیوں کی وجہ سے ہماری معیشت اور ہمارے بہت سے ادارے اخلاقی ومعاشی طور پر تباہ ہو چکے ہیں۔ تمام اداروں میں قابلیت کا قتل اوراقربا پروری کی حوصلہ افزائی اوراس کے نتیجے میں ہونے والی بے روزگاری نے قوم کو سیاسی، مذہبی اور لسانی بنیادوں پر تقسیم کر کے

رکھ دیا ہے۔ ان حکمرانوں کی کرپشن آج سب کے لئے ایک درد سر اور حقیقی پریشانی بنی ہوئی ہے۔ مئی 1998 میں 6 جوہری تجربات کے بعد تو پوری دنیا کی نظریں پاکستان پر لگی ہوئی ہیں۔ ان دھماکوں کے بعد کرپٹ حکمرانوں کی کرپشن اور بھی گہرائی و شدت سے محسوس کی جارہی ہے۔

اب وہ وقت آگیا ہے کہ بحیثیت قوم دنیا کے سامنے یہ ثابت کرنا ہوگا کہ اسلام اپنا سیاسی معاشرتی اور بنا سود معاشی نظام رکھتا ہے۔ اس نظام کے اندر انسانیت کو درپیش تمام دنیاوی مسائل کا حل موجود ہے۔ خودداری اور وقار کے ساتھ سادہ زندگی بسر کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ ایک دوسرے کا دل میں احساس ہی ملک و قوم کی تقدیر بدل سکتا ہے۔ اس کے لئے ہر پاکستانی کو اخوت کے جذبے کے ساتھ بھرپور جدوجہد کرنی ہو گی۔ شخصی قابلیت کو معیار بناکر ہم اپنے اعلیٰ دماغوں کی بیرون ملک منتقلی کو روکنا بلکہ بیرون ممالک سے اپنے ذہین لوگوں کی واپسی کو بھی ممکن بنانا ہوگا۔

آج حکومت کے سامنے سود سے پاک معاشی نظام کا خاکہ پیش کرتے ہیں تاکہ حکومت ہر قسم کے مشکل چیلنج کا مقابلہ کر سکے اور اپنے ملک اور قوم کو بدحال معیشت کے اس بحران سے نکال سکے اب یہ حکومت وقت پر منحصر ہے کہ وہ اپنے ملک اور قوم کو سود کی گندگی سے کیسے اور کتنی دیر میں نکال سکے گی؟

شریعت محمدی تو اہل ایمان کو معاشرے میں ضرورت مندوں پر بغیر کسی دنیاوی لالچ ، غرض و منفعت کے خرچ کرنے کی ترغیب دیتی ہے جس کی وجہ سے معاشرے میں اخوت، بھائی چارے، ہمدردی، تعاون اور شفقت و محبت کے جذبات فروغ پاتے ہیں

اسی لئے کہا جاتا ہے کہ ایک عام انسان کی غلطی کا خمیازہ اسی کو بھگتنا پڑتا ہے مگر ایک مجتہد / فقہی عالم دین جنرل یا جج کی غلطی کی سزا پورے معاشرے کو بھگتنا پڑتی ہے۔ ہم سے الفرقان کا ترجمہ کرنے اور سمجھنے میں چوق ہو گئی یا شروع دن سے ہی سازش کا شکار ہو گئے تھے یا ہم سے اجتہادی غلطی ہوئی۔ آیئے دوبارہ سوچتے ہیں کہ ہم سے غلطی کہاں ہوئی۔ آیئے دوبارہ اجتہاد کر کے اپنے اللہ تعالیٰ اور رسول اللہ محمد ﷺ کو راضی کریں، تا کہ دین و دنیا کی نعمتیں اور دنیا کی امامت حاصل کر سکیں۔ اقبال نے شاید اسی لئے کہا تھا کہ

سبق پھر پڑھ صداقت عدالت کا شجاعت کا

لیا جائے گا کام تجھ سے دنیا کی امامت کا

===========

متبادل نظام اور پاکستان

اگر دنیا میں نہیں تو کم از کم اپنے ملک میں مکمل طور نقد معاشی نظام کو مثالی نظام کے طور پر رائج کر کے دنیا کو ثابت کریں کہ متبادل معاشی نظام ہر طرح سے انسانیت کی فلاح و بہبود کا اہتمام کر سکتا ہے اگر ایسا کرنے میں ناکام ہوتے ہیں تو پھر یونہی ذلت و رسوائی کا سامنا کرتے رہیں گے۔ اب ہماری کوشش ہونی چاہیئے کہ نقد تجارت کے معاشی نظام کو اپنے ملک میں نافذ کرنے کی بھرپور کوشش کریں کہ جس کے لئے پاکستان حاصل کیا گیا۔ نقد معاشی نظام کی کامیابی کا سہرا پوری پاکستانی قوم کے سر پر ہی بندھے گا کیوں کہ یہ پاکستان کی تخلیق اور پاکستانی قوم کی اساس ہے اور ان کے جذبات کی درست

ترجمانی ہو گی ان کے تعاون کے بغیر اس نظام کی کامیابی بہت ہی مشکل ہے اسلئے رب کریم سے دلی دعا ہے کہ وہ ہم سب کو مل کر اس نقد معاشی نظام کو پاکستان میں قائم کرنے کی ہمت اور توفیق عطا فرمائے آمین ثم آمین۔

===========

بنا سود معاشی نظام کیا ہے؟

قرض لے کر تجارت کی بجائے نقد تجارت کرنے کے عمل کو فروغ دینے کا نظام ہے۔ اس وقت پوری دنیا میں صرف قرض کو ہی ذریعہ تجارت سمجھ لیا گیا ہے یا سمجھا دیا گیا ہے۔ موجودہ حالات کے تناظر میں نقد تجارت کرنا ناممکن سا نظر آتا ہے جبکہ حقیقت اس کے برعکس ہے۔ صرف سمجھنے اور دیکھنے کے زاویہ کو تبدیل کرنے کی ضرورت ہے۔ مثال کے طور پر موجودہ نظام میں جب ایک فرد اپنی غرض یا ضرورت پوری کرنے کے لئے کسی پرائیویٹ بینک یا کسی مالدار انسان سے قرض لینے کے لئے درخواست کرتا ہے تو وہ اسے ایک اضافی شرح سود پر محدود مدت کے لئے قرض دیتا ہے عوام کی اکثریت اس جال میں پھنسی ہوئی ہے۔جس سے انسان کے استحصال کا نہ ختم ہونے والا سلسلہ شروع ہو جاتا ہے ۔ جبکہ نقد تجارت کے معاشی نظام کا منشا ہے کہ ضرورت مند آدمی کسی فرد یا نجی ادارے کی بجائے یہ تعلق صرف اپنی ریاست سے قائم کرے کیوں کہ ریاست کے پاس وہ تمام ذرائع و وسائل، طاقت اور صلاحیت موجود ہوتی ہے جو ایک فرد یا پرائیویٹ ادارے کے پاس نہیں ہو سکتی اور ریاست اپنی ذمہ داری محسوس کرتے ہوئے اپنے شہری کی مدد کے لئے بغیر کسی ذاتی غرض و مفاد کے ہر

وقت موجود رہتی ہے۔ جبکہ فرد یا کوئی نجی ادارہ ذاتی مفاد کے بغیر ایسا کرنے سے قاصر ہوتا ہے۔

==========

آزاد معیشت یا فری اکانومی

سرمایہ داروں کے نمائندے یہ سمجھتے ہیں کہ دنیا ان کی کہی ہوئی ہر بات ماننے پر مجبور ہیں اور یہ سوچنے میں وہ حق بجانب ہیں کیونکہ سودی معیشت کا جال جس خوبصورتی سے انھوں نے صدیوں میں پھیلایا ہے آج پوری دنیا اس کی گرفت میں آ چکی ہے اور وہ پورے یقین سے یہ ایک فریب دینا شروع ہو گئے ہیں کہ معیشت آزاد ہونی چاہئیے۔ اس کا اندازہ اس کے خالقین کو تو بہت اچھی طرح ہے کہ وہ کس چیز کا مطالبہ کر رہے ہیں اور کیوں؟ لیکن ایک عام صارف اپنی لاعلمی کی وجہ سے ان کی اس چال کو نہیں سمجھ سکا۔ دراصل سرمایہ دار کا اصل مقصد یہ ہے کہ اس جادو کی چھڑی (آزاد معیشت) پر اپنا قبضہ جمائے رکھے اسی طرح یہ سرمایہ دار اس سودی نظام کو اپنے ہاتھ میں رکھنا چاہتے ہیں تاکہ وہ ریاست کو سودی قرضہ دے کر کمزور اور عوام کو اپنے سرمائے کے بوجھ تلے دبائے رکھے اور جب چاہیں حقوق کے نام پر امید کے خواب دکھا کر دونوں کو ہی قابو میں رکھ سکیں اور جب چاہیں عوام کو ریاست کے خلاف کھڑا کر سکیں اسی مفروضے پر چور کو چوکیدار بنانے کے فلسفے اور آج کی نام نہاد موجودہ پارلیمانی جمہوریت

کی بنیاد رکھی گئی ہے۔ وہ یہ کام غبارہ (ہوائی، بیلون) معیشت کے ذریعے کرنا چاہتے ہیں جس سے دونوں (ریاست اور عوام) کو قابو رکھ سکیں عوام اس مغربی جمہوریت اور سودی معیشت کے جال میں پھنس چکے ہیں ان کے تصور میں بھی نہیں ہے کہ وہ کس گھناونی سازش کا شکار ہو چکے ہیں اور وہ ایسا کیوں کرتے چلے جا رہے ہیں اس سے وہ لاعلم ہیں۔

مہذب معاشرے ایک مضبوط ریاست اور مرکزی قیادت پر یقین رکھتے ہیں۔ کیونکہ وہ جانتے ہیں کہ پرائیویٹ ادارے وقتی ضرورت کے تحت بنائے اور ختم کئے جاتے ہیں اور اکثر جو افراد یہ ادارے قائم کرتے ہیں ان کی موت کے ساتھ ہی یہ ادارے کمزور ہوتے ہوتے بعض دفعہ تو ختم ہی ہو جاتے ہیں۔ اس کے برعکس ریاست اور ریاستی ادارے ہمیشہ قائم رہتے ہیں جو ان کے اور لواحقین کے مفادات کو تحفظ دے سکتی ہیں۔ موجودہ معاشی حالات میں اس کا ہرگز یہ مطلب نہیں ہونا چاہیئے کہ تنے (ریاستی بینک) کو ریاستی کنٹرول سے آزاد کیا جائے اور شاخوں (اداروں) کو مضبوط جس طرح ایک مثالی معاشرہ ایک مضبوط ریاست کے بغیر ناممکن ہے۔ اسی طرح آزاد معیشت کا تصور ایک مضبوط اور آزاد ریاست کے بغیر ناممکن ہے۔

=============

ایک ریاست فلاحی ریاست کیسے بن سکتی ہے ؟

ایک عام شہری کی تعریف:

شہری ریاست کی بنیادی اکائی ہے'' ہر وہ شخص جو عاقل، بالغ ، ذہنی و جسمانی طور پر صحت مند ہو اور جمہوری عمل میں شراکت دار اور منطقی ہوتے ہوئے بھی پالیسی سازی میں اثر و رسوخ سے قاصر ہو۔ روزانہ کی بنیادی ضروریات (صحت، تعلیم، خوراک) حاصل کرنے کی قوت خرید نہ رکھتا ہو. ریاست میں مستقل سکونت پزیر شہری جس کا "مال" (حلال پیسہ)، "جان" (محنت) اور "وقت" ریاست کی بہتری میں لگا ہوا ہو۔ ریاست کا ایک عام شہری یا سٹیک ہولڈر کہلا سکتا ہے۔

فلاحی ریاست اور ماڈرن ریاست میں فرق:

مروجہ معاشی نظام کے تصور میں تبدیلی ناگزیر: سب سے پہلے یہ ذہن میں رہنا چاہئے کہ موجودہ سودی نظام مسلمانوں کا خود اختیاری نہیں بلکہ مجبوری کا فعل ہے۔ اس کو کسی بھی وقت تبدیل کیا جا سکتا ہے سودی نظام کا عام لوگوں کی سمجھ میں آنا آسان بھی نہیں ہے اور یہ بھی یقینی بات ہے کہ اس کو تبدیل کئے بغیر انسانیت امن و سکون کی زندگی بھی نہیں گزار سکتی۔ یہ بھی حقیقت ہے کہ اس سودی نظام کو فی الفور ختم بھی نہیں کیا جا سکتا کیونکہ یہ سرمایہ داروں کا اپنے مفاد میں بنایا ہوا اکلوتا معاشی جال ہے وہ خود بھی اس پر بڑی سختی سے عمل کرتے ہیں اور دنیا سے بھی عمل کرواتے ہیں۔ اپنی اس معاشی برتری کی وجہ سے وہ اس مقام پر ہیں کہ نیو ورلڈ آرڈر بھی ترتیب دے رہے ہیں اس کے

علاوہ دوسرا کوئی بھی متبادل نظام ان کو قابل قبول نہیں ہے۔ وہ اس سودی معاشی نظام کے تحفظ و استحکام کے لئے کسی بھی حد کو عبور کر سکتے ہیں۔ اب دنیا میں مایوسی یہاں تک پہنچ چکی ہے کہ مسلمان بھی پورے یقین سے کہتے ہیں کہ سود سے پاک معاشی نظام پر عمل کیسے ممکن ہو سکے گا؟ جو معاشرے میں مزید ناامیدی اور مایوسی پھیلانے کا سبب بن رہے ہیں۔ سرمایا داروں نے سودی معاشی نظام کے ذریعے دنیا پر اپنی حکمرانی قائم کر رکھی ہے۔ اس کو صرف سود سے پاک معاشی نظام ہی چیلنج کر سکتا ہے اور دنیا میں امن و سکون اور خوشحالی کو یقینی بنا سکتا ہے لہٰذا اس سلسلے میں دنیا کے امن پسند راہنماوں کو سود سے پاک معاشی نظام کو ایک موقع ضرور دینا چاہئے۔

اس کا تجربہ پاکستان کو فلاحی ریاست بنانے سے کیا جا سکتا ہے۔ ایک جدید فلاحی ریاست میں روایتی مشارکت، مضاربت ، تجارت اور مزارعت کی کوئی گنجائش نہیں ہے۔ فلاحی ریاست کے تحت مضاربت یا مشارکت اور مزارعت کا طریقہ انفرادی (پرائیویٹ) فرد/ نجی ادارہ کی بجائے فلاحی ریاست کے اداروں سے قائم کرنا ہوگا۔ اس لئے کسی بھی فلاحی ریاست کے پاس مندرجہ ذیل کا ہونا ضروری ہے:

(1) اس کا خطہ (زمین) ہو،

(2) ریاست کا آئین ہو (قرآن)،

(3) مرکزی قیادت ہو، اسوہ حسنہ (رسول اللہ محمد ﷺ)۔

(4) ریاست کے شہری

پاکستان فلاحی ریاست

ریاست کے تمام شہری اور ادارے اپنے فرائض انجام دینے کے لئے ریاستی قانون کے پابند ہوں۔ ریاست کے تمام ادارے اگر ستون کا درجہ رکھتے ہیں تو حکومت چھت کا درجہ رکھتی ہے اور حکومتی اجارہ داری تسلیم شدہ ہوتی ہے۔ حکومت میں مالیات کا شعبہ خصوصی اہمیت کا حامل ہوتا ہے جیسے شریانوں میں خون کے دوڑنے کی اہمیت ہے۔ موجودہ دور میں دنیا کا کوئی بھی ملک ایسا نہیں جہاں اس کے عوام کی معاشی، معاشرتی و ثقافتی ضروریات کو مدنظر رکھ کر معاشی نظام بنایا گیا ہو۔ اگرچہ ہر ملک میں مرکزی بینک تو موجود ہے مگر ریاستی قانون و پالیسی کا اطلاق اس پر نہیں ہوتا اس کی بنیادی وجہ اس سودی معاشی نظام کے خالقین ہیں جنہوں نے جان بوجھ کر ایک پالیسی یا منصوبے کے تحت " تقسیم کرو اور حکومت کرو " کے نظریہ پر مالیات کے شعبے کو نجی ملکیت میں رکھا ہوا ہے تاکہ ترقی پزیر ریاستوں کو قرض دے کر اپاہج اور عوام کو غلام بنائے رکھیں، باوقت ضرورت تفریق پیدا کر کے دونوں کو قابو میں رکھا جاسکے۔ اسی لئے موجودہ سودی معاشی نظام نے نجی بینکوں کا جال بچھا رکھا ہے اور کنٹرول چند افراد (آئی ایم ایف) کے ہاتھوں میں دے رکھا ہے۔ ان نجی بینکوں کا کنٹرول چند افراد کے ہاتھوں سے نکال کر ریاست کے حوالے کرنا ہوگا۔ کیونکہ کسی بھی ادارے کا تعلق ریاست اور اس کی فلاح و بہبود سے ہوتا ہے ریاستی سیاست یا افراد سے نہیں ہوتا۔ اس کے لئے صارفین اور بینک کے درمیان ایک لامحدود اعتماد کا رشتہ قائم کرنا انتہائی اہمیت کا حامل اور انتہائی ضروری بھی ہے۔ اس سلسلے میں باصلاحیت فاضل نوجوان طبقہ کو نئی سوچ نئے عزم کے ساتھ آگے لانا ہوگا **"نوکری نہیں صرف تجارت"** سے ہی نوجوان قوم

کو بااختیار بنایا جا سکتا ہے ۔ ہمارے نوجوان سود پر مبنی بینکنگ نظام کو سود سے پاک بینکاری نظام میں تبدیل کرنے کے لئے بہت متحرک اور اہم کردار ادا کر سکتے ہیں۔ نوجوانوں کو علم و ترغیب دینے کے لئے درج ذیل اقدامات کو اختیار کرنا ہو گا:

قومی منافع اور وسائل کی تقسیم کا فارمولا بذریعہ علم:

مثال کے طور پر، ایک استاد کلاس روم میں 30 طلباء کو لیکچر دیتا ہے۔ اور تمام طلباء کو چونکہ طلباء میں متغیر صلاحیتیں اور قابلیت ہونے کی وجہ سے تمام طلباء ہر وقت سو% دھیان اور کوشش نہیں کر سکتے اور اس وجہ سے نتائج بھی ایک جیسے نہیں ہوتے۔ اسی مثال کو سامنے رکھتے ہوئے ہم قومی منافع وسائل کی تقسیم کا درجہ ذیل فارمولا اخذ کر سکتے ہیں:

قومی منافع وسائل = علم و قابلیت * محنت / افراد کی تعداد۔

Dividends= Knowledge +Capability x Labor / No of Person

نوٹ: جبکہ محنت، افراد کی صلاحیت و تعداد متغیر ہوتے رہتے ہیں۔

نوجوانوں کے لیے ترغیبی اقدامات **بذریعہ عمل**:

- سکول، کالج، یونیورسٹی اور سرکاری اور نجی شعبے میں باصلاحیت فاضل نوجوان تاجر کو ملازمتوں کی تلاش کے بجائے کاروبار کو فروغ دینے کی ترغیب اور رہنمائی دی جائے گی۔

- کاروباری قرضے بغیر معاشی شرائط کے باصلاحیت نوجوانوں کو قابلیت کی بنیاد پر دیے جائیں گے۔
- منصوبے کی مکمل سرپرستی، فزیبلٹی رپورٹ، تکنیکی رہنمائی اور مالی خدمات بینک اپنی نگرانی میں مخصوص ماہر منصوبہ سازاداروں کی مشاورت کے ساتھ فراہم کرے گی ۔
- سرکاری اور نجی شعبے میں نئ تحقیق اور جدید ٹیکنالوجی متعارف کروائی جائے گی۔
- ترقیاتی منصوبوں، نئ ایجادات کرنے والے باصلاحیت فاضل نوجوان تاجر شخصیت کو خصوصی ترجیح دی جائے گی۔
- سرکاری اور نجی شعبے میں ہر قسم کی وصولیاں اورادائیگیاں بینکوں کے ذریعے کی جائیں۔ جس میں فیس (سکول، کالج، یونیورسٹی یا حکومتی فیس، خوردنی سامان، سفر شامل ہیں وغیرہ۔)
- تمام بینک ایک صارف کو عام کھاتہ کھولنے کا یا آئی ایف اے (سود سے پاک کھاتہ) کھاتا کھولنے اور انتخاب کا حق پیش کریں گے۔

جب تک کسی چیز پر تین قوتیں خرچ نہ ہوں (جان، مال اور وقت) ،اس وقت تک مالکانہ حقوق کی اہمیت کا احساس پیدا نہیں ہو سکتا۔ فلاحی ریاست کے قیام کو ممکن بنانے کے لئے اس کو ایک مہم کے طور اپنانا ہو گا، ہمیں یہ بھی یاد رکھنا ہو گا کہ موجودہ سودی معاشی نظام کے خالقین اور سود کے عادی لوگ اس کو آسانی سے تبدیل کرنے نہیں دیں گے، کیونکہ یہ صدیوں سے رائج ہے جس سے ان کی اجارہ داری ختم ہو جائے گی۔

بہر حال اخلاقی اصولوں کی بنیادوں پر سود سے پاک نیا معاشی نظام بہت حکمت سے عوام کے سامنے پیش کرنا ہوگا جس میں مندرجہ ذیل صفات کا ہونا ضروری ہے :

1۔ ریاست نئے کاروبار کے لئے سرمایا کی فراہمی بغیر کسی معاشی شرط کے اور صرف قابلیت کی بنیاد پر مرحلہ وار آسان اور یقینی بنانا ہوگا۔

2۔ ریاست نئے تاجروں کو پرامن ماحول جس میں جان، مال، عزت وآبرو اور تجارت کو تحفظ دیناشامل ہوگا۔

ریاست کا اہم ترین ادارہ ہوتے ہوئے، ریاستی بینک اپنی ذمہ داری محسوس کرتے ہوئے اپنے شہریوں کو فلاح و بہبود کی سہولیات مہیا کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ جب تک ریاست اور شہری کے درمیان لازوال اعتماد والا رشتہ قائم نہ ہو تو ریاست آگے نہیں بڑھ سکتی۔ لہٰذا ریاست کو آگے لے جانے کے لیے ریاستی بینک ہی مرکزی کردار ادا کر سکتا ہے۔ اس کے لئے ہر شہری کو شہد کی مکھی والا کردار نبھانا ہوگا۔ جس طرح شہد کی مکھی، شہد اکٹھا کرنے کہاں کہاں سر گرداں کلی کلی کا رس چوستی رہتی ہے، تمام خارجی مصائب کو اپنے اندر جذب کر لیتی ہے۔ مگر دل کا رشتہ اپنی ریاست سے کمزور نہیں ہونے دیتی۔ جب ہر ایک اپنی اپنی تگ و دو کا ماحصل ریاست کے سامنے ڈھیر کر دیتی ہے۔ تب جا کر ایک مضبوط اور مستحکم ریاست وجود میں آتی ہے۔ اسی طرح ہمیں بھی وہ مضبوط رشتہ دوبارہ اپنی ریاست کے ساتھ قائم کرنا ہوگا۔

موجودہ سودی نظام کا مقصد حکومت کو اپاہج اور لوگوں کو گروہوں میں تقسیم کیئے رکھنا ہے۔ جبکہ نقد معاشی نظام کا مقصد حکومت کو فعال اور عوام کو متحد، خوشحال اور ذہنی غلامی سے نجات دلانا ہوتا ہے۔ یہ ہے وہ بنیادی فرق جو ایک فلاحی ریاست اور جدید ریاست میں ہوتا ہے۔

===========

تجارت ریاست کا کام نہیں

بے شک تجارت ریاست کا کام نہیں لیکن تجارت اور معاشرے کی ترقی کی راہ میں جو رکاوٹ آئے اسے دور کرنا ریاست کی بنیادی ذمہ داری ہوتا ہے۔ ریاست کی کامیابی کی ضمانت ہمیشہ اس کے اپنے شہری ہوتے ہیں۔ ان کی دیکھ بھال، تعلیم و تربیت، کردار سازی اور کاروبار کے لئے سازگار ماحول پیدا کرنا ریاست کی اولین ذمہ داری ہے۔ ریاست کے ذمے تجارت کو فروغ دینے کے لئے اخلاقی اصولوں کی بنیاد پر قوانین بنانا اور ان طور طریقوں کی نگرانی کرنا، مقامی تاجر کو سہولت مہیا کرنا اور ان قوانین پر سختی سے عمل درآمد کروانا ہوتا ہے ۔ریاست کے بنائے گئے اخلاقی اصول و ضوابط پر کسی صورت سمجھوتا نہ کرنا اور کسی کو بھی استثنیٰ نہ دینا بھی ریاست کے ذمے ہوتا ہے کیونکہ جن ممالک کے اداروں کی بنیاد اخلاقی اصولوں پر مبنی قوانین پر ہوتی ہے تو کامیابیاں بھی انہی کے قدم چومتی ہیں۔

===========

حل کی طرف پہلا قدم:

"انسداد سود کے نتائج کا اولین اور سب سے اہم نتیجہ یہ ہو گا کہ اجتماع سرمایہ کی موجودہ فساد انگیز صورت ایک صحیح اور صحت بخش صورت سے بدل جائے گی" (سود۔215)۔ حکومت زکوٰۃ کے نظام کو از سر نو منظّم کر کے معاشرے کے ہر فرد کو اعتماد میں لے گی اور اطمینان دلائے گی کہ کسی بھی مشکل وقت میں ریاست اپنے شہریوں کو تنہا نہیں چھوڑے گی۔

دوسرا نتیجہ ریاست کے پاس جمع شدہ سرمایہ رکنے کی بجائے اس سے معیشت کا پہیہ چلانے کی طرف اقدام اٹھائے جائیں گے اور اجتماعی معیشت کو پروان چڑھانے کے لئے ایماندار تاجروں کی کاروباری حاجت اور ضرورت کو پورا کرنے کے لئے آسان طریقے سے ان کی مدد کی جائے گی۔

============

ٹیکس ہے کیا اور کیوں لگایا جاتا ہے؟

زکوٰۃ/ ٹیکس لگانے کے مقاصد، بجٹ اور تقسیم

اگر ریاست کے شہری اپنی اپنی ذمہ داری پوری کرنے سے قاصر رہے تو بعض دفعہ ریاست دو ہی مدوں میں ٹیکس لگانے پر مجبور ہو جاتی ہے۔ایک عوامی فلاح و بہبود اور دوم ریاستی سلامتی کے منصوصوبوں کی وجہ سے۔

1۔ **عوامی فلاح و بہبود** کے منصوبے پر اخراجات (روز گار، تعلیم، صحت اور کھیل و کود کے منصوبے)، کم از کم ٪ 50 عوام کے بنیادی حقوق پر خرچ کیے جایں۔

2۔ ریاست کے استحکام کے منصوبے پر اخراجات (صنعت، زراعت دفاعی صنعت وغیرہ) کم از کم ٪ 45 ریاست کے استحکام کے منصوبے پر اخراجات کیے جایں

3۔ ریاستی امور چلانے پر اخراجات ٪5 سے زیادہ خرچ نہیں ہونے چاہیے

کسی بھی قانونی حکومت کو امور ریاست چلانے میں یا عوامی مسائل حل کرنے میں جب کوئی دقت پیش آتی ہے تو وہ اپنی عوام کے پاس جاتی ہے اور بتاتی ہے کہ ان امور کو مکمل کرنے کے لئے ان کے پاس سرمایہ نہیں ہے اور یہ منصوبہ ریاست کے استحکام، مضبوطی اور عوام کی خوشحالی کے لئے اہم ہے۔ اس منصوبہ کی تکمیل پر اتنے پیسے اور اتنا عرصہ درکار ہے۔ پھر اس پر آنے والے تمام اخراجات کا درست تخمینہ لگاتی اور عوام کو بتاتی ہے پھر اس کو تمام لوگوں پر عدل وانصاف کی بنیاد پر تقسیم کرتی ہے جو ٹیکس کہلاتا ہے جس میں پوری قوم خوشی سے شرکت کرتی ہے۔ حکومت وقفہ وقفہ سے منصوبہ کی تکمیل کی تفاصیل عوام کو باہم پہنچاتی ہے یہاں تک کہ منصوبہ تکمیل کو پہنچ جائے اور اس کی تکمیل کے بعد ٹیکس کی وصولی میں کمی کر دی جاتی ہے یا ختم کر دیا جاتا ہے۔ یہ ہے ٹیکس لگانے کی قانونی اور حقیقی جواز۔

فارمولا: ٹیکس = منصوبے کی لاگت / تقسیم عوام

ٹیکس کتنا وصول کیا جائے اس کے بارے میں دلیل سنت اور اجماع علمائے کرامؒ سے ثابت ہے۔ اس سلسلے میں بہت سی احادیث مروی ہیں جیسے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

چاندی کا صدقہ دسویں کا چوتھا حصہ ہے (یعنی 2,5%)۔'' [مالک، البخاری، نسائی اور ابن ماجہ] اس کے علاوہ، علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: '' اگر آپ کے پاس 200 (چاندی) درہم ہیں اور اس پر پورا قمری سال گزر جائے تو اس پر 5 درہم ادا کرنے ہوں گے، اور آپ پر زکوۃ واجب نہیں ہے جب تک کہ آپ کے پاس 20 (سونے) کے سکے نہ ہوں اور اس پر پورا قمری سال گزر جائے۔ اس صورت میں آپ کو آدھا دینار ادا کرنا چاہیے اور اس پر کوئی اضافی رقم بھی واجب ہے، اور رقم پر زکوۃ صرف اسی صورت میں واجب ہے جب اس پر پورا قمری سال گزر جائے۔'' [ابو داؤد]

زکوۃ: خُذْ مِنْ اَمْوَالِہِمْ صَدَقَۃً تُطَہِّرُہُمْ وَتُزَکِّیْہِمْ بِہَا وَصَلِّ عَلَیْہِمْ ! (التوبہ۔9/103)

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے ترجمہ " اے نبی ! آپ ان کے مالوں میں سے صدقہ لے لیجئے جس کے ذریعہ سے آپ ان کو پاک صاف کر دیں"۔ اپنے کمائے ہوئے میں سے ایک حصہ اللہ تعالیٰ کے لئے نکال دو تاکہ تمہیں پاک کیا جائے اور تذکیہ ہو"۔

مثال کے طور پر اگر آپ نے ایک روپیہ کمایا ہے تو اپنی تمام ضروریات پوری کرنے کے بعد جو بچ جائے اس کو اللہ کی راہ میں دے دو۔ مثال کے طور پر ایک روپیہ برابر ہے 100 پیسے کے، اس میں 75 پیسے آپ کے تمام اخراجات کرنے کے بعد باقی 25 پیسے بچے آپ وہ اللہ کی راہ میں خرچ کر دیں۔ یعنی ایک چوتھائی ہم جو بھی کمائیں اس کا ایک چوتھائی اللہ کے بینک میں جمع کرا دیں۔ اللہ کا بینک یعنی ریاست کا بینک۔ جب سب

شہری اپنی ذمہ داری سمجھ کر یہ 25 پیسے سالانہ حکومتی بینک میں جمع کرائیں گے جس سے ریاست اپنے شہریوں کے لئے فلاحی کام سرانجام دینے کے قابل ہوگی۔ اس طرح کسی شہری کی عزت نفس مجروح کئے بغیر تمام شہری مستفید ہو سکیں گے اور تب ریاست ایک فلاحی ریاست کہلائے گی۔

ارسطو سمجھتا تھا کہ "غلامی تمدن انسانی کے قیام کے لئے ایک ضروری جذ ہے مگر مذہب اور زمانہ حال کی تعلیم سے مہذب قومیں محسوس کرنے لگیں کہ قیام تمدن میں یہ تخریب کرتا ہے اور انسانی زندگی کے ہر پہلو پر مذموم اثر ڈالتا ہے "۔۔(بحوالہ نظام ربوبیت صہ 323)

نوٹ: سرمایہ داری نظام کن بنیادوں پر استوار ہے۔ جوزف ٹاؤن سینڈ اپنی کتاب "A Dissertastion on the poor laws" 1786 میں لکھتا ہے کہ "بھوک کا کوڑاایسا سخت ہے جو وحشی اور تند خو سے تند خو جانور کو بھی رام کر دیتا ہے"۔ اس سے سرکش سے سرکش انسان بھی مطیع وفرمابردار بن جاتا ہے۔اس لئے اگر تم غریبوں سے کام لینا چاہتے ہو تو اس کا واحد ذریعہ فقط ایک ہے۔ یعنی بھوک ۔۔۔۔۔ بھوک ہی وہ جذبہ محرکہ ہے جس سے غریب اور محتاج ہر قسم کا کام کرنے پر آمادہ ہو سکتے ہیں۔

ان تصورات کے برعکس اقبالؒ کے تصور اور قیام پاکستان کے پیچھے ان کے ذہن میں کیا سوال تھے کہ "آیا مفلسی بھی نظم عالم میں ایک ضروری جذ ہے؟ کیا یہ ممکن نہیں کہ ہر فرد مفلسی کے دکھ سے آزاد ہو؟ کیا ایسا نہیں ہو سکتا کہ گلی کوچوں میں چپکے چپکے کراہنے

والوں کی دلخراش صدائیں ہمیشہ کے لئے خاموش ہو جائیں اور ایک دردمند دل کو دہلا دینے والے افلاس کا دردناک نظارہ ہمیشہ کے لئے صفحہ عالم سے حرف غلط کی طرح مٹ جائے" (علم الاقتصاد، اقبال اور قرآن صفہ 178)

=========

بینکنگ نظام پر ریاست کی اجارہ داری

آئی ایف ایس بی پی کی بنیاد۔ (سود سے پاک سٹیٹ بینک آف پاکستان):

پاکستان برصغیر کے اس حصے میں واقع ہے جہاں اسلام کے پیروکار اکثریت میں تھے۔ پاکستان ایک مسلم اکثریتی قوم کے طور پر وجود میں آیا تھا جس کا اپنا صدیوں پرانا آزمودہ معاشی، معاشرتی، سیاسی اور ثقافتی نظام موجود تھا۔ لیکن سرمایہ دارانہ نظام اور اس کے ذہنی غلاموں نے اس پر عمل کرنے کی کبھی اجازت نہیں دی ۔اس طرح آزادی کے گذشتہ 76 سالوں میں موجودہ معاشی نظام کو بہتر کرنے کے لئے بہت سی کوششیں بھی کی گئیں لیکن سب ناکام رہی ہیں۔

آج وقت نے ثابت کردیا ہے کہ سودی معاشی نظام مسلمان معاشرے میں کیا کسی مغربی معاشرے میں بھی چل نہیں سکتا کیونکہ اس نظام نے ہر جگہ انسانوں کا استحصال کیا ہوا ہے ۔بلخصوص مسلم معاشرے میں انسانی فکر جمود کا شکار ہوچکی ہے اس لئے موجودہ حالات کے اندر پاکستان کو اپنا نقد معاشی نظام متعارف کرانے کی بڑی اشد

ضرورت ہے۔ جو مسلم معاشرے کی روایات، ضروریات اور رسم و رواج سے مطابقت رکھتا ہے ۔

آئی ایف ایس بی پی کا تصور:

یہ ایک اہرام کی تکونی شکل پر مبنی ہے جس کا مطلب یہ ہے کہ بنیاد جتنی وسیع اور گہری ہو گی عمارت اتنی ہی مضبوط اور پائیدار ہو گی کسی بھی ملک کی معیشت میں.بڑے پیمانے پر عوام کی شرکت و حمایت ہی ملک کی فلاح و بہبود کی ضامن ہو گی کیونکہ جتنے زیادہ اکاونٹ ہولڈر ہوں گے ملکی معیشت اتنی ہی زیادہ مضبوط اور کامیاب ہو گی۔

(آئی ایف ایس بی پی) سود سے پاک بینک کی پالیسی اور اہداف

''سادگی اپناؤ اور صلاحیت بڑھاؤ'' ایک بہترین اصول و پالیسی ہے۔ جو آغاز عمل سے تکمیل عمل تک .برقرار رہتی ہے۔ ہمیں پاکستان بھر میں ادھار تجارت کی بجائے نقد تجارت کی پالیسی کو فروغ دینے اور اپنانے کی اہمیت کو اجاگر کرنے کی ضرورت ہے۔

اگر ملک کو سود سے پاک کرنا ہے تو پہلے مرحلے میں ہمیں اپنے مذہبی رہنماوں کی مدد سے سود کے خلاف قومی اسمبلی سے قانون پاس کروانا ہو گا کہ پاکستانی اگر پاکستانی کو قرض دے اور اس پر سود لے تو یہ حرام اور جرم متصور ہو گا۔ جس طرح سودی نظام کے خالقوں نے اپنے مذہبی پیشواؤں سے مل کر اپنی اسمبلی سے سود کے جائز ہونے کا قانون پاس کروایا تھا۔ دوسرے حصہ میں جب تک نقد معاشی نظام کے ثمرات عوام تک نہیں پہنچتے اور بین الاقوامی تجارت کی حساسیت کو مد نظر رکھتے ہوئے اگر کوئی پاکستانی

غیر مسلم سے تجارت کرے یا قرض دے یا لے کر سود لے یا دے تو یہ جرم تصور نہیں کیا جائے گا۔

معاشی نمو کے لئے ایک عمل انگیز بنا، قومی بچت میں اضافہ اور بین الاقوامی قرضوں سے نجات کی پالیسی تیار کرنا۔ بین الاقوامی بینکنگ کی صلاحیت، متعدد ترسیل کے راستے، لوگوں کے لئے سرمایا کاری کا عمل آسان اور صارفین کے لیے بغیر منافع کے رقم کی واپسی کے لئے کام کرنا۔

==============

بنا سود بینکاری نظام! کیسے ممکن ہو گا؟

"جہاں مرضی وہاں راستہ"۔ موجودہ سودی نظام میں اسلامی بینکنگ کو بدنام کیا جارہا ہے لہٰذا اس بدنامی سے بچنے کے لئے اس ادھار کے نظام کو نقد تجارت سے بدل کر اصلی اسلامی بینکنگ کی خدمات پیش کرنی ہونگی۔اس لئے قرض کی بجائے نقد تجارت کو فروغ دینے کا نام ہی بلا سود اسلامی بینکاری ہے۔

اس وقت پوری دنیا میں سرمایہ دار نے قرض/ادھار ہی کو ذریعہ تجارت بنا دیا ہےاور دوسرا کوئی معاشی نظام لوگوں تک پہنچنے ہی نہیں دیتے کیوں کہ اس سے ان کو اپنی اجارہ داری ختم ہوتی ہوئی نظر آتی ہے۔اور ان کے اس بچھائے ہوئے جال کی وجہ سے پوری دنیا کو ایسا محسوس ہوتا ہے کہ موجودہ نظام کے علاوہ کوئی اور نظام ممکن ہی نہیں ہے، جبکہ نقد معاشی نظام اس سودی نظام کی نفی بھی کرتا ہے اور اس کے مقابلے میں

ہمیں نقد بینکاری کا کامیاب نظام بھی دیتا ہے۔ بس آنکھ سے دیکھنے کے زاویے کو تبدیل کرنے کی ضرورت ہے۔

جب کوئی فرد اپنی ضرورت کو پورا کرنے کے لئے قرض حاصل کرنا چاہتا ہے تو اس سلسلے میں وہ کسی نجی بینک یا کسی مالدار شخص سے رابطہ قائم کرتا ہے تو یہ اس شخص کا انسانی غلامی اور استحصال کی طرف پہلا قدم ہوتا ہے اور اللہ کو یہ بات قطعاً پسند نہیں ہے کہ اس کا بندہ اللہ کے سوا کسی دوسرے انسان کے آگے ہاتھ پھیلائے یا شرمندہ ہو۔ اللہ تعالیٰ نے انسان کو انسان کی غلامی سے بچانے کے لئے نقد معاشی نظام کا حکم دیا ہے جسکی ذمہ داری کسی نجی ادارے یا افراد کی بجائے ریاست کو سونپی ہے کیونکہ بحیثیت ریاست اس کے اندر وہ خصوصیات اور قانونی اجارہ داری ہوتی جس کا اظہار حکومت کرتی ہے جس میں مندرجہ ذیل صلاحیتیں اور خوبیاں پائی جاتی ہیں جو ایک ادارے یا فرد میں نہیں پائی جاتی ہیں:

1۔ بہترین مثبت سوچ

2۔ موجود ذرائع پر کامل اختیار

3۔ قانون کو نافذ کرنے کی کامل قوت نافذہ

4۔ تاجر کے تحفظ کی کامل صلاحیت

5۔ حصول مقصد (خوشی اور سکون)۔

سب سے اعلی بات یہ کہ ریاست اپنے شہری کی مدد کے لئے ہر وقت موجود رہتی ہے جبکہ نجی ادارہ یا فرد ایسا کرنے سے قاصر رہتا ہے۔ اس کے لئے حکومت کو نقد تجارتی

نظام عوام کے سامنے پیش کرنا ہو گا۔ اس کی اہمیت اور افادیت لوگوں کو بتائیں اور فیصلہ لوگوں پر ہی چھوڑ دیں جس کا چاہیں انتخاب کر لیں۔ یہ سو فیصد درست ہے کہ لوگ اپنے لئے کبھی غلط فیصلہ نہیں کریں گے۔ اس وقت موجودہ سودی نظام کو ختم یا چھیڑنے کی قطعاً کوئی ضرورت نہیں ہے کیونکہ فی الحال تمام لوگ اسی نظام سے منسلک ہیں اور اس کے عادی بھی ہو چکے ہیں۔ عام لوگ نقد معاشی نظام کے بارے میں کچھ زیادہ معلومات بھی نہیں رکھتے اور ویسے بھی اس وقت یہ انتہائی نامناسب حکمت عملی ہو گی کہ بیرونی ممالک سے تجارت کو متاثر کیا جائے۔ رفتہ رفتہ جب متبادل نقد تجارتی نظام کی افادیت لوگوں کو نظر آنے لگے گی تو پھر ہر کوئی اس سودی نظام کو باآسانی ترک کر سکے گا۔ یہ پورے یقین سے کہا جاسکتا ہے کہ نقد معاشی نظام کو مسلمانوں کے ساتھ ساتھ غیر مسلم بھی ہاتھوں ہاتھ لیں گے کیونکہ سود سے ہر معاشرہ متاثر اور رنجیدہ ہے نقد معاشی نظام عدل و انصاف کی بنیاد پر انسانیت کی خدمت کرتا ہے اور استحصال نہیں ہونے دیتا۔ ملکی و بین الاقوامی سودی معاشی نظام کے خالقین و مقامی نمائندگان نقد معاشی نظام کی راہ میں خلل ضرور ڈالیں گے لیکن ایک آزاد خود مختار ریاست میں ہر شہری کا بنیادی حق ہے کہ جو نظام ان کی معاشی، معاشرتی اور ثقافتی ضروریات کو پورا کرے وہ اس نظام کا انتخاب کرے اور دوسری طرف ریاست کا بنیادی فرض ہے کہ وہ اپنے شہریوں کے حقوق کا تحفظ کرے۔ زندگی کی ایک تلخ حقیقت یہ بھی ہے کہ اس دنیا میں لوگوں کی اکثریت اپنی کم علمی کی وجہ سے رائج الوقت نظام کے خلاف کسی نئی تحریک و تجویز کو قبول کرنے اور اس پر عمل کرنے میں ہچکچاتی ہے۔

اس وقت پاکستان ہی دنیا میں پہلا ملک ہو گا جو نقد معاشی نظام کو نافذ کر کے دنیا کی رہنمائی کر سکے گا اور اپنی قابلیت کا لوہا منوائے گا۔ ان شاء اللہ اب وقت آگیا ہے کہ سود پر

مبنی معیشت سے نجات حاصل کی جائے اور اس کی جگہ نقد معاشی نظام اپنایا جائے کیونکہ کسی بھی ملکی معیشت میں مارکیٹ یا بازار ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں۔ اس کے ذریعے بڑے پیمانے پر عوام کی شرکت وحمایت کو یقینی بنایا جاسکتا ہے اور عوام کی فلاح و بہبود کا خیال بھی رکھا جاسکتا ہے اس طرح مارکیٹ یا بازار سود سے پاک معاشرے کے ضامن بھی ہونگے اس سے مندرجہ ذیل فوائد بھی حاصل ہونگے:

1۔ بے روزگاری کا خاتمہ ہوگا،

2، تجارت میں اضافہ ہوگا،

3۔ حکومت کے اخراجات میں کمی اور مالی ذخائر میں بھی اضافہ ہوگا۔

=========

اسٹیٹ بینک آف پاکستان ریگولیشن

برائے اسلامی بینک (آئی ایف ایس بی پی)

اسٹیٹ بینک آف پاکستان ایکٹ 1956 کے تحت چلایا جائے گا۔ (ہوسکتا ہے قانون میں کچھ ترامیم کی ضرورت پڑے)۔ جو بینک کو ملک کے مرکزی بینک کی حیثیت سے کام کرنے کا اختیار دیتا ہے۔ سٹیٹ بینک ایکٹ بینک کو پاکستان کے مالی معاملات کی دیکھ بھال، اور اعتماد سازی کو منظّم یا درست کرنے اور اس کی شرح نمو کو قومی استحکام اور

ملک کے پیداواری وسائل کے بھرپور استعمال کے لئے بہترین قومی مفاد میں فروغ دینے کا حکم دیتا ہے۔

پاکستان میں اسلامک بینکنگ کے فروغ کے لئے، اسٹیٹ بینک نے جنوری 2003 کے بی پی ڈی سرکلر نمبر 1 کے مطابق پالیسیاں / رہنما خطوط جاری کیے ہیں۔ جس میں ایک تین جہتی حکمت عملی کو اپنایا گیا ہے۔

(1) نجی شعبے میں مکمل اسلامی بینک کا قیام۔

(2) موجودہ تجارتی بینکوں کے ذریعے نقد بینکاری کے لئے ذیلی تنظیمیں قائم کرنا۔

(3) موجودہ تجارتی بینکوں میں نقد بینکاری کے لئے خود مختار شاخوں کی اجازت دینا۔

آج کل تمام اسلامی بینکوں، ذیلی تنظیموں، اور خود مختار شاخوں میں شریعت کے مطابق کوئی مصنوعات اور خدمات پیش نہیں کی جاتی ہیں۔

"شریعت کے مطابق مصنوعات اور خدمات" کا مطلب بینکوں کے ذریعے اپنے مؤکلوں کو پیش کردہ بینکاری مصنوعات اور خدمات ہیں جو ان کی شرعی مشیروں / شرعی نگران کمیٹی کے ذریعے منظوری کے ساتھ پیش کرنا تھی جو کہ نہ کرسکے۔

============

اسلامی بینکاری، حقیقت یا دھوکہ

(مفتی اختر اورکزئی)

دنیا کا معاشی نظام جس بینکنگ نظام کا قیدی ہے اس میں وہ محرکات اپنی حیثیت اور اہمیت رکھتے ہیں جن سے اسلام نے مسلمانوں کو سختی سے منع کیا ہے جس میں سود سب سے اہم ہے اور بینکنگ کی بنیاد ہی سود پر قائم ہے یا یوں کہ بینکنگ کی عمارت ہی سود پر کھڑی ہے تو غلط نہ ہوگا اس اہم رکن کو دیکھتے ہوئے سن اکہتر میں حضرت مولانا محمد تقی عثمانی نے اس ایشو پر اپنی تحقیق کرتے ہوئے پاکستان کے کچھ بینکوں کے اشتراک سے اسلامی بینکنگ کی بنیاد رکھی اور اس سلسلے میں اپنی کوششوں اور کاوشوں کو تیز تر کیا اور بالاخر اسلامی بینکنگ کی بنیاد پاکستان میں رکھ دی گئی۔ جو ایک خوش آئند بات تھی مگر اس کے ساتھ ساتھ جو بات ہر انسان کے لئے سوچنے کا باعث بنی وہ اسلامی بینکنگ میں استعمال ہونے والی اصطلاحات تھیں جو صرف اسلامی لیبل کے زیر سایہ اسی سودی بینکاری کو فروغ دیتی دکھائی دے رہی تھیں۔ کیونکہ اسلامی بینکنگ میں کوئی جدت نہیں کی گئی تھی بلکہ انہی اصطلاحات کو اسلامی نام دے کر ہیر پھیر کی گئی تھی جسے اسلام کے پرچم تلے دھوکہ دہی ہی کہا جا سکتا ہے۔ مروجہ اسلامی بینکاری کا ابتدائی ڈھانچہ کھڑا کرنے کے لئے چھ اسلامی ستونوں کا سہارہ لیا گیا وہ چھ ستون یہ ہیں۔

(ایک) مضاربہ (دو) مشارکہ (تین) مرابحہ (چار) اجارہ (پانچ) سلم (چھ) استصناع پر قائم کیا گیا مگر ان اہم ارکان کے بارے میں اگر ہم تفصیل میں جائیں گے تو ہمیں ان میں اور سودی بینکنگ میں استعمال ہونے والی اصطلاحات میں کچھ خاص فرق دکھائی نہیں

دے گا۔ خیر یہ ایک الگ بحث ہے جس کا تفصیلی ذکر میں پہلے بھی کر چکا ہوں۔ میں آج جو کہنا چاہتا ہوں وہ توجہ طلب ہے۔ بینک کیا ہے اور اسلامی بینک کیا ہے یہ بھی الگ باب ہیں جن کا ذکر کیا جا چکا ہے ہمارا کہنے کا مقصد تو صرف اتنا ہے کہ اسلامی بینکنگ کا مستقبل کیا ہے؟ کیا اسلامی بینکنگ مسلمان ممالک میں اپنی حیثیت اور اہمیت قائم کر سکے گی؟ یا پھر یہ محض ایک حیلہ ثابت ہو گی۔اس سلسلے میں اپنی بات کو اس طرح آگے بڑھاؤں گا کہ اسلام میں فرضی باتوں کی گنجائش نہیں اور کاروباری لین دین میں ہر چیز کو کھول کر بیان کرنا یہاں تک کہ اپنی چیز کو فروخت کرتے وقت اس کی خامیوں تک کو بیان کرنے کا حکم ہے جبکہ آج کل ایسا بالکل دکھائی نہیں دیتا ہم تو اپنی چیز کی اچھائیوں میں اس قدر آگے نکل جاتے ہیں کہ جذبات میں ہم سامنے والے کی اچھائیوں کو بھی برائیوں اور خامیوں میں تبدیل کر دیتے ہیں۔آج اسلامی بینکنگ میں بینک کا ماحول دیکھنے کے بعد اندازہ ہوتا ہے کہ اسلامی بینکنگ میں اسلام کی باتیں صرف کاغذ کی حد تک ہیں بحیثیت مسلمان ہمارے رول ماڈل نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی شخصیت اور ان کی سنت ہے آپ ﷺ کی بتائی ہوئی شریعت ہے جبکہ ہمارے سامنے ہم میں موجود کلام الٰہی ہے جس میں ہر چیز واضح موجود ہے۔ مگر افسوس اس وقت ہوتا ہے جب ہم عمل کرتے وقت یہ باتیں فراموش کر دیتے ہیں اور اپنے زیر استعمال کاروباری اور معاشی مسائل کو یہود اور کفار کے بنائے ہوئے طریقہ کار اور اصولوں سے جانچتے ہیں یہی وہ خامی ہے جہاں ہم مار کھا جاتے ہیں اور نا چاہتے ہوئے بھی وہ کام کرنے پر مجبور ہو جاتے ہیں جن کا ہمیں اسلام نے سختی سے منع کیا۔اسلامی بینکنگ میں بھی یہی کچھ ہو رہا ہے اور ہوتا

رہے گا کیونکہ اسلامی بینکنگ میں کوئی چیز ایجاد نہیں کی گئی بلکہ وہ ہی چیزیں اپنائی گئی ہیں جو سودی بینکنگ میں کارفرما ہیں صرف نام تبدیل کر دیئے گئے ہیں۔ شریعہ ایڈوائزر کے طور پر کچھ لوگوں کو چند گھنٹوں کے لئے بٹھا کر اسلامی بینکنگ میں کسی نہ کسی بنا پر آئے ہوئے مسلمانوں کی آنکھوں میں دھول جھونک کر پیسہ کما کر اپنی عمارت کھڑی کی جارہی ہے۔ اور یہی کچھ سودی بینکنگ میں بھی کیا جاتا ہے جب دوسرے کے پیسے سے بینک کی عمارت کھڑی کی جاتی ہے۔اسلامی بینکنگ کا وجود بھی مفتی محمد تقی عثمانی کی شخصیت پر کھڑا کیا گیا اور لوگوں نے مولانا محمد تقی عثمانی کی شخصیت کو دیکھتے ہوئے اسلامی بینکنگ میں سرمایہ کاری کی جس بنا پر بینک کو اپنی عمارت قائم کرنے کا موقع ملا۔آج اگر اسلامی بینک کو دیکھا جائے کہ یہ کس کا کاروبار ہے تو کہا جاتا ہے کہ اس میں سب شامل ہیں یہ کوئی جواب نہیں اس کے بعد سوال یہ اٹھتا ہے کہ اسلامی بینک کے نام سے یہ کاروبار کیسے شروع کیا کس نے سرمایہ کاری کی اور اس میں کام کرنے والے عملے کے اخراجات اور دیگر اخراجات کیسے ادا کئے جاتے ہیں تو اس کا جواب بھی غیر تسلی بخش ملتا ہے جو ان وسوسوں کو جنم دیتا ہے کہ بینکنگ میں یہودی طرز عمل کو اپنا کر لوگوں کی بچتوں کو یکجاء کرنے کے بعد اس سرمایہ کو کسی ایسے کاروبار میں لگانا جس کی تحقیق بینک کا کلائنٹ نہیں کر سکتا کیونکہ اس کے علم میں یہ بات ہوتی ہی نہیں اور نہ ہی اسے بتایا جاتا ہے جبکہ اسلام میں ہر چیز کا صاف اور شفاف طور پر پیش کرنے کا کہا گیا ہے۔ اب سوال اٹھتا ہے کہ بینک کی بنیاد کس نے رکھی ؟ بینک کا امین کون ہے؟ اور اگر اس بینک میں کوئی نقصان ہوتا ہے یا کوئی جرم سرزرد ہو جاتا ہے تو اس کا فرد جرم کس کے

کاندھوں پر ہوگا؟ تو اس بات کا جواب کوئی نہیں دیتا مطلب یہ بلوے کا کیس ہوا جہاں مجرم کسی کو نہیں ٹھہرایا جائے گا۔ اور اگر یہ سوال کریں کہ منافع کی تقسیم کس انداز میں ہوگی اور کتنا منافع بینک کے کاروباری سال میں ہوا اور اس کاروباری سال میں بینک کے اخراجات کہاں سے ادا کئے گئے تو اس کا جواب بھی خفیہ رکھا جاتا ہے بلکہ بتایا ہی نہیں جاتا۔اس کا مطلب یہ ہوا کہ اسلامی بینکنگ ایسا کاروباری ادارہ ہے جس کا کوئی والی وارث نہیں ہے یہ چند مفروضوں کی بنیاد پر قائم عمارت لوگوں کی بچتوں پر قائم ہے اور بالکل سودی بینکنگ کے نقش قدم پر چل رہی ہے۔عام تاثر یہ ہے کہ نقد بینکنگ کی عمارت مفتی مولانا محمد تقی عثمانی کے کاندھوں پر قائم ہے جن کے دم سے اسلامی بینکنگ کی رونقیں ہیں اب بات کرتے ہیں مولانا صاحب کی تو آپ ایک انسان ہیں اور ہر انسان کو فنا ہے انتہائی معذرت کے ساتھ اگر مولانا محمد تقی عثمانی صاحب کسی وجہ سے اس بینکنگ سسٹم سے دور ہو جاتے ہیں یا یہودی لابی کے کسی وار کے نتیجے میں اسلامی بینکنگ سے دور کر دیئے جاتے ہیں یا خدانخواستہ رضائے الٰہی سے کوچ کر جاتے ہیں تو پھر اس بینکنگ کا وجود کہاں کھڑا ہوگا کیونکہ اس اسلامی بینکنگ کی ذمہ داری کو کوئی بھی قبول کرنے کو تیار نہیں۔ یاد رہے کے لوگوں نے صرف مولانا حضرت محمد تقی عثمانی کی شخصیت ان کی سچائی اور آپ کے اصولوں اور فتووں کو دیکھتے ہوئے آپ کی تحریروں کو پڑھنے کے بعد اسلامی بینکنگ پر یقین کیا اور اس میں سرمایہ کاری کی اگر کسی اختلاف کی وجہ سے یا کسی اور وجہ سے مولانا اس بینکنگ کو دیگر علماء کرام کے اسلامی دلائل سننے کے بعد غلط قرار دیتے ہیں تو ان لوگوں کے گناہ کا سہرہ کس کے سر ہوگا؟ جنہوں نے

اسلامی بینکنگ کے نام سے سودی بینکنگ سرانجام دی اور وہ تاحال اسے اسلامی قرار دے رہے ہیں۔

اب دیکھیں اس سلسلے میں مولانا محمد تقی عثمانی جیسے فقہی عالم نے جس انداز میں بیان کیا وہ یقیناً توجہ طلب ہے اور اسلامی بینکنگ پر سوالیہ نشان ہے جس کی وضاحت کون کرے گا یہ بھی ایک سوال ہے۔ مولانا صاحب اپنی کتاب غیر سودی بینکاری میں کہتے ہیں۔ "غیر سودی بینکاری کا تصور ایک چیز ہے اور اس تصور کو عملاً نافذ کرنے کے لئے جو بینک قائم ہوئے ہیں وہ دوسری چیز ہیں میری تحریریں غیر سودی بینکاری کے نظریاتی پہلو سے متعلق ہیں۔ جن میں یہ بحث کی گئی ہے کہ اس غرض کے لئے کون کون سے طریقے اختیار کرنا اسلامی ہیں ان کی وجہ سے بعض حضرات یہ سمجھتے ہیں کہ دنیا بھر میں جتنے مالیاتی ادارے غیر سودی ہونے کا دعویٰ کرتے ہیں میں نے ان سب کے جواز کا فتویٰ دیا ہے یہ بات درست نہیں۔ایسے حالات میں جب یہ دعویٰ بہت زور شور سے کیا جارہا ہو کہ سود کے بغیر کسی کامیاب معیشت کا چلنا ممکن نہیں ہے اور بینکوں سے سود کا خاتمہ ناممکن ہے میں نے اپنی تحریروں میں بتایا ہے کہ بینکوں کو کس طرح سود سے پاک کیا جاسکتا ہے اور انہی تحریروں میں وضاحت بھی کی گئی ہے۔ جن کی پابندی عقود و معاملات کے لئے انتہائی ضروری ہے۔ اور جب تک اس پابندی کا اطمینان نہ ہو میں کسی ادارے کے ساتھ معاملات کے جواز کا فتویٰ نہیں دیتا لہٰذا ان تمام اداروں کی ذمہ داری مجھ پر عائد نہیں ہوتی"۔ یہ بات علامہ صاحب نے کہہ کر اپنی جان چھڑائی ہے مگر اس بات پر ایک سوال اٹھتا ہے کہ آیا پاکستان میں جو بینکنگ اسلام کے نام پر ہو رہی

ہے اس کی وضاحت کون کرے گا؟ کیا اس بینکنگ پر علماء کرام متفق ہیں کیونکہ اس بات سے یہ ہی ثابت ہوتا ہے کہ اگر جس نے مفتی محمد تقی عثمانی سے فتویٰ نہیں لیا وہ ادارہ مشکوک ہے اور ایسا ماضی قریب میں ہوا بھی ہے جب ایک کمپنی صرف مولانا محمد تقی عثمانی صاحب کے ایک بیان کے بعد بند ہوئی۔ خیر اب آگے عثمانی صاحب اپنی اس کتاب میں وضاحت سے بیان کرتے ہیں کہ جن اداروں کے حالات ومعاملات کی مجھے خود یا کسی قابل اعتماد عالم کے ذریعے کافی معلومات ہوتی ہیں ان کے بارے میں تو میں جواز کا فتویٰ دے دیتا ہوں لیکن جن اداروں کی مجھے مکمل معلومات حاصل نہیں ہوتیں ان کے بارے میں ہاں یا نا میں کچھ نہیں کہہ سکتا۔ البتہ ان کے شرعی نگرانی کرنے والوں سے رجوع کرنے کے بارے میں کہہ دیتا ہوں اور جس ادارے میں کسی قابل اعتماد عالم کی نگرانی نہیں ہے لوگوں کو اس سے معاملہ کرنے کا نہیں کہتا اور جن بینکوں سے معاملے کو اسلامی سمجھتا ہوں ان کے بارے میں کہہ دیتا ہوں کہ اگر آپ بینک سے تمویل کئے بنا کام چلا سکتے ہو تو یہ زیادہ بہتر ہے اگرچہ آپ تمویل حاصل کرنے کا فیصلہ کر چکے ہو تو سودی بینکوں کے بجائے ان سے رجوع کریں البتہ جن لوگوں کو بہر حال بینکوں سے واسطہ پڑتا ہی ہے ان کے لئے ایک اسلامی راستہ نکالنے کی کوشش کی گئی ہے جو اگر اخلاص کے ساتھ جاری رہے اور اسے تعاون حاصل ہو تو اس سے اسلامی معیشت کے اعلیٰ مقاصد کی طرف پیش قدمی بھی ہو سکتی ہے نیز عوام کی اکثریت جو ان بینکوں میں رقمیں رکھوانے پر مجبور ہے اس کے لئے بھی سود سے بچاؤ ممکن ہو جاتا ہے۔

اس بات پر جب بینک کے شرعی ایڈوائزر کو دیکھتے ہیں تو اسے بینک میں صرف دو گھنٹوں کے لئے موجود پایا جاتا ہے اور ان دو گھنٹوں میں زیادہ تر وقت اس شرعی ایڈوائزر کا گفت و شنید میں ہی گزرتا دکھائی دیتا ہے۔اب سوال یہ اٹھتا ہے کہ کیا اسلامی بینک کا عملہ اس قابل ہے کہ وہ اسلامی پیچیدگیوں کو سمجھ سکے اور بینک کے لین دین کو عین اسلام کے مطابق چلا سکے۔جب بینک کے عملے پر نظر ڈالتے ہیں تو وہاں ایم بی اے حضرات ہی دکھائی دیتے ہیں جن کا رول ماڈل اسلام کے بجائے سودی بینکاری نظام ہی ہوتا ہے اور وہ اس بینکنگ کی اصلاحات کو ہی اسلامی بینکنگ میں ڈھالنے کے حیلے تلاش کرتے دکھائی دیتے ہیں جیسا کہ مضاربہ و مشارکہ میں دیکھنے میں آتا ہے اب مفتی محمد تقی عثمانی صاحب کے مندرجہ بالا بیان کی روشنی میں سوال یہ اٹھتا ہے کہ آیا وہ کون سے بینک ہیں جن میں اسلامی اصطلاحات استعمال ہو رہی ہیں جبکہ اسلامی بینکنگ میں جو اصطلاحات استعمال ہو رہی ہیں وہ تو سودی بینکاری میں استعمال ہونے والی اصطلاحوں کے حیلے ہیں جنہیں اسلامی نام دیا گیا ہے۔اس سلسلے میں بس یہ ہی کہا جا سکتا ہے کہ شراب کی بوتل پر اسلامی ٹیگ لگا کر اسے فروخت کرنے کی کوششیں کی جا رہی ہیں۔ جو واضح طور پر ایک نا اسلامی اور حرام چیز کو اسلامی لبادہ پہنا کر حلال اور اسلامی بینک کے نام کی پیکنگ میں خوبصورت بنا کر بازار میں رکھا جانے والا وہ بھیانک عذاب ہے جس کا خمیازہ روز قیامت نہ جانے کتنے کاندھوں پر ہو گا۔

========

موجودہ اسلامی بینکاری

(لالہ صحرائی)

اسلامی بینکنگ میں قرضہ لینے کے تمام شرائط و ضوابط تو وہی ہیں جو کسی سودی بینکنگ میں ہیں ۔آپ کو اپنی کمائی (انکم ایسٹی میشن) کروانی ہوتی ہے، جائیداد گروی رکھنی ہوتی ہے، مارک اپ کی جگہ منافع ادا کرنا ہے۔ اور اگر آپ لیٹ ہو جائیں تو جرمانے کی جگہ خیرات ادا کرنی ہوتی ہے۔ جو کہ بینک وصول کر کے کسی رفاہی ادارے کو دے دیتا ہے یا خود کسی رفاہی کام میں لگا دیتا ہے۔ پرافٹ اور چیریٹی کا ریٹ بھی وہی ہوتا ہے جو سودی بینک کے قرضے پر لاگو ہوتا ہے۔ ان دونوں طرز کی بینکنگ میں فرق صرف اتنا ہے کہ کنوینشنل بینک آپ کو رننگ فائنانس یعنی قرض کی رقم دے کر کہتا ہے۔ کہ جاؤ اپنی مرضی سے خریداری کرتے رہو لیکن ہمارا مارک اپ وقت پر ادا کر دیا کرنا۔ بینک کو اس سے کوئی سروکار نہیں کہ آپ کب اور کہاں سے کتنے کی خریداری کرتے ہیں یا سوئے رہتے ہیں۔ لیکن اسلامی بینک چونکہ سود سے بچنا چاہتا ہے لہٰذا وہ رقم دیتے وقت آپ کا ٹرانزیکشن پارٹنر بن جاتا ہے۔ اور جوائینٹ وینچر کرتا ہے جسے رننگ فائنانس کی بجائے مرابحہ کہتے ہیں۔

مرابحہ کیسے کام کرتا ہے؟

اسکے لئے ایک تمثیل دیکھتے ہیں۔ مطلب یہ کہ آپ اپنے بھائی سے دس ہزار روپے لے کر ایک پرانی موٹر سائیکل خریدیں اور بھائی کو کہیں کہ یہ رہی آپ کے پیسوں سے

خریدی ہوئی موٹر سائیکل ہے۔ لیکن آپ کو تو چلانی نہیں لہٰذا آپ مجھے بیچ دیں اور چھ ماہ بعد مجھ سے اپنے پیسے واپس لے لینا۔ بھائی نے آپ کو وہی بائیک تین ماہ کے ادھار پہ بارہ ہزار کی بیچ دی۔ اب آپ نے تین ماہ کے اندر اندر اسے بیچ کر دس ہزار کی بجائے بارہ ہزار روپے بھائی کو واپس کرنے ہیں باقی آپ کا منافع ہو گا جتنے بھی اوپر کما لیں۔

============

پاکستان میں مروجہ اسلامی بینکاری نظام
کے خلاف "فتویٰ"

دارالعلوم دیوبند ہمارے لیے انتہائی قابلِ احترام ادارہ ہے، اسی طرح مفتی محمد تقی عثمانی دامت برکات ہم العالیہ بھی محترم و معزز شخصیت ہیں۔ تاہم اسلامک بینکنگ کے مسئلہ میں علماء کا جو اختلاف ہے یہ خالصتاً فقہی اور علمی اختلاف ہے جو دلائل پر مبنی ہے، ایسا فقہی اختلاف کسی شخصیت یا کسی ادارے کے احترام کے منافی بھی نہیں اور نہ ہی اس کا ذاتیات سے کوئی تعلق ہے۔ صرف جامعہ علوم اسلامی علامیہ بنوری ٹاؤن ہی نہیں بلکہ ملک کے بیشتر علماء کرام متفقہ طور پر اسلام کی طرف منسوب بینکاری کے نظام کو مروجہ سودی نظام کا ہی ایک حصہ قرار دے کر اس کے عدم جواز کا فتویٰ صادر کر چکے ہیں۔ مروجہ اسلامی بینکاری کو سودی نظام کا حصہ قرار دینے اور عدم جواز کی بنیادی طور پر دو وجوہات ہیں:

1۔ مروجہ اسلامی بینکاری کے لیے جو فقہی بنیادیں جن شرائط کے ساتھ فراہم کی گئی تھیں عملی طور پر مروجہ اسلامی بینکاری کا نظام ان فراہم کردہ بنیادوں پر نہیں چل رہا۔ جس کی وجہ سے روایتی بینکاری اور مروجہ اسلامی بینکاری میں کوئی فرق اور خاص امتیاز نہیں رہا۔

2۔ دوسری بنیادی وجہ یہ ہے کہ جو جن فقہی بنیادوں پر مذکورہ نظام کو قائم کیا گیا وہ بنیادیں اور اصطلاحات بھی سقم سے خالی نہیں، کئی فقہی اصطلاحات میں قطع وبرید کی گئی ضعیف اور مرجوح اقوال پر اعتماد وانحصار کیا گیا بغیر ضرورت مذہب غیر کی جانب جانے کو مباح سمجھا گیا وغیرہ۔

اس طرح کی کئی وجوہات کو سامنے رکھتے ہوئے علمائے کرام نے مروجہ اسلامی بینکاری کو روایتی سودی بینکاری کے مقابلے میں مسلمانوں کے حق میں زیادہ نقصان دہ سمجھا اس لیے اس کے نااسلامی ہونے اور اس سے بچنے کا مکمل اہتمام کرنے کا فتویٰ دیا۔

فتوی نمبر: 143609200043

دارالافتاء : جامعہ علوم اسلامی علامہ محمد یوسف بنوری ٹاؤن

============

بنا سود معاشی نظام کے تحت ملک میں

معاشی ترقی کیسے ممکن ہو گی؟

1۔ نئے کھاتے داروں کا اندراج۔

2 ۔ بینک کی عملی کارکردگی کی صلاحیت میں اضافہ۔

جب ریاست کے تمام ماحصل ریاستی بینک میں ہمہ وقت موجود ہوں گے۔ اس کی وجہ سے کاروباری قرضہ دینا آسان ہو گا اس وقت ملک میں کم و بیش سرکاری و غیر سرکاری 33 بینک اور 6213 برانچیں موجود ہیں۔ جن کی عملی کارکردگی کی صلاحیت میں مزید اضافہ کر کے ملکی خزانے پر بوجھ ڈالے بغیر موجودہ بینکاری نظام سے مستفید ہو سکتے ہیں۔

اس وقت ملک کی آبادی تقریبا 225 ملین ہے۔ جس میں ٪60 ، 25 سال سے کم عمر نوجوان طبقہ پر مبنی ہے۔ ان 60٪ نوجوانوں کو ان بینکوں میں کھاتے کھلوانے کے لئے ترغیب و سہولت فراہم کرنا ہو گی۔ اس سے ملکی معیشت میں مذید 135 ملین نئے کھاتے دار شامل ہو نگے۔ اگر ایک کھاتے دار 100 ڈالر کا کھاتا کھولتا ہے۔ تو اس سے 135,000 بلین ڈالر سے زیادہ سرمایا ریاست کے پاس جمع ہو جائے گا۔ یہ وہ پیسہ ہے جو کوئی کھاتے دار بینک سے نہیں نکلوائے گا۔ اب اسی پیسہ کو نوجوان تاجر کے ذریعے دوبارہ کاروبار میں لگا دیں۔ جس سے ان کی حوصلہ افزائی ہو گی۔ وہ تاجر نفع میں سے ٪40 ریاست کی خدمات و اخراجات کی مد میں ریاست کو دے گا۔ (چونکہ ریاست

خود کاروبار نہیں کرتی بلکہ کاروبار کے لئے پیسہ کی فراہمی بغیر کسی معاشی شرط و منافع کے، پرامن ماحول جس میں جان ومال، تجارت اور آبرو کا تحفظ شامل ہے مہیا کرنے کی ضمانت اور خدمات پیش کرتی ہے) اور 60٪ کاروباری نوجوان تاجر کا منافع ہو گا جو وہ اپنی صلاحیت، محنت اور وقت لگانے کے عوض کمائے گا۔ اگر مارکیٹ میں موجودہ کاروباری حضرات ریاست سے قرض لینے کی بجائے 100٪ اپنا ذاتی پیسہ پاکستان میں کاروبار میں لگاتے ہیں جو ریاست کو مستحکم کرنے کا باعث ہوں گے۔ وہ ریاست کے سب سے زیادہ قابل اعتماد، قابل احترام اور اہم ترین شہری متصور ہوں گے اور خصوصی مراعات کے مستحق ہوں گے۔

اس طرح ملک میں سے، سود کی لعنت سے چھٹکارا مل جائے گا اور ملک ترقی کی راہ پر آسانی سے گامزن بھی ہو جائے گا اسے کہتے ہیں اسلامی معاشی نظام۔ اس طرح ذاتی قرض حسنہ، مضاربت/ مشارکت اور مزارعات جس کی اجازت ہمارا دین دیتا ہے۔ اس طرح یقینی طور پر مگر آہستہ آہستہ ملک میں سود سے پاک معاشرہ قائم کیا جا سکتا ہے۔ تب ریاستی اداروں پر حکومتی اجارہ داری قائم اور مستحکم ہو گی۔ جس سے بے روزگاری کا خاتمہ، انسانوں کے استحصال کا خاتمہ اور بلا سود معیشت کے پہیہ میں حرکت شروع ہو جائے گی۔ یہ ہے وہ راستہ جو دنیا میں امن، سکون اور خوشحالی کی ضمانت بنے گا، اور ایک نئے خوش حال دور کا آغاز ہو گا۔ اس طرح پاکستان سود سے پاک معاشرہ قائم

کر کے دنیا میں ایک رول ماڈل ریاست کے طور پر ابھرے گا اور دوسرے مسلم ممالک کی حوصلہ افزائی اور رہنمائی بھی کرے گا۔ ان شاء اللہ

==========

نئے کھاتے داروں سے ملکی خزانے میں اضافہ بغیر حکومتی خرچہ کے

Revenue to State Bank Of Pakistan without spending			
Description	DATA	Opening Amount $	Total Deposit Amount
Pakistan population	225,000,000.00		
New Account Holder to system	135,000,000.00	100.00	13,500,000,000.00
No of Existing Banks	33.00		
No of new Accounts in Banks	4,090,909.09		
No of Existing Branches	3692.00		
No of new account per branch	1,108.05	100.00	110,804.69

New account holder

==========

معیشت کیسے کام کرے گی، اس کے اہم سنگ میل و ستون؟

"حق ملکیت ایک اکسیر ہے جو تانبے کو سونا بنا دیتا ہے"

علامہ محمد اقبالؒ (علم الاقتصاد)۔

اللہ تعالیٰ نے جس طرح دین اسلام کے زریعہ عقائد، عبادات میں انسانیت کی رہنمائی فرمائی، اسی طرح معاشی و معاشرتی زندگی، اور سیاسی زندگی کس طرح سے گزارنی چاہیے روزمرہ معاملات کیسے طے کرنے چاہیئے اس میں بھی انسانیت کی مکمل رہنمائی فرمائی ہے۔ترجمہ: دنیوی زندگی میں ہم نے لوگوں کی معیشت ان کے درمیان تقسیم کر دی ہے اور اس کو اس طرح کر دیا کہ بعض کو دوسرے بعض پر درجہ معیشت میں بلندی حاصل ہے: (الذخرف 43/32)۔ترجمہ "اللہ جس کے لئے چاہتا ہے رزق میں فراخی دیتا ہے اور جس کے لئے چاہتا ہے تنگی ڈالتا ہے" (الرعد 26/13)۔ترجمہ "وہی ہے جس نے تمہیں زمین میں ایک دوسرے کا جانشین بنایا اور بعض کو بعض پر مرتبے دیئے تاکہ جو کچھ تمہیں دیا جائے اس میں تمہیں آزمائے" (الانعام 165/6)۔ اگر اللہ تعالی اپنے بندوں کی روزی فراخ کر دیتا تو وہ زمین میں فساد برپا کر دیتے لیکن وہ اندازے کے ساتھ جو کچھ چاہتا ہے نازل فرماتا ہے وہ اپنے بندوں سے پورا خبردار ہے اور خوب دیکھنے والا ہے۔ (الشوری 27/42)

حقوق العباد کی اہمیت: جس میں باری تعالیٰ نے فرمایا ہے کہ رزق کی تقسیم میں حکمت اور جو ایک خاص قسم کی آزمائش پر مبنی ہے، ایک طرف کسی کو صاحب ثروت بنا کر اس سے یہ مطالبہ کرتا ہے کہ وہ اپنی دولت کو تنہا اپنی ملکیت نہ سمجھے بلکہ انفرادیت کے باوجود یہ یقین رکھے کہ وہ جس قدر زیادہ کمائے گا۔ اسی قدر اس کی دولت پر اجتماعی حقوق زیادہ عائد ہوں گے اس کے رزق میں برکت/اضافہ صرف اس کے اپنے لئے ہی نہیں ہوتا بلکہ جماعت کے دوسرے افراد جو اس کی ماتحتی میں کام کرتے ہیں ان کا حصہ بھی شامل ہوتا ہے، وہ اپنے پلے سے کسی کو کچھ نہیں دیتا یہ اللہ تعالیٰ کی ترتیب ہے۔ اگر ہم اپنی معیشت عدل و انصاف کی بنیاد پر استوار کریں تو پوری انسانیت کو خط غربت سے اوپر اٹھایا جا سکتا ہے۔ جنگ کی بجائے معیشت کی درستی سے دنیا انسانیت کے لئے امن و سکون اور جنت کا گہوارہ بن سکتی ہے۔ اگر کوئی معاشرہ اپنی معیشت کو عدل و انصاف کے تقاضوں کے مطابق چلانا چاہتا ہو تو اسے سود میں لپٹے ہوئے اس زہر قاتل کو جڑ سے اکھاڑنا ہو گا۔ کیونکہ کسی بھی انسان کا ذاتی کردار (اچھا یا برا) اس کی اپنی ذاتی تجارت پر اثرانداز (فائدہ و نقصان) ہو سکتا ہے اجتماعی معیشت پر نہیں باشرطیکہ بازار میں ریاستی قوانین کا اطلاق بلا تفریق اور سخت ہو اور اس قانون میں کوئی ایسا سقم باقی نہ ہو کہ جس کا فائدہ اٹھاتے ہوئے کوئی شخص استثنیٰ حاصل کر سکے۔

=========

مارکیٹ یا بازار معیشت میں ریڑھ کی ہڈی

ساتویں صدی کی ریاستِ مدینہ کے معاشی نظام کا یہ اعزاز ہے کہ اس نے تجارت اور تاجر کو عزّت واحترام کی نگاہ سے دیکھا۔ تجارت کو ایک معزز پیشہ بنایا اور تاجر کو معاشرے کا معزز ترین فرد قرار دیا۔ اس سلسلے میں حضرت محمد ﷺ کی بہت سی احادیث ملتی ہیں۔ آپؐ نے فرمایا کہ مارکیٹ (غلہ منڈی) حرم کی مانند ہے. یعنی مسلمان کی زندگی میں مارکیٹ مسجد کی طرح اہم اور پاک ہے۔ ایک اور حدیث میں آتا ہے کہ بازار (مارکیٹ) شیطان سے مقابلے کی جگہ ہے، یعنی زیادہ منافع کی ہوس سے بچا جاسکے۔ سچے تاجر کے رُتبے کے بارے میں فرمانِ رسولؐ نے گویا نجات کا راستہ دکھادیا۔ آپؐ ﷺ نے فرمایا کہ سچے تاجر کا رُتبہ شہدا اور صالحین کے بعد ہے۔ بڑی غور طلب بات ہے کہ ایسا فرمان، طبیب یا کسی اور پیشے کے بارے میں نہیں ہے۔ اس حدیث میں پیغمبرانہ بصیرت اور دُور رس پیغام اور دعوت پوشیدہ ہے۔ کسی بھی ریاست میں وہ مخصوص کاروباری جگہ و مقام مارکیٹ یا بازار کہلائے گا، جہاں قانونی تقاضوں کو مدنظر رکھتے ہوئے کاشتکار اپنا مال فروخت کے لئے پیش کرتا ہے، اور خریدار اپنی ضرورت اور قوت خرید کے مطابق مال کو خریدتے ہیں۔

اسی جگہ یعنی مارکیٹ میں الحسبہ (ریاستی ادارہ) قائم کیا جائے جو کہ خریدار اور فروخت کنندہ کے مابین ہونے والے اصل کاروباری معاہدہ پر مہرِ تصدیق ثبت کرے گا اور سو 100 روپے ریاستی اخراجات کی مد میں وصول کرئے گا اور اس طرح بازار میں ہونے والے کاروباری معاہدوں اور اس پر درج ذیل شرح سے لیے جانے والے (ریاستی انتظامی فیس) کا روزانہ کی بنیاد پر اندراج کریں گے۔ اس طرح ریاست کے پاس روزانہ کی بنیاد پر درست اعداد و شمار کا اندراج ہوتا رہے گا۔

ریاستی فیس: ہر تصدیق شدہ معاہدے پر 5٪ کے حساب سے فیس وصول کی جائے گی۔ 5000 ہزار روپے سے 5 لاکھ روپے تک کاروبار پر = 250 سے 25،500روپے تک, 6لاکھ سے 49لاکھ روپے تک کاروبار پر30,000 سے 2،45000 روپے تک ، 50 لاکھ سے 99 لاکھ روپے تک کاروبار پر 2,50,000 سے 95000،4 روپے تک ، 1 کروڑ روپے سے 49 کروڑ روپے تک کاروبار پر 30000،5 روپے، 50 کروڑ دوپے سے 1 ارب روپے تک کاروبار پر = 25 لاکھ روپے بطور فیس ہر دو طرفہ معاہدے پر الحسبہ ادارے میں جمع کرا کر رسید حاصل کرے گا۔ (خریدار اور فروخت کنندہ سے طے شدہ آمدنی کی فیس وصولی کے بعد تاجروں کو رسید مہیا کی جائے گی۔ یہ رسید دکھانے پر تاجر کے اس معاہدے پر دوسرا کوئی اور ٹیکس نہیں لگے گا) ملک کے ہر شہر میں غلہ منڈیاں قائم ہوں گی اور وہاں یہ ادارہ موجود ہو گا۔

مثال کے طور پر ایک شہر کی آبادی پچاس ہزار نفوس پر مشتمل ہے۔ اس میں بارہ ہزار پانچ سو افراد کاروبار کرتے ہیں جو کہ آبادی کا 25٪ بنتا ہے۔ جس میں ہر روز 12،500 کاروباری معاہدے ہوتے ہیں۔ اگر صرف ایک معاہدہ 5000 روپے کا ہو جس سے ملک کو بشمول حکومتی اخراجات روزانہ کم از کم 59 بلین کی آمدن ہو گی۔ 128 بلین روپے ماہانہ اور 1546 بلین سالانہ، صرف ایک شہر سے۔ ملک میں پانچ سال کی بجائے تین سالہ منصوبے بنائے جائیں تاکہ چھوٹے منصوبے تھوڑے اور بروقت مکمل کیئے جا سکیں اور کاروبار میں بھی تیزی برقرار رہے۔

مارکیٹ کاطائرانہ جائزہ

Investment incentive Periority Chart		Sample Calculation of single Market					A city with 50K People	Business /Day		Business/Month		Business/Year	
Description	Trade Pak Rupee From	Trade Pak Rupee To	Al-Hasba Admin Fee % + Fixed Zakat 2.5 %		Contract Value+ % + Admin Cost @ Minimum	Contract Value+ % + Admin Cost @ Maximum	No of Traders @ 25%	PAK Rupee (M)		PAK Rupee (M)		PAK Rupee (M)	
Small Business Man Grd-5	5,000.00	500,000.00	5+2	7	5,350.00	535,000.00	12,500.00	66,875.00	6,687,500.00	1,738.75	173,875.00	20,865.00	2,086,500.00
Intermidiate Business Man Grd-4	600,000.00	4,900,000.00	5+3	7	642,000.00	5,243,000.00	3,125.00	2,006,250.00	16,384,375.00	52,162.50	425,993.75	625,950.00	5,111,925.00
Medium Business Man Grd-3	5,000,000.00	9,900,000.00	5+4	7	5,350,000.00	10,593,000.00	782.00	4,183,700.00	8,283,726.00	108,776.20	215,376.88	1,305,314.40	2,584,522.51
Top Business Man Grd-2	10,000,000.00	490,000,000.00	5+5	7	10,700,000.00	524,300,000.00	196.00	2,097,200.00	102,762,800.00	54,527.20	2,671,832.80	654,326.40	32,061,993.60
Super Business Man Grd-1	1,000,000,000.00	5,000,000,000.00	5+6	7	1,070,000,000.00	5,350,000,000.00	50.00	53,500,000.00	267,500,000.00	1,391,000.00	6,955,000.00	16,692,000.00	83,460,000.00
								61,854,025.00	401,618,401.00	1,608,204.65	**10,442,078.43**	**19,298,455.80**	**125,304,941.11**

Sample Market Calculator

ریاستی قانون کی اہمیت

ریاست کا کام ہے کہ جو بھی ریاستی اجناس (گندم، کپاس ، چاول اور شکر وغیرہ) پیدا ہوں کاشتکاروں سے اجناس خرید کر گوداموں میں رکھے اور بوقت ضرورت منڈی میں اتار وچڑھاؤ اور قیمت پر قابو رکھنے کے لئے طلب و رسد میں توازن برقرار رکھ سکے تا کہ مصنوعی قلّت پیدا کرنے اور مہنگائی کی وجہ بننے والے مفاد پرست عناصر کی سر کوبی کی جا سکے ۔ ریاستی قانون کا حقیقی اور درست نفاذ معاشی و معاشرتی اخلاقیات کو بگڑنے نہیں دیتا اس کے لئے ریاستی قوانین کو اخلاقی اصولوں کی بنیاد پر وضع کیا جانا چاہیئے جس کا نفاذ ریاست کا استحقاق اور فرض ہوتا ہے اور ہر شہری اور تاجر کی اولین ذمہ داری ہے کہ وہ ان قوانین کی پابندی کریں۔ دوسری صورت جزا و سزا کا اطلاق یقینی بنانا ریاست کی اولین ذمہ داری ہے اور اس زمرے میں کسی کو استثنٰی حاصل نہیں ہوتا ۔ موجودہ سرمایادارانہ نظام کے خالقین نے اکثر حکومتوں (جو ان کے اپنے خریدے ہوئے نمائندوں پر مشتمل ہوتی ہیں) کے زریعے یہ ذمہ داری نجی شعبوں میں اپنے چند مفاد پرست (ڈیلروں یا آڑھتیوں) کے حوالے کر کے ریاست کو اور نظام کو مفلوج و گروی کر کے عدم استحکام کی کیفیت پیدا کر دیتے ہیں اور ہمیشہ یہ آئی ایم ایف اور ورلڈ بینک کے نمائندوں کے زریعے دنیا پر حکمرانی کرتے ہیں حکومت اور عوام کو مہنگائی کا شکار کر کے دونوں کو معاشی پریشانی میں مبتلا کر دیتے ہیں۔ اسی لئے آج تک کوئی حکومت نہ تو

ملک کو قرضوں سے نجات دلا سکی ہے اور نہ ہی بجلی و گیس کی کمی پوری کر سکی ہے مارکیٹ پر موثر حکومتی کنٹرول نہ ہونے کی وجہ سے ذخیرہ اندوز عناصر اپنے مذموم مقاصد کی تکمیل کے لئے حکومت کو عدم استحکام کا شکار، عوام کو مہنگائی کی چکی میں پیسنا اور اپنی تجوریاں بھرنا شامل ہے۔ اہل شعور کے لئے یہ سمجھنا مشکل نہیں کہ کون لوگ ملک میں مصنوعی قلّت پیدا کرتے ہیں ایک زرعی ملک ہونے کے ناتے ہر سال زرعی اجناس برآمد کرنے کے بجائے درآمد کیوں کرتے ہیں؟ان کی وجہ سے غریب عوام اشیائے خور و نوش کے لئے لمبی لمبی قطاروں میں خوار ہو رہی ہوتی ہے۔ عوام کی سہولت کے لئے آٹا، دال، چاول، گھی و چینی وغیرہ کی وافر دستیابی اور قیمتوں پر کنٹرول اور اچھی حکمرانی ناگزیر ہے اور یہ ریاستی قانون کے نفاذ کے بغیر ناممکن ہے۔

بازار کے پانچ اہم ستون

کسی بھی معیشت یا کاروبار کو چلانے کے پانچ اہم اصول و ستون ہوتے ہیں۔

(1) ریاستی قانون کی اجارہ داری

(2) زرعی اجناس پیدا کرنے والا کاشتکار

(3) خرید و فروخت کرنے والا تاجر

(4) زر کی مروجہ قانونی شکل۔

(5) اجناس (گندم، کپاس، چاول و شکر وغیرہ) وہ جنس جس کی خرید و فروخت قیمتاً مقصود ہو"۔

(1) ریاستی قانون کی اجارہ داری: بازار ریاستی قانون کے تحت چلتے ہیں کوئی کاروبار اس سے باہر نہیں کیا جاسکتا اور نہ ہی کسی کو استثنیٰ حاصل ہے۔امن وامان قائم رکھنا تاجر کے کاروبار، جان، مال وآبرو کا تحفظ ریاست کی ذمہ داری ہوتی ہے۔اس کی اہمیت اتنی زیادہ ہے کہ اس کے بغیر بازار چل ہی نہیں سکتے۔

(2) اشیاء زرعی اجناس پیدا کرنے والا کاشتکار فروخت کنندہ: وہ شخص ہے جو اجناس پیدا کرتا ہے اور اپنی ضرورت کے مطابق مال منڈی میں لاتا اور فروخت کرتا ہے۔اس کی اہمیت اتنی زیادہ ہے کہ اس کے بغیر بازار چل ہی نہیں سکتے۔

(3) **تاجر (خریدار):** وہ شخص ہے جو اجناس پیدا نہیں کرتا صرف اپنی ضرورت کے مطابق مروجہ زر سے اجناس منڈی سے خریدتا ہے۔اس کی اہمیت اتنی زیادہ ہے کہ اس کے بغیر بازار چل ہی نہیں سکتے۔

(4) **اجناس** (گندم، کپاس، چاول وشکر وغیرہ) کی جس کی خرید وفروخت قانوناً نقد اور قیمتاً مقصود ہو"اس کی اہمیت اتنی زیادہ ہے کہ اس کے بغیر بازار چل ہی نہیں سکتے۔

(5)**روپیہ کی مروجہ** قانونی شکل جس میں درج ذیل خصوصیات ہوں۔ اس کی اہمیت اتنی زیادہ ہے کہ اس کے بغیر بازار چل ہی نہیں سکتے۔

زر نقد کی ماہیت اور اس کی قدر:

1۔ذاتی قدر رکھتی ہو۔

2۔آسانی سے منتقل ہوسکتی ہو۔

3۔پرانی ہو جانے سے اس کی قدر میں تغیر نہ آسکتا ہو۔

4۔ چھوٹے چھوٹے حصوں میں منقسم ہو سکتی ہو۔

5۔ تھوڑی مقدار میں قدر زیادہ رکھتی ہو۔

6۔اس کی قدر بالعموم یکساں رہتی ہو۔

7۔اس کا کھرا کھوٹا ہونا جلدی پرکھا جا سکتا ہو۔

8۔اس کے سکے آسانی سے بن سکتے ہوں۔

ایک عام آدمی کو کسی بھی کام یا حاجت کو پورا کرنے کے لئے قانونی روپیہ یا ایسی قوت درکار ہوتی ہے جس کے عوض وہ اپنی مطلوبہ مال، شے یا ضرورت پوری کر سکے۔ پہلے زمانہ میں مال کے بدلے مال کے تبادلے کے ذریعے ایک دوسرے کی حاجت پوری ہو جاتی تھی۔ موجودہ زمانے میں حاجت پوری کرنے کے لئے روپیہ (زر) ایک اکائی (جس کی اپنی قدر ہوتی ہے) کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے جو سب کے لئے قابل قبول ہے۔ محمد اقبالؒ (علم الاقتصاد)

==============

نوٹ :

پاکستان کی معیشت کی بدحالی کی وجوہات !

1۔ تعلیم وتربیت کا فقدان

2۔ موجودہ سودی معاشی نظام (مسلمان اللہ سے براہ راست لڑائی کا متحمل نہیں ہو سکتا)

3۔ موجودہ جمہوری پارلیمانی نظام

4۔اقرباپروری

5۔ذخیرہ اندوزی

6۔خیانت وچوری

7 -عدلیہ کی کرپشن اور عدلیہ کا غیر فعال ہونا

=========

قیمت کو کس طرح قابو میں رکھا جاسکتا ہے؟

دھوکے باز ڈیلر، زخیرہ اندوز، موقع پرست سرمایادار:

عام طور پر یہ سمجھا جاتا ہے کہ قیمت کا تعلق طلب اور رسد سے طے کیا جاتا ہے۔ علمی طور پر درست بات ہے مگر موجودہ سودی نظام میں عملی طور پر ایسا ہوتا نہیں۔ قیمت کا

بہت گہرا تعلق اس شخص سے بھی ہوتا ہے جو اجناس پیدا کرتا ہے اور نہ ہی ضرورت کے مطابق اجناس غلہ منڈی میں لاتا اور نہ ہی فروخت کرتا ہے۔ بلکہ یہ وہ شخص ہے جو صرف ذخیرہ اندوزی کرتا ہے ایک طرف کاشتکار کا استحصال اس کی محنت (مال رسداجناس) یہ کہہ کر کم پیسے میں خریدتا ہے کہ منڈی میں اس جنس کی طلب کم ہے مگر اپنے گودام بھرے رکھتا ہے۔

دوسری جانب منڈی میں افواہ اور خوف پھیلاتا ہے اور خریدار سے کہتا ہے کہ منڈی میں اجناس موجود نہیں اور مستقبل قریب میں بھی قلّت رہے گی۔ لیکن اگر تمھیں چاہئے تو تھوڑی اضافی قیمت ادا کرنا ہوگی وہ اپنے سرمائے کی بدولت مال رسد (اجناس) کو گودام میں جمع رکھتا اور مصنوعی قلّت پیدا کرتا ہے اور موقع کی مناسبت اور مرضی سے مال رسد (اجناس) غلہ منڈی میں لاتا ہے اور اپنی مرضی کی قیمت پر فروخت کرتا ہے یوں قیمت پر اثرانداز اور گرفت رکھتا ہے۔ یہ تاجر نہیں بلکہ ہندو بنیا جیسی وہ گندی سوچ ہے جو مہذب معاشرے کا ناسور ہے جس کی وجہ سے ملک اور مارکیٹ میں ہمیشہ زلزلہ آیا رہتا ہے۔ یہ ہے سرمایادار کی چال جس سے وہ ایک تیر سے دو نہیں کئی شکار کرتا ہے۔ سرمایادار ڈیلریا ذخیرہ اندوزیا موقع پرست کے ذریعہ ایک طرف رسد اور طلب کو قابو رکھتا ہے تو دوسری طرف کمزور بدعنوان حکومت کو اپاہج اور عوام کو بے بس، بدحال اور ایک دوسرے کا دشمن بنائے رکھتا ہے۔ لیکن اب وقت آگیا ہے کہ معیشت کے کنویں کو صاف کرنے کے لئے صرف پانی ہی نہیں بلکہ " مردار کتے " کو نکالنا بھی ضروری ہے اور اگر ہم ایسا نہیں کرتے تو پھر انسانیت کی فلاح و بہبود کے دعوے عبث ہیں۔

==========

پاکستان فلاحی ریاست

باب سوئم

متبادل مالیاتی نظام

إنما الاعمال بالنیات : مفہوم : انسان کے اعمال کا دارو مدار نیتوں پر ہوتا ہے۔ (بخاری)

انسانوں کے اعمال ارادوں کی عکاسی کرتے ہیں:

خلاصہ

انسانوں کا طرز زندگی اور معیار زندگی براہ راست پیسے سے جڑا ہوا ہوتاہے۔ اور خراب معیشت تمام بدعنوانی اور افراتفری کی ماں ہے اور انسانیت کے تمام مصائب کی بنیادی جڑہے۔اس تناظر میں سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ ناقص جیو اکنامکس اور جیو پولیٹیکل سسٹم کا متبادل حل کیاہے اور کہاں ہے؟

لہٰذا، انسانوں کے مصائب و آلام کو دیکھنے، سمجھنے اور ان کا جائزہ لینے کے لیے، اس وقت کے علماء کو چاہیے کہ وہ موجودہ سود پر مبنی مالیاتی نظام کا تنقیدی جائزہ لیں اور جان سکیں کہ تازہ ترین منفی یا مثبت تبدیلیوں سے ان کے معیار زندگی اور ان کے چہروں پر پڑنے والے اثرات کا جائزہ لیا جا سکے۔

موجودہ نظام کا بغور جائزہ لینے کے بعد معاشرتی سائنسدان (علماء) نے ثابت کیا ہے کہ موجودہ سود پر مبنی مالیاتی نظام نے انسانیت کی خدمت سے زیادہ استحصال کیا ہے اور متبادل بناسود مالیاتی نظام کی راہ ہموار کی ہے۔

متبادل بناسود مالیاتی نظام انسانیت کو مختلف فوائد پیش کرتا ہے، جیسے کہ نظام تک رسائی میں اضافہ اور لچک، انفرادی تاجروں اور نجی کاروباری اداروں کے لیے یہ ضروری ہے کہ وہ حصہ لینے سے پہلے متبادل مالیاتی نظام کے اندر دستیاب فوائد اور اختیارات کا بغور مطالعہ و تحقیق اور سمجھ لیں۔ موجودہ مالیاتی نظام کا جائزہ لینے اور تجزیہ کرنے کے بعد، علماء کو موجودہ مالیاتی نظام کے غیر فعال ہونے کے بارے میں بہت زیادہ تضادات کا پتہ چلا ہے، لہٰذا وہ اس بات پر قائل ہوئے اور اس نتیجے پر پہنچے اور اس موجودہ سودی نظام میں ترمیم کی سفارش کرنے پر راضی ہوگئے۔

مطلوبہ الفاظ:

انصاف، دور اندیشی، مساوی حقوق، قانونی اختیار، ابدی مقصد، وقت، لاگت، مقدار، معیار، متبادل، مالی، انتظام، نظام، انسانیت، وسائل، استحصال، دوبارہ ایجاد، معیارات، اظہار، اور شرکت۔

تعارف

انسانی جسم اللہ کے بنائے ہوئے نظام کا بہترین مظہر ہے جو متعدد نظاموں پر مشتمل ہے، ہر ایک اپنی اپنی ذمہ داریاں احسن طریقے سے انجام دے

رہا ہے۔ اللہ کے بنائے ہوئے اور انسان کے بنائے ہوئے نظام کے درمیان فرق "اخلاقی اقدار" کا ہے۔ جب کہ **وقت، قیمت، معیار** اور **مقدار** انسان کے بنائے ہوئے نظام کے سب سے اہم پہلو ہیں۔ کامیابی کی سیڑھی اور انسانیت کی خدمت کا بہترین نظام دونوں کا مجموعہ ہوگا۔ یعنی اللہ کا بنایا ہوا نظام جو الٰہی خوبیوں پر مشتمل ہے جو انسانوں کو عطا کی گئی ہیں، جیسے **عدل وانصاف کرنا، دور اندیشی ہونا، مساوی حقوق اور امن برقرار رکھنا، یکساں مواقع (عزت، روزگار) مہیا کرنا، قانونی اختیار اور باوقار زندگی کے لئے کوشش کرنا۔** جو کہ دنیا بھر میں عام طور پر جانا، مانا اور قبول کیا جاتا ہے۔ نظام بذات خود ایک ایسا خود کار عمل ہے کہ جو مندرجہ بالا اقدار کو بہترین امتزاج سے بروئے کار لا کر انسانیت کی بہتری کے لیے ثمرات پیدا کرتا ہو۔

تمام انسانوں کا طرز زندگی اور معیار زندگی براہ راست پیسے سے جڑا ہوا ہوتا ہے اس لیے خراب معاشیات تمام معاشرتی بدعنوانی کی ماں اور انسانیت کی تکالیف کا سب سے بڑا سبب ہے۔ اس تناظر میں سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ ناقص معاشیات اور ناقص معاشرتی نظام کا درست حل کیا اور کہاں ہے؟ ماضی کے مذہبی اسکالرز اور سیکولر ماہرین اقتصادیات نے بہت پہلے ان مسائل کو حل کرنے کی پوری کوشش کی ہو گی لیکن وہ ایسا نہ کر سکے۔ شک کا فایدہ دیتے ہوئے ہم کہہ سکتے ہیں کہ تحقیقی سہولیات کی عدم دستیابی، محدود وسائل اور ناقص علم نے انہیں معذور کر دیا ہوگا۔ وقت نے ثابت کر دیا ہے کہ موجودہ سود پر مبنی مالیاتی نظام نے انسانیت کی خدمت سے

زیادہ استحصال کیاہے اور توقع کے مطابق کارکردگی کا مظاہرہ نہ کرسکا اور جس کے نتیجے میں متبادل نظام کی راہ ہموار ہوئی۔

مسلمان اپنی تاریخ، عقیدہ، علم اور ثقافت سے اس قدر لاتعلق ہوچکے ہیں جیسے ان کے لیے اجنبی ہوں۔ بھوک کے خوف نے اللہ تعالیٰ پر ان کے ایمان اور یقین کوبہت کمزور کر دیا ہے۔مزید برآں، موجودہ مالیاتی نظام کی وجہ سے مشرقی اور جنوب مشرقی ممالک کے معاشرے مقامی مالیاتی نظام ہونے کے باوجود سیاسی اور معاشی نجات کے لیے مغربی معاشی نقطہ نظر کو اپنانے پر مجبور ہیں۔جس نے نہ صرف معاشی بلکہ سیاسی طور پر بھی ان کے معمولات زندگی کو درہم برہم کر دیا ہے۔اس نے ان کی تحقیق اور ترقی کی صلاحیت کو بھی بری طرح متاثر اور نظرانداز کیا ہے۔انہیں اس پر عمل کرنے پر مجبور کر دیاہے۔اب معاشی مصائب اور ذلت ورسوائی نے عام آدمی کو متبادل مالیاتی نظام کے بارے میں سوچنے پر مجبور کر دیاہے۔

رومی کا اقتباس۔" آپ صلاحیت کے ساتھ پیدا ہوئے ہیں"۔"آپ نیکی اور بھروسے کے ساتھ پیدا ہوئے ہیں۔آپ آئیڈیل اور خوابوں کے ساتھ پیدا ہوئے ہیں۔آپ عظمت کے ساتھ پیدا ہوئے ہیں۔آپ پروں کے ساتھ پیدا ہوئے ہیں۔آپ رینگنے کے لیے نہیں ہیں۔ محسوس کریں کہ آپ کے پاس "پر" ہیں ان کا استعمال کریں اور کھلی فضاؤں میں اڑیں۔"

اللہ رب العزت نے شروع سے ہی انسانیت کے معاشی مسائل کے لیے حل پیش کیا ہے جس کی بنیاد اخلاقی اقدار پر ہے "تمام اعمال نیتوں کی عکاسی کرتے ہیں" اگر نیتیں صاف ہوں تو عمل ان کے خلاف نہیں ہو سکتا۔

اللہ تعالیٰ نے اپنے آخری نبی محمد ﷺ کو زمین پر بہترین اسوۂ حسن کے ساتھ انسانوں کی رہنمائی کے لیے بھیجا کہ انسان کس طرح باوقار زندگی گزارے۔ جیسا کہ قرآن پاک میں بیان کیا گیا ہے۔ آخری نبی محمد ﷺ نے اخلاقی اقدار کا بہت گہرا معیار زندگی قائم کیا، اور ان کی بنیاد پر احکامات کو عملی طور پر نافذ کیا، اور انہیں مؤثر طریقے سے ظاہر کیا۔ لہٰذا یہ مسلمانوں پر ایک اخلاقی بنیادی ذمہ داری ہے کیونکہ وہ دعویٰ کرتے ہیں کہ وہ ایک خدائی تحفہ مالیاتی نظام کی شکل میں رکھتے ہیں۔

پوری دنیا میں ہر محنت کے پیچھے کوئی نہ کوئی انوکھا نظام ہوتا ہے۔ آیئے معلوم کرتے ہیں کہ یہ مالیاتی نظام منطقی طور پر کیسے کام کرتا ہے۔ کسی بھی پیشہ ور کو ایک ایسے خودکار نظام کی ضرورت ہوتی ہے جو نہ تو جامد ہو اور نہ ہی بے حرکت۔

مثال کے طور پر، ایک ہمیشہ بہنے والا دریا جاری رہے گا، جب تک کہ کوئی اسے جان بوجھ کر نہ روکے جس کے تباہ کن نتائج برآمد ہوں گے۔ ہر فرد کے پاس کثیر کام کرنے کی صلاحیتوں کے اظہار کے لیے ایک منفرد انتظامی نظام ہوتا ہے۔ ایک شخص سوچنے کے عمل میں اپنے کام کی نوعیت کو دوسرے میں بدل سکتا ہے۔ اگر آپ اسے دوسرے زاویے سے دیکھیں تو یہ انسانی صفات کو ماپنے کا ایک ذریعہ بھی ہے۔ منطقی تجزیہ اور تنقیدی تشخیص پر مبنی انتظامی نظام کے سخت اطلاق پر عمل کیے بغیر اس دنیا میں کچھ بھی ممکن نہیں ہے۔ لوگ اس پر بہت کم توجہ دیتے ہیں لیکن ایک منطقی نظام قوموں کی زندگیوں میں معجزے دکھاتا ہے۔ ملک کے

ہر معاشرے اور ہر برادری کا ہر فرد کسی نہ کسی منطق پر مبنی نظام کے ذریعے ہر کام کرتا ہے۔
انسانوں کی رہنمائی کے لیے تجارت کے رہنما اصول وضع کیے ہیں تاکہ انسان ان پر عمل پیرا ہو کر انسانیت کی رہنمائی اور فلاحی کاموں کو انجام دے سکیں۔

1. عدل وانصاف:

دن میں خواب دیکھنا ایک شاندار خیال ہے، لیکن خوابوں کو حقیقت میں بدلنا اگر ناممکن نہیں تو مشکل ضرور ہے۔ انصاف ہی وہ واحد راستہ ہے جس کے ذریعے خوابوں کی تعبیر تھیس، اینٹی تھیس اور ترکیب کے عمل کے ذریعے، صحیح سمت اور قانونی طور پر دستیاب قانونی وسائل کے استعمال سے ممکن ہے۔ عزت، روزگار اور مساوی مواقع کی دستیابی ہر شہری کا بنیادی حق ہے اور ریاست کے ہر شہری کو یکساں مواقع، عزت اور روزگار فراہم کرنے کا واحد ذریعہ عدل وانصاف ہے۔ (رہنما اصول جیسے کہ **عدل و انصاف**، **دور اندیشی** ، **مساوی حقوق اور امن** ، **یکساں مواقع (عزت،روزگار)**، اور **قانونی اختیار اور باوقار زندگی (امن، خوشحالی، اور خوشی)** مطلق **عدل وانصاف** کے بغیر کوئی بھی مطلوبہ نتائج حاصل نہیں کر سکتا۔ اس طرح ایسے خشک ماحول میں انصاف صرف خواب ہی رہ سکتا ہے۔

2۔ **دور اندیشی:** کی اصطلاح کو استعاراتی طور پر کسی ایسے شخص جو طویل مدتی تناظر رکھتا ہو، مستقبل کے رجحانات کا اندازہ لگانے کے قابل ہو، یا ممکنہ نتائج یا نتائج کی پیش گوئی کرنے کی صلاحیت رکھتا ہو جو فوری طور پر ظاہر نہ ہوں۔بلکہ طویل مدتی مضمرات اور امکانات پر غور کرتے ہیں۔ اس میں آگے کی سوچ اور مستقبل میں پیدا ہونے والی تبدیلیوں اور چیلنجوں کا اندازہ لگانے کی صلاحیت ہواور مجموعی طور پر ایک وسیع اور محیط تناظر کے ساتھ مستقبل کے لیے سوچنے اور منصوبہ بندی کرنے کی صلاحیت ہوتی ہے۔

3۔ **مساوی حقوق اور امن:** ہر انسان کو بغیر کسی جنسی، مذہبی، قومی یا معاشرتی تمیز کے انسانی حقوق کا احترام کرنا چاہئے اور ان کی زندگی، عزت اور امن کی حفاظت کی گارنٹی دینی چاہئے۔اور اس کا مقصد انسانیت کے تمام افراد کو برابری، احترام اور امن کا موازنہ فراہم کرنا ہوتا ہے۔ اس کی بنیاد بین الاقوامی انسانی حقوق کے اصولوں پر ہے جو کہتے ہیں کہ ہر انسان کو زندگی، آزادی، اور حقوق کی پوری حفاظت ملنی چاہئیے بغیر کسی تمیز کے۔

4۔ **یکساں مواقع (عزت، روزگار)**، یکساں مواقع" ایک اصول ہے جو کہتا ہے کہ تمام افراد کو برابر امکانات اور مواقع فراہم کیے جانے چاہئے، بغیر کسی قسم کی تمیز یا تبعیض کے۔ اس اصول کی روشنی میں، تعلیم، روزگار، عزت، اور دیگر زندگی کے مختلف پہلوؤں میں ہر انسان کو ایک جیسا مواقع دینا چاہئے، بغیر کسی جنسی، مذہبی، قومی یا معاشرتی تمیز کے۔

5 . قانونی اختیار اور باوقار زندگی (امن، خوشحالی، اور خوشی)۔(R-7)

"قانونی اختیار اور باوقار زندگی" ایک اصول ہے جو کہتا ہے کہ ہر انسان کو قانونی حقوق کے ساتھ ایک باوقار زندگی جینے کا حق حاصل ہے، جس میں امن، خوشحالی، اور خوشی شامل ہوتی ہیں۔اس کا مطلب ہے کہ تمام افراد کو انسانی حقوق کی پوری حفاظت ملنی چاہئیے جو کہ ان کی امن، معاشرتی مشروطیں، اور روشن مستقبل کی ضمانت دیتی ہیں۔

"قانونی اختیار" سے مراد کسی کے حقوق کی قانونی حمایت کا موازنہ کیا جاتا ہے، جو کہ انسانی حقوق کے تعین کرنے والے قوانین اور نظام کے ذریعے فراہم کی جاتی ہے۔ انسانی حقوق کے تحت، انسانوں کو امن، انصاف، آزادی، خصوصیت، اور دیگر بنیادی حقوق فراہم کیے جاتے ہیں جو ان کی باوقار زندگی کی ضمانت دیتے ہیں۔

"باوقار زندگی" میں معاشی خوشحالی اور امن کا اہم کردار ہوتا ہے اور بے فکری کی زندگی کا حق جس میں کسی بھی قسم کے خوف یا خطرے کا سامنا نہیں کرنا پڑتا۔

"خوشحالی" زندگی میں مثبت حالات، تجربات، اور مواقع کی طرف ہوتا ہے، جو کہ افراد کو خوش رہنے اور اپنی مخصوص پسندیدگیوں کی پیروی کرنے کی اجازت دیتا ہے۔

"خوشی" سے مراد زندگی کی خوشیاں، فلاح اور کامیابی کا احساس ہوتا ہے، جو کہ انسانیت کے تمام پہلوؤں میں مثبت اثرات پیدا کرتا ہے۔

یہ اصول انسانی حقوق اور انصاف کی روشنی میں آتا ہے اور اس کا مقصد ہے کہ ہر انسان کو انسانیت کے اصولوں کے تحت دینے والے اختیارات اور حقوق کے ساتھ بے باوقاری اور تشدد کے خلاف محفوظ اور پرسکون زندگی کا تجربہ کرنے کا موازنہ کیا جا سکے۔

صدیوں سے معاشرے اپنے مذہب، روایات، ثقافت اور روزمرہ کی انسانی زندگی کے بنیادی تقاضوں کے مطابق ترقی کر رہے ہیں۔ "ضرورت ایجاد کی ماں ہے"۔ متبادل انتظامی نظام کے ایک نئے تصور کی پیش کش مذکورہ بالا پیرامیٹرز کے مطالعہ اور دنیا بھر کے معاشروں میں بگڑتے ہوئے معاشی حالات اور اخلاقی اقدار کے زوال کو مدنظر رکھتے ہوئے تھی۔ سب سے پہلے، ایک نئے تصور کو کاغذ کے ٹکڑے پر جانچا گیا اور بعد میں اسے زمین پر کامیابی کے ساتھ نافذ کیا گیا۔ امید ہے کہ اگر مندرجہ بالا پانچ ترتیب وار مراحل کے ذریعے مذکورہ خیال کو حقیقت میں بدل دیا جائے تو پوری دنیا کے انسانی معاشرے متبادل بناسود معاشی نظام کے متوقع مثبت نتائج سے مستفید ہو سکتے ہیں۔

نتیجہ

یہ مضمون دنیا میں پائیدار ترقی کے اہداف کے نفاذ وحصول کو نئی شکل دینے پر بحث کرتا ہے۔ اس میں انتظامی قیادت، قومی ترقی کا منصوبہ، پائیدار ترقی کے اہداف، سماجی و اقتصادی تبدیلی، صلاحیت کی ترقی، ٹیلنٹ مینجمنٹ، ملازمین کی برقراری، ملازمت کا اطمینان، ماحولیاتی جہت، کاروباری مالی انتظام، چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباری ادارے، بنا سود اقتصادی ترقی، کاروباری انتظام اور شخصیت کی خصوصیات وغیرہ۔ یہ مضمون طلباء اور محققین کے لیے نئی سوچ اور تحقیق کے پہلو اجاگر کرنے کے مواد پر مشتمل ہے۔ ایک تنقیدی جائزے اور تجزیے کے بعد یہ نتیجہ اخذ کیا گیا ہے کہ معاشی کامیابی بہت اعلیٰ اخلاقیات کی مرہون منت ہوتی ہے اور ناکامی بدترین اخلاقیات کا مظہر۔ کامیابی کی سیڑھی قوم کی تعمیر اور اقتصادی ترقی میں اہم کردار ادا کرتی ہے جو کہ مندرجہ ذیل پانچ بڑے ستونوں پر مشتمل ہے۔


5.
قانونی اختیار اور
باوقار زندگی
4.
یکساں مواقع
(عزت، روزگار)
3-
مساوی حقوق اور
امن
2-
دور اندیشی
1-
عدل و انصاف



ترقی یافتہ معاشرہ معاشی استحکام کے اور سیاسی استحکام کے بغیر ترقی ناممکن


خوشحالی
کاروبار
سرمایہ کاری
بچت
امن
حسد
نفرت
بغض
معاشی استحکام
ذخیرہ اندوزی
لالچ اور بے ایمانی
اقربا پروری اور تکبر
اخلاقی اقدار
دانشمندی
اولین مقصد
ذمہ داری
خوشحال ملک
ترقی یافتہ معاسرہ

باب چہارم

(الصّلوۃ یعنی ادارے ،اور زکوۃ کا نظام "الصلی" یعنی نماز کا نظام)

الصّلوۃ، زکوۃ اور نماز کے باہمی تعلق کو سمجھنے کی اشد ضرورت ہے جس کو ترکی کے ایک عالم (رجب اصفہانی) نے بہت آسان اور خوبصورتی سے پیش کیا ہے جو اردو ترجمہ کے ساتھ درج ذیل ہے:

" **الصّلوۃ کے معنی:** بظاہر یہ ممکن ہے کہ لفظ (الصّلوۃؒ) ایک ساخت کے طور پر ص ل ی (صلی) اور ص ل و [الصّلوۃ] کی جڑوں سے ماخوذ ہو۔ ہو سکتا ہے کہ یہ گرامر کے اصولوں کے مطابق دونوں جڑوں سے اخذ کیا گیا ہو۔اس کی وجہ یہ ہے کہ ص لی [صلی] اور ص ل و [الصّلو] کے دونوں الفاظ "ناقس" ہیں کیونکہ ان کے آخری حرف "حرفِ اِلّت" ہیں۔ غائب ہو سکتا ہے یا کسی دوسرے حرف میں تبدیل ہو سکتا ہے اور جب کوئی لفظ ان جڑوں سے اخذ کیا جاتا ہے تو جڑوں کے آخر میں ایک حرف جو غائب ہو سکتا ہے یا کسی دوسرے حرف میں تبدیل ہو سکتا ہے یا چھوڑ دیا جاتا ہے اور دوسرے حرف میں بدل جاتا ہے۔ ایسی صورت میں کچھ پیچیدگیاں ظاہر ہو سکتی ہیں اگر اس جڑ کے بارے میں کوئی سنجیدہ تجزیہ نہ کیا جائے جہاں سے نیا لفظ اخذ کیا گیا ہے۔ لہٰذا صَلُو کی جڑ سے بہت سی صورتوں کے اُلجھنے میں، و[واؤ] کا حرف بدلنے کے نتیجے میں" ی " میں بدل جاتا ہے اور اس طرح نئے بننے والے الفاظ بنتے دکھائی دیتے ہیں۔

ایسی صورت میں قرآن کے پیغام کو درست طریقے سے سمجھنے کے لیے سب سے پہلے یہ ہے کہ یہ لفظ ان جڑوں کے معانی پر نظر ڈالیں جن سے یہ لفظ نکلا ہے۔ لہٰذا، ہم نے

اپنے تجزیے کا آغاز صَلیٰ اور صَلَوۃُ الصَّلوۃ کے الفاظ کی جڑوں سے کیا ہے جن سے لفظ الصّلوۃ نکلا ہے۔

